Dogar's Testmaster
Latest & Up-to-Date

SUKKUR IBA TESTING SERVICE (STS)

سکول ایجوکیشن اور لیٹریسی ڈیپارٹمنٹ سے اعلان کردہ نئی پالیسی کے عین مطابق

نمایاں خصوصیات:

- سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ سلیبس کے مطابق
- حل شدہ پرچہ جات سے رہنمائی
- ہر قسم کے سوالات کو حل کرنے کا ٹھوس طریقہ
- جوابات کے ساتھ تفصیلی وضاحتیں

Dogar's Testmaster
Latest & Up-to-Date

SUKKUR IBA TESTING SERVICE (STS)

CONTENTS

نوٹ۔ کتاب میں دیا گیا مواد ٹیکسٹ بک بورڈ کی کتابوں سے تیار کیا گیا ہے۔ اگر ٹیکسٹ بک بورڈ کی کتابوں میں کسی قسم کی غلطی یا تضاد موجود ہو اس کے لیے ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

اُردو

(پی ایس ٹی کے لیے)

حصہ نظم / شاعری

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا — اِک بندہ نافرماں ہے حمد سرا تیرا
گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیوں کر ادا تیرا
محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا
چھپتا نہیں نظروں میں یا خلعتِ سلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ حمد سرا کون سا بندہ ہے:
(ا) **نافرمان** (ب) فرماں بردار
(ج) اطاعت گزار (د) وفا شعار

2۔ مقدم کا متضاد ہے:
(ا) متصادم (ب) **موخّر**
(ج) محرم (د) نامحرم

3۔ کملی میں کون مگن رہتا ہے:
(ا) محرم (ب) نامحرم
(ج) **گدا** (د) بندۂ نافرمان

4۔ حمد سے مراد کون سی نظم ہے
(ا) جس میں تابعی رحمۃ اللہ علیہ کی تعریف ہو (ب) جس میں صحابہ رضی اللہ عنہم کی تعریف ہو
(ج) جس میں نبی خاتم النبیین ﷺ کی تعریف
(د) **ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف ہو**

5۔ ان اشعار کی ردیف ہے:
(ا) **تیرا** (ب) ادا
(ج) قبضہ (د) بھید

☆☆☆☆☆☆

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمھی ﷺ تو ہو
ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دنیا تمھی ﷺ تو ہو

پھوٹا جو سینۂ شبِ تارِ الست سے
اس نورِ اولیں کا اُجالا تمھی ﷺ تو ہو

سب کچھ تمھارے ﷺ واسطے پیدا کیا گیا
سب غایتوں کی غایتِ اولیٰ تمھی ﷺ تو ہو

جلتے ہیں جبرئیل کے پر جس مقام پر
اس کی حقیقتوں کے شناسا تمھی ﷺ تو ہو

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ کس کے پر جلتے تھے؟
(ا) **جبرائیل علیہ السلام**
(ب) اسرافیل علیہ السلام
(ج) عزرائیل علیہ السلام
(د) اسرافیل علیہ السلام

2۔ کس تمنا سے دل زندہ ہے:
(ا) اللہ تعالیٰ
(ب) **حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ**
(ج) صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم
(د) اولیا رحمۃ اللہ علیہم

3۔ سب کچھ پیدا کیا گیا:
(ا) آدم علیہ السلام کے لیے
(ب) انبیا علیہم السلام کے لیے
(ج) **رسول پاک خاتم النبیین ﷺ کے لیے**
(د) لوگوں کے لیے

4۔ شاعر نے اولین کہا ہے:
(ا) ابراہیم علیہ السلام
(ب) جبرائیل علیہ السلام
(ج) آدم علیہ السلام کو
(د) **رسول اکرم خاتم النبیین ﷺ**

5۔ نعت نظم ہوتی ہے:
(ا) **رسول کریم خاتم النبیین ﷺ کی تعریف**
(ب) صحابہ رضی اللہ عنہم کی تعریف
(ج) اللہ تعالیٰ کی تعریف
(د) اولیا رحمۃ اللہ علیہم کی تعریف

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

اُخوت ہو آپس میں یوں استوار — کہ اک دوسرے پر کریں جاں نثار
کریں کام وہ برملا قوم کا — نظر آئے جس میں بھلا قوم کا
نظر ہو نہ ذاتی مفادات پر — بھروسا ہو اللہ کی ذات پر
اُخوت ہو ہم میں مُساوات ہو — تو دنیا میں پھر اپنی کیا بات ہو

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ ہم آواز الفاظ ہیں:

(ا) **استوار، جاں نثار** — (ب) اخوت، قوم
(ج) مفادات۔ بھروسا — (د) آپس، استوار

2۔ ہماری نظر نہ ہو:

(ا) ذاتی مال پر — (ب) **ذاتی مفادات پر**
(ج) ذاتی مفادات پر — (د) ذاتی فعل پر

3۔ قوم کی بھلائی کے لیے کام کرنا چاہیے:

(ا) بے شک — (ب) برحق
(ج) **برملا** — (د) بے لوث

4۔ اخوت کس زبان کا لفظ ہے:

(ا) اردو — (ب) فارسی
(ج) ترکی — (د) **عربی**

5۔ بھروسا ہونا چاہیے:

(ا) **اللہ کی ذات پر** — (ب) دوستوں پر
(ج) رشتہ داروں پر — (د) ہمسایوں پر

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

اب آیا تھا دھرتی پہ رونے رلانے ۔۔۔۔ میں رویا تو دنیا لگی مسکرانے
یہ کیا راز ہے، ہائے! یہ کون جانے

مرے آنسوؤں سے زمیں ڈھل چکی ہے ۔۔۔۔ مری زندگی اس طرح گھل چکی ہے
مگر ایک گتھی تو اب کھل چکی ہے

یہ سب نالے دریاؤں میں جا گریں گے ۔۔۔۔ یہ دریا سمندر میں جا کر ملیں گے
سمندر سے مل کر مرے دن پھریں گے

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1- بادل کے رونے سے دنیا مسکراتی ہے اِس کا مطلب ہے:

(ا) **<u>بارش</u>** ۔۔۔ (ب) طوفان
(ج) گرج چمک ۔۔۔ (د) بجلی کوندنا

2- زمین کس کے آنسوؤں سے ڈھل گئی ہے:

(ا) ہواؤں کے ۔۔۔ (ب) **<u>بادلوں کے</u>**
(ج) سمندروں کے ۔۔۔ (د) لوگوں کے

3- نالے کہاں گرتے ہیں؟

(ا) آبشاروں سے ۔۔۔ (ب) ندیوں میں
(ج) **<u>دریاؤں میں</u>** ۔۔۔ (د) پہاڑوں سے

4- دریا گرتے ہیں:

(ا) ملکوں میں ۔۔۔ (ب) براعظموں میں
(ج) نہروں میں ۔۔۔ (د) ✓ سمندروں میں

5- نظم "بادل کا گیت" کی ساخت ہے:

(ا) **<u>مثلث</u>** ۔۔۔ (ب) رباعی
(ج) مخمس ۔۔۔ (د) مسدس

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

اپنے عمل کی ضو سے اپنے گھر کو روشن رکھیں گے
جان کی قیمت پر بھی قائم پیار کے بندھن رکھیں گے

گھر کو روشن رکھیں گے

پیار کے بندھن رکھیں گے

ہم ہر دور میں روئے وطن پر پھول سجانے والے ہیں
بستی بستی علم و عمل کے دیپ جلانے والے ہیں

پھول سجانے والے ہیں

دیپ جلانے والے ہیں

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

-1 اپنے عمل کی ضو سے رکھیں گے؟

(ا) **گھر کو روشن**
(ب) محلے کو روشن
(ج) شہر کو روشن
(د) ملک کو

-2 ہم روئے زمین پر

(ا) ستارے سجانے والے
(ب) **پھول سجانے والے ہیں**
(ج) چاند سجانے والے
(د) جھنڈیاں سجانے والے

-3 علم کے دیپ جلانے سے مراد

(ا) فروغِ فن ہے
(ب) فروغِ ثقافت
(ج) **فروغِ علم ہے**
(د) فروغِ آرٹ ہے

-4 ہم آواز الفاظ میں

(ا) عمل۔ جان
(ب) گھر۔ قائم
(ج) علم۔ عمل
(د) **روشن۔ بندھن**

-5 ان اشعار کے خالق ہیں:

(ا) **شررؔ نعمانی**
(ب) حالیؔ
(ج) میرؔ
(د) آتشؔ

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

عمر کے بوجھ سے جو لوگ دبے جاتے ہیں — ناتوانی سے جو ہر روز جھکے جاتے ہیں
اُن ضعیفوں کے سہارے کو عصا بن جاؤں
دور منزل سے اگر راہ میں تھک جائے کوئی — جب مسافر کہیں رستے سے بھٹک جائے کوئی
خضر کا کام کروں، راہ نما بن جاؤں

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ ان ضعیفوں کے سہارے کو
(ا) **عصا بن جاؤں** — (ب) دعا بن جاؤں
(ج) وفا بن جاؤں — (د) جزا بن جاؤں

2۔ خضر کا کام ہے:
(ا) سہارا بننا — (ب) **بھٹکے ہوؤں کا راستہ دکھانا**
(ج) غریبوں کی مدد کرنا — (د) علاج کرنا

3۔ اِس نظم کا شاعر ہے:
(ا) اقبالؔ — (ب) حالیؔ
(ج) **حامد اللہ افسر** — (د) اسمٰعیل میرٹھی

4۔ شاعر اِس نظم میں سہارا بننا چاہتا ہے:
(ا) غریبوں کا — (ب) اندھوں کا
(ج) بیماروں کا — (د) **ضعیفوں کا**

5۔ ناتوانی کا متضاد ہے:
(ا) **توانائی** — (ب) مایوسی
(ج) کمزوری — (د) غریبی

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

خرید اجاڑوں میں نیلام سے پرانا کوٹ
بنا ہے کوٹ یہ نیلام کی دکاں کے لیے
بڑا بزرگ ہے یہ آزمودہ کار ہے یہ
پرانی وضع کا بے حد عجیب جامہ ہے

جو پھٹ کے چل نہ سکے، یہ نہیں ہے ایسا نوٹ
"صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے"
کسی مرے ہوئے گورے کی یادگار ہے یہ
پہن چکا اسے خود "واسکوڈی گاما" ہے

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ "پہن چکا ہے اسے خود واسکوڈی گاما ہے" مصرع میں:
(ا) **تلمیح ہے** (ب) تشبیہ ہے
(ج) استعارہ ہے (د) کنایہ

2۔ آزمودہ کار سے مراد ہے:
(ا) قیمتی کار (ب) **تجربہ کار**
(ج) کار آمد (د) پرانی کار

3۔ کوٹ مرے ہوئے کی یادگار ہے:
(ا) افغانی (ب) امریکی
(ج) **گورے کی** (د) ہندوستانی

4۔ پرانا کوٹ کب خریدا:
(ا) خزاں میں (ب) بہار میں
(ج) برسات (د) **جاڑوں میں**

5۔ صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لیے یہ مصرعہ ہے:
(ا) **غالبؔ** (ب) میر
(ج) حالی (د) اقبال

☆☆☆☆☆☆☆

حصہ نثر

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

نبی کریم ﷺ کی ذات مبارکہ حسنِ اخلاق کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ آپ ﷺ نے کبھی کسی کا دل نہیں دکھایا اور کسی کی مدد کرنے میں کبھی کافر و مشرک اور مسلمان میں امتیاز نہ برتا۔ آپ ﷺ نے ہر ایک کی مدد فرمائی۔ آپ ﷺ احترام انسانیت کا پیکر عظیم ہیں۔ شہر طائف میں جب آپ ﷺ تبلیغ اسلام کے لیے حضرت زید بن حارثہ کے ہم راہ تشریف لے گئے تو طائف کے سرداروں نے شہر کے آوارہ لڑکوں کو آپ ﷺ کے پیچھے لگا دیا، جنھوں نے پتھروں کی بارش کر کے آپ ﷺ کو لہولہان کر دیا۔ آپ ﷺ رحمتِ عالم ہیں، لہٰذا آپ ﷺ نے احترام انسانیت کی عظیم مثال قائم کرتے ہوئے انھیں معاف کر دیا۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ طائف میں آپ خاتم النبیین ﷺ کے ہمراہ تھے:

(ا) **حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ**
(ب) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(ج) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(د) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

2۔ شہر طائف کہاں واقع ہے:

(ا) ایران میں
(ب) **سعودی عرب میں**
(ج) ترکی
(د) مصر میں

3۔ کافر و مشرک ترکیب ہے:

(ا) مرکب عددی
(ب) مرکب توصیفی
(ج) **مرکب عطفی**
(د) اسم اشارہ

4۔ طائف کے آوارہ لڑکوں نے بارش کر دی:

(ا) آگ کی
(ب) بارود کی
(ج) کانٹوں کی
(د) **پتھروں کی**

5۔ دِل دکھانا کا معنی ہے:

(ا) **تکلیف دینا**
(ب) دِل باغ باغ ہونا
(ج) دِل پسند ہونا
(د) دِل دادہ ہونا

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

کربلا کے غم زدوں کا یہ قافلہ جب یزید کے دربار میں پہنچا تو حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یزید کے سامنے جو تقریر فرمائی وہ آپ کی جرات و بے باکی، دانائی اور تدبر کی اعلیٰ مثال ہے۔ یہ تقریر جچے تلے الفاظ، مضبوط دلائل اور پُر وقار انداز کا اعلیٰ نمونہ ہے جو تاریخ کے اوراق میں محفوظ ہے۔ یہ وقت وہ تھا جب ان کا دل اپنے حق گو بھائی کی شہادت، اپنے پیارے بچوں کی جدائی اور خاندان کی تباہی کے صدمے سے چور چور تھا۔ شدید بے بسی کا عالم تھا۔ چاروں طرف دشمنوں کا گھیرا تھا۔ آپ کو یہ بھی علم تھا کہ یہ سنگ دل لوگ ان کے ساتھ اور یتیم بچوں کے ساتھ کیا سلوک کریں گے۔ ایسے نازک اور پر خطر وقت میں ثابت قدمی کا ثبوت دینا اور جابر حاکم کے سامنے کلمہ حق کہنا کوئی آسان بات نہ تھی، مگر حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ثابت کر دیا کہ مومن مرد ہو یا خاتون، اسے اللہ کے سوا کسی کا خوف نہیں ہوتا اور اس کی زبان سے کلمہ حق کے سوا کچھ نہیں نکل سکتا۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جرات سے تقریر فائی:

(ا) **یزید کے دربار میں** (ب) مدینے میں

(ج) مکے میں (د) طائف میں

2۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زندگی سے ہمیں سبق ملتا ہے:

(ا) جرأت و بے باکی (ب) دانائی و تدبر

(ج) ہمت و حوصلہ (د) **تمام**

3۔ اوراق کا واحد ہے:

(ا) وراق (ب) **ورق**

(ج) ورقہ (د) وریق

4۔ کربلا کے غم زدوں کا قافلہ کہاں پہنچا؟

(ا) صحرا میں (ب) نخلستان میں

(ج) **یزید کے دربار میں** (د) کربلا میں

5۔ جرأت و بے باکی گرائمر کی رو سے

(ا) **مرکب عطفی** (ب) اسم معرفہ

(ج) تشبیہ (د) محاورہ

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں ایسی بہت سی ایجادات ہیں کہ انسان حیران رہ جاتا ہے۔ ٹیلی فون 1876ء میں الیگزینڈر گراہم بیل نے ایجاد کیا، جو ابتدا میں کم فاصلے تک بات کرنے کے لیے استعمال ہوتا تھا لیکن بعد میں ملکوں اور براعظموں کے درمیان بات کرنے کا ذریعہ ہو گیا۔ اس طرح یہ تیز ترین پیغام رسانی کا وسیلہ قرار پایا۔ اس کی جدید شکل موبائل فون ہے۔ موبائل کی ایجاد نے انسانی زندگی کو آسان تر بنا دیا ہے۔ اس کی مدد سے بل جمع کرا سکتے ہیں، بینک سے پیسے ٹرانسفر کرا سکتے ہیں۔ نیز انٹرنیٹ استعمال کر سکتے ہیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ ٹیلی فون ایجاد ہوا:

(ا) **1876ء** (ب) 1976ء

(ج) 1776ء (د) 1676ء

2۔ ٹیلی فون ایجاد کیا:

(ا) مارکونی نے (ب) **گراہم بیل نے**

(ج) ایڈیسن نے (د) نیل آرم سٹرانگ نے

3۔ تیز ترین پیغام رسانی کا وسیلہ ہے:

(ا) ٹیلی گرام (ب) ریڈیو

(ج) **ٹیلی فون** (د) ٹیلی ویژن

4۔ انسانی زندگی کو آسان بنا دیا ہے:

(ا) واشنگ مشین نے (ب) کیمرے نے

(ج) بائیک نے (د) **موبائل نے**

5۔ موبائل فون جدید شکل ہے:

(ا) **ٹیلی فون کی** (ب) ٹیلی گرام کی

(ج) فیکس کی (د) وائرلیس کی

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

جب تک عالمِ اسلام متحد تھا اور اُس میں عالم گیر اُخوت موجود تھی مسلمان زمانے میں معزز تھے۔ اسلام کا ظہور ہوا تو اُس کی آواز نہ صرف صحرائے افریقہ میں بلند ہوئی بل کہ دیوارِ چین سے بھی صدائے لا الٰہ الا اللہ کی بازگشت گونجی۔ مسلمانوں کے اتحاد اور ملی وحدت نے ساری دنیا کا نقشہ بدل کر رکھ دیا تھا۔ مگر، جب ملت اسلامیہ انتشار کا شکار ہوئی تو غیر مسلم قوتوں نے سازش کر کے مسلمانوں کو جدا جدا اور کمزور کر دیا۔ پہلی عالمی جنگ میں مسلمانوں کی فوجی، معاشی اور سیاسی طاقت کو بری طرح نقصان پہنچا۔ ترکی میں مسلمانوں کی خلافت کا خاتمہ کر دیا گیا۔ اتحاد ملی کا نعرہ لگانے والے مسلمانوں میں برِ صغیر سے مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی، علامہ اقبال، مولانا عبید اللہ سندھی اور جمال الدین افغانی اور مراکش سے ایف عبدالکریم وغیرہ شامل تھے۔ 1967ء میں مسلمانوں کے قبلہ اول مسجد اقصیٰ کو یہودیوں نے آگ لگادی۔ غیر مسلم قوتوں نے عراق کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ غرض مسلمانوں کی نااتفاقی کا غیر مسلم قوتوں نے بھرپور فائدہ اُٹھایا اور مسلمانوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ ڈالے۔ ان واقعات سے مسلمانوں کی تکلیف پہنچی لیکن انھی واقعات نے عالم اسلام کے مسلمانوں کو دوبارہ متحدہ قوت بننے کے لیے بھی کسی قدر آمادہ کیا اور مختلف مسلم ممالک میں مسلمانوں کو متحد کرنے کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ مسلمانوں کے قبلۂ اول مسجد اقصیٰ کو آگ لگائی گئی:

(ا) **1967ء** (ب) 1968ء
(ج) 1969ء (د) 1970ء

2۔ مسلمانوں کے قبلۂ اول مسجد اقصیٰ کو آگ لگائی:

(ا) عیسائیوں نے (ب) **یہودیوں نے**
(ج) کافروں نے (د) مشرکوں نے

3۔ اتحادِ ملی کا نعرہ لگانے والوں میں ایف عبدالکریم شامل تھے:

(ا) افغانستان سے (ب) ایران سے
(ج) **مراکش سے** (د) ترکی سے

4۔ صدائے لا الٰہ الا اللہ کی بازگشت گونجی:

(ا) نخلستان سے (ب) صحرائے تھر سے
(ج) صحرائے گوبی سے (د) **دیوار چین سے**

5۔ "اینٹ سے اینٹ بجادینا" کا مطلب ہے:

(ا) **تباہ و برباد کر دینا** (ب) اینٹوں کا ڈھیر لگانا
(ج) اینٹوں کو پکانا (د) اینٹیں بنانا

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

حکیم محمد سعید شہید ایک طرف بچوں کی علم اور اخلاق سے آراستہ کرنے کے لیے نئی نئی راہیں سوچتے اور ان پر عمل کرتے تو دوسری طرف وہ نوجوانوں کی معیاری تعلیم کے لیے بھی فکر مند رہتے۔ چناں چہ انھوں نے نہ صرف اپنے وسائل سے علم و ثقافت کا ایک بہت بڑا علمی ادارہ "مدینۃ الحکمت" قائم کیا اور اس میں اعلیٰ درجے کی "ہمدرد یونیورسٹی" بھی قائم کی۔ اس یونیورسٹی میں میڈیکل کی قدیم اور جدید تعلیم کے الگ الگ کالج ہیں۔ جہاں تعلیم پا کر حکیم اور ڈاکٹر پورے ملک کی خدمت کرتے ہیں ان کے علاوہ ہمدرد یونی ورسٹی میں علوم انصرام (بندوبست کرنا) انفارمیشن ٹیکنالوجی وغیرہ کی بہترین تعلیم دی جاتی ہے۔ یہی نہیں بل کہ خدمت خلق کے اور بھی بہت سے کام اسی ہمدرد فاؤنڈیشن ادارے کے تحت ہوتے ہیں جو حکیم محمد سعید نے 1964ء میں قائم کیا تھا۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1- ہمدرد فاؤنڈیشن کی بنیاد کب رکھی؟

(ا) **1964ء** (ب) 1965ء
(ج) 1966ء (د) 1967ء

2- مدینۃ الحکمت ادارہ ہے:

(ا) فن تعمیر کا (ب) **علم و ثقافت کا**
(ج) آرٹ کا (د) نقاشی کا

3- حکیم سعید نے اعلیٰ درجے کی یونی ورسٹی قائم کی:

(ا) مدینۃ الحکمت (ب) فاؤنڈیشن
(ج) **ہمدرد** (د) میڈیکل کالج

4- "قدیم" کا متضاد ہے:

(ا) قائم (ب) تعلیم
(ج) انصرام (د) **جدید**

5- انصرام کا معنی ہے:

(ا) **انتظام** (ب) قیام
(ج) نقش (د) سنگ تراشی

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

پاکستان جغرافیائی طور پر سمندری، ریگستانی، پہاڑی اور میدانی علاقوں میں منقسم ہے۔ ہر علاقہ اسی نسبت سے موسموں کی شدت کے اثر میں رہتا ہے۔ جیسے گوادر، کراچی، ٹھٹھہ اور بدین کے علاقے گرم اور مرطوب ہیں۔ میدانی علاقوں میں زیریں سندھ، بالائی سندھ اور پنجاب کے بیش تر علاقے شامل ہیں۔ یہاں کی آب وہوا خشک اور غیر مرطوب ہوتی ہے۔ ریگستانی علاقوں میں بلوچستان کے بیش تر علاقوں کے ساتھ تھر اور پنجاب کا تھل کا علاقہ بھی شامل ہے۔ یہاں کی فضا گرم اور مسموم ہوتی ہے۔ پہاڑی علاقوں میں سندھ، بلوچستان، پنجاب، خیبر پختون خوا کے ساتھ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے علاقے ہیں۔ یہ علاقے پورا سال سردی کی لپیٹ میں رہتے ہیں۔ سردی کے موسم میں یہاں سخت سردی اور شدید برف باری ہوتی ہے، جس کی وجہ سے زندگی مفلوج ہو کر رہ جاتی ہے۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ پاکستان جغرافیائی طور پر کتنے علاقوں میں منقسم ہے؟

(ا) **چار**　(ب) تین
(ج) دو　(د) پانچ

2۔ گوادر۔ کراچی، ٹھٹھہ اور بدین کے علاقے ہیں

(ا) مرطوب　(ب) **گرم اور مرطوب**
(ج) یخ بستہ　(د) خشک

3۔ زیریں سندھ۔ بالائی سندھ اور پنجاب کے علاقے شامل ہیں:

(ا) ڈھلوانی　(ب) پہاڑی
(ج) **میدانی**　(د) ساحلی

4۔ فضا مسموم ہوتی ہے:

(ا) برفانی علاقے میں　(ب) ساحلی علاقے میں
(ج) میدانی علاقے میں　(د) **ریگستانی علاقے میں**

5۔ شدید سردی میں زندگی مفلوج ہو جاتی ہے:

(ا) **پہاڑی علاقوں میں**　(ب) میدانوں میں
(ج) ساحل پر　(د) ریگستان میں

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

پاس رکھی ہوئی کرسی پر بیٹھتے ہوئے نوید نے کہنا شروع کیا یہ کسی ایک سائنس دان کا کارنامہ نہیں ہے بل کہ بہت سارے سائنس دانوں کی کاوشوں سے بجلی اس شکل مین ہمارے سامنے آئی ہے۔ کھڑکی سے باہر دیکھو، آسمان بادلوں سے ڈھکا ہوا ہے اور گرج چمک بھی ہے۔ انسان یہ مشاہدہ صدیوں سے کرتا آرہا ہے، لیکن ابتدائی طور پر تھیلز آف ملی ٹس نے بادلوں میں بجلی کی توانائی کا انکشاف کیا تھا۔ برق سکونی اُسی کی دریافت ہے۔ 1700ء میں الیکٹری سٹی کا لفظ وجود میں آیا جو سائنس دان ولیم گلبرٹ نے لاطینی زبان "الیکٹراس" سے لیا تھا۔ اس طرح پہلے پہل برقِ سکونی کی دریافت ہوئی تھی۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1- نوید نے بیٹھتے ہوئے کہا:

(ا) **کرسی پر** (ب) زمین پر

(ج) میز (د) چٹائی پر

2- الیکٹری سٹی کا لفظ وجود میں آیا:

(ا) 1600ء میں (ب) **1700ء میں**

(ج) 1800ء میں (د) 1900ء میں

3- تھیلز آف ملی ٹس نے دریافت کی:

(ا) روشنی (ب) حرارت

(ج) **برق سکونی** (د) قوانین حرکت

4- الیکٹری سٹی کا لفظ کس زبان سے لیا گیا:

(ا) یونانی (ب) انگریزی

(ج) فرانسیسی (د) **لاطینی**

5- ولیم گلبرٹ نے الیکٹری سٹی لفظ اخذ کیا:

(ا) **الیکٹراس سے** (ب) برق سکونی سے

(ج) چارج سے (د) الیکٹران سے

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

پہلے ارفع کریم کے بارے میں بتاتا ہوں کہ ان کا پورا نام ارفع عبدالکریم رندھاوا ہے۔ یہ فیصل آباد میں پیدا ہوئیں، لاہور گرامر اسکول سے تعلیم حاصل کی۔ انھیں صرف نو برس کی عمر میں دنیا کی کم عمر ترین آئی ٹی ماہر ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ اسی لیے ان کے نام کے ساتھ MCP یعنی (Microsoft Certified Professional) تحریر کیا جاتا ہے۔ انھوں نے عالمی TECH ایجوکیشن ڈویلپرز کانفرنس کے علاوہ کئی آئی ٹی پروفیشنل کانفرنسوں میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ انھیں پاکستان کی اعلیٰ ترین سول اعزاز یعنی صدارتی تمغائے حسن کارکردگی بھی مل چکا ہے۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ ارفع کریم کہاں پیدا ہوئیں؟

(ا) **<u>فیصل آباد</u>** (ب) ساہیوال
(ج) جہانیاں (د) عارف والا

2۔ ارفع کریم نے تعلیم حاصل کی:

(ا) ایچی سن کالج لاہور (ب) **<u>لاہور گرامر سکول</u>**
(ج) بیت المکرم لاہور (د) گورنمنٹ سکول منصورہ لاہور

3۔ ارفع کریم کو ماہر آئی ٹی کا اعزاز کس عمر میں حاصل ہوا؟

(ا) سات برس (ب) آٹھ برس
(ج) **<u>نو برس</u>** (د) دس برس

4۔ صدارتی تمغائے حسن کارکردگی ہے:

(ا) قومی اعزاز (ب) پولیس اعزاز
(ج) ملٹری اعزاز (د) **<u>اعلیٰ ترین سول اعزاز</u>**

5۔ مائیکروسافٹ سرٹیفکیٹ پروفیشنل کا مخفف ہے

(ا) **<u>MCP</u>** (ب) PCM
(ج) CPM (د) PCM

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

اسی سال پاکستان کی ٹیم پہلی دفعہ اولمپک مقابلوں میں شریک ہوئی، جس میں پاکستان نے چوتھی پوزیشن حاصل کی، جو اگلے اولمپکس میں بھی برقرار رہی۔ 1956ء میں پہلی دفعہ پاکستان کو فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل ہوا اور اس میں پاکستان نے چاندی کا تمغا حاصل کیا۔ 9 ستمبر 1960ء کو پاکستان کی ہاکی ٹیم اولمپکس چیمپیئن بن گئی۔ پاکستان کی ہاکی ٹیم کی قسمت میں شان دار کامیابی اولمپکس مقابلوں میں سونے کے تمغے کی صورت میں 1968ء میں لکھی گئی۔ اسی طرح کھیلتے کھیلتے جون 2016ء کے اعلان کے مطابق پاکستان ہاکی ٹیم انٹرنیشنل ہاکی فیڈریشن (International Hockey Federation) میں ٹاپ 25 کی فہرست میں دسویں نمبر پر پہنچ چکی ہے۔ اب تک 74 ممالک انٹرنیشنل ہاکی فیڈریشن کے ممبر بن چکے ہیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1- انٹرنیشنل ہاکی فیڈریشن کے ممبرز کی تعداد ہے:

(ا) **74** (ب) 75
(ج) 76 (د) 77

2- پاکستان ہاکی ٹیم کو پہلی دفعہ فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل ہوا۔

(ا) 1947ء (ب) **1948ء**
(ج) 1949ء (د) 1950ء

3- جون 2016ء کے اعلان کے مطابق پاکستان ہاکی ٹیم کا نمبر ہے:

(ا) دوسرا (ب) تیسرا
(ج) **دسواں** (د) پانچواں

4- پاکستان نے چاندی کا تمغا حاصل کیا:

(ا) 1959ء (ب) 1958ء
(ج) 1957ء (د) **1956ء**

5- پاکستان کی ہاکی ٹیم اولمپک چیمپئن بنی۔

(ا) **1960ء** (ب) 1961ء
(ج) 1962ء (د) 1963ء

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

1957ء میں پاکستان گرل گائیڈز کی لاہور میں ریلی منعقد ہوئی جس میں تقریباً ایک ہزار گائیڈز نے حصہ لیا۔ 12 فروری 1961ء کو لاہور میں بین الاقوامی سطح پر ایک اور ریلی نکلی جس میں ملکہ الزبتھ اور محترمہ فاطمہ جناح نے شرکت کی اور خطاب کیا۔ عالمی سطح پر اس تنظیم کے پانچ بڑے مراکز سوئزرلینڈ، برطانیہ، میکسیکو، ہندوستان اور افریقہ میں قائم ہیں یہ تمام مراکز دولتِ مشترکہ (Common Wealth) کے مرکزی دفتر کے تحت فرائض انجام دیتے ہیں۔ پاکستان میں اس کا ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں ہے اور اس کے صوبائی دفاتر مختلف شہروں میں قائم ہیں۔ اس تنظیم کا مقصد لڑکیوں کی ایسی تربیت کرنا ہے کہ وہ انسانیت کی خدمت کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف فنون اور دستکاری میں مہارت پیدا کر کے روزگار حاصل کر سکیں اور وطن عزیز کی بہترین شہری بن سکیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1- پاکستان میں گرل گائیڈز کی ریلی منعقد ہوئی:

(ا) **1957ء** (ب) 1958ء

(ج) 1959ء (د) 1960ء

2- پاکستان میں گرل گائیڈز کی ریلی کس شہر میں منعقد ہوئی؟

(ا) کراچی (ب) **لاہور**

(ج) پشاور (د) کوئٹہ

3- پہلی ریلی میں کتنی گائیڈز شامل ہوئیں:

(ا) چار ہزار (ب) تین ہزار

(ج) **ایک ہزار** (د) دو ہزار

- گرل گائیڈز کی بین الاقوامی سطح کی ریلی ہوئی:

(ا) 1958 (ب) 1959

(ج) 1960 (د) **1961**

عالمی سطح پر گرل گائیڈز تنظیم کے مراکز ہیں:

(ا) **پانچ** (ب) چھ

(ج) سات (د) آٹھ

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

حیاتیات کے میدان میں ہونے والی نت نئی ایجادات نے ادویات، طب، زراعت، دندان سازی، حیوانی علاج، باغ بانی وغیرہ میں بہت زیادہ سہولتیں فراہم کیں۔ ایسے امراض جن کی وجہ سے انسان مر جاتے تھے، حیاتیات کی بدولت ان کا علاج ممکن ہوا۔ چیچک، خسرہ، پولیو، ٹائی فائیڈ، کالی کھانسی، تشنج وغیرہ کی ویکسین بھی تیار کی گئیں۔ ایک طرف طب کے میدان میں اعضا کا متبادل موجود ہے، جراحت کے نت نئے طریقے دریافت ہو رہے ہیں تو دوسری طرف غذا کو مہینوں تک تازہ رکھ کر محفوظ کر سکتے ہیں۔ غرض کہ نئی نئی تحقیقات کے باعث کم زمین سے زیادہ پیداوار حاصل کی جا رہی ہے اور نئی نئی کھادوں کے ذریعے فصلوں کو کیڑوں سے محفوظ رکھا جا رہا ہے۔ اسی طرح گرین ہاؤس کی بہ دولت ہر موسم میں کاشت کی جا رہی ہے۔ حیاتیات ہماری زندگی میں روزمرہ کے متعدد مسائل حل کرنے میں مدد کر رہی ہے اور نئے نئے مواقع پیدا کر رہی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ماہرین حیاتیات کو حکومت ممکنہ وسائل فراہم کرتا تاکہ وہ اپنا کام آگے بڑھا سکیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ **ایجادات کا واحد ہے:**

(ا) **<u>ایجاد</u>** (ب) ایجادوں
(ج) ایجادی (د) تمام درست

2۔ **حیاتیات کا معنی ہے:**

(ا) جانوروں کا مطالعہ (ب) **<u>زندگی کا مطالعہ</u>**
(ج) پودوں کا مطالعہ (د) سب کا مطالعہ

3۔ **اعضا کا متبادل موجود ہے:**

(ا) ڈاکٹری میں (ب) اسپتال میں
(ج) **<u>طب میں</u>** (د) لیبارٹری میں

4۔ **فصلوں کو محفوظ کیا جا رہا ہے:**

(ا) نئی نئی کھادوں کے ذریعے (ب) ادویات کے ذریعے
(ج) گرین ہاؤس کے ذریعے (د) **<u>تمام درست</u>**

5۔ **ایسے امراض جن سے انسان مر جاتے ہیں علاج ممکن ہے:**

(ا) **<u>حیاتیات کے ذریعے</u>** (ب) کیمسٹری کے ذریعے
(ج) فزکس کے ذریعے (د) تمام درست

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

ہمارے وطن عزیز میں ایسی ہی ایک ہستی کا نام عبدالستار ایدھی ہے۔ عبدالستار ایدھی 1928ء میں ہندوستان کی ریاست گجرات کے ایک گاؤں بانٹوا میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد گرامی عبدالشکور ایدھی کپڑے کا معمولی سا کاروبار کرتے تھے۔ غربت کی وجہ سے وہ اپنے فرزند کو ابتدائی تعلیم سے زیادہ نہ پڑھا سکے۔ مشہور کہاوت ہے کہ پوت کے پاؤں پالنے ہی میں معلوم ہوتے ہیں۔ عبدالستار ایدھی کو بچپن میں دو پیسے جیب خرچ کے لیے ملتے تھے۔ وہ ایک پیسا خود خرچ کرتے اور ایک پیسا کسی ضرورت مند کو دے دیتے تھے۔ کم سنی میں والد صاحب سے کچھ پیسے لے کر تولیے، پینسلیں اور ماچس دُکان دار سے لاتے اور بازار میں فروخت کرتے۔ کبھی گلے میں خوانچہ لٹکا کر پان بیچتے تو کبھی گھر گھر جا کر دودھ فروخت کرتے۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ عبدالستار ایدھی کی زندگی سے سبق ملتا ہے کہ ہم ضرورت مندوں کی

(ا) **مدد کریں** (ب) کہانیاں پڑھیں
(ج) باتیں سنیں (د) مشکلیں بتائیں

2۔ عبدالستار ایدھی پیدا ہوئے:

(ا) 1927ء (ب) **1928ء**
(ج) 1929ء (د) 1930ء

3۔ عبدالستار ایدھی کے والد کا نام تھا:

(ا) عبدالرحمان (ب) عبدالحلیم
(ج) **عبدالشکور** (د) عبدالعلیم

"پوت کے پاؤں پالنے ہی میں معلوم ہوتے ہیں":

(ا) روزمرہ (ب) محاورہ
(ج) استعارہ (د) **کہاوت**

عبدالستار ایدھی کو بچپن میں جیب خرچ ملتا تھا:

(ا) **دو پیسے** (ب) تین پیسے
(ج) چار پیسے (د) پانچ پیسے

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

اُردو میں ایسا ولولہ انگیز ادب بھی موجود ہے جو مختلف موقعوں پر لوگوں میں شعور اور جوش و خروش پیدا کرنے کا باعث بنتا ہے۔ مثلاً: تحریک پاکستان کے حوالے سے ایسا بہت سا ادب اُردو میں تخلیق ہوا جس سے مسلمان قوم میں سیاسی سماجی، ادبی اور تہذیبی شعور پیدا ہوا۔ ہمارے ادیبوں اور شاعروں نے اپنی تحریروں کے ذریعے آزادی کی جدوجہد میں ایک نئی روح پھونکی، جن ادیبوں اور شاعروں نے اپنے زورِ قلم سے لوگوں میں قومی تشخص اور آزادی کا جذبہ پروان چڑھایا اُن میں مولانا الطاف حسین حالیؔ، سر سید احمد خان، ڈپٹی نذیر احمد، علامہ شبلی نعمانی، جوش ملیح آبادی اور علامہ اقبال سرِ فہرست ہیں 1965ء اور 1971ء کی ہندوستان پاکستان کی جنگوں کے دوران جو قومی نغمے پیش کیے گئے، وہ ہمارے شعری ادب کا عظیم سرمایہ ہیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ اردو میں ادب موجود ہے:

(ا) **<u>ولولہ انگیز</u>** (ب) نشاط انگیز
(ج) مترنم (د) امتزاجی

2۔ ہندوستان اور پاکستان کے مابین جنگ ہوئی:

(ا) 1966ء (ب) **<u>1965ء</u>**
(ج) 1967ء (د) 1968ء

3۔ شعری ادب کا عظیم سرمایہ ہیں:

(ا) غزلیں (ب) نظمیں
(ج) **<u>ملّی نغمے</u>** (د) لوک گیت

4۔ ہمارے قومی شاعر ہیں:

(ا) ڈپٹی نذیر احمد (ب) شبلی نعمانی
(ج) حالیؔ (د) ✓ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ

5۔ مسلمان قوم میں سماجی، ادبی، تہذیبی شعور پیدا ہوا:

(ا) **<u>اردو ادب سے</u>** (ب) ڈراموں سے
(ج) فلموں سے (د) تھیٹر سے

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

کیمیا دو حصوں میں تقسیم ہوتی ہے، نامیاتی کیمیا اور غیر نامیاتی کیمیا۔ کیمیا کے انسانی زندگی پر بہت گہرے اثرات ہیں۔ زندگی کے ہر میدان میں کیمیا پیش پیش ہے۔ کلورین کی دریافت نے ہیضہ، تپ محرقہ (ٹی بی) اور پیچش جیسی خطرناک بیماریوں کو ختم کرنے میں مدد دی۔ ایک طرف زندگی بچانے والی ادویات کیمیا کی مرہون منت ہیں تو دوسری طرف ماحولیاتی تباہی سے بچانے کے لیے کیمیا کا اہم کردار ہے۔ کلورین کیمیائی صنعت میں بہت اہمیت کی حامل ہے۔ پی وی سی پلاسٹک کی مدد سے پائپ بنائے جاتے ہیں، وباکش، رنگ کاٹ، ادویات، صابن، سیمنٹ، آتش گیز مادے بھی انسانی زندگی میں اہمیت کے حامل ہیں۔ عام زندگی میں سوڈیم کلورائیڈ، پوٹاشیم، ایلم، بلیچنگ پاؤڈر، سوڈیم، ہائیڈروجن کاربونیٹ، کیلشیم کاربونیٹ جیسے اہم مرکبات استعمال ہوتے ہیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1- کیمیا تقسیم ہوتی ہے:

(ا) **دو حصوں میں**   (ب) تین حصوں میں

(ج) چار حصوں میں   (د) تقسیم نہیں کر سکتے

- ہیضہ پیچش اور ٹی بی جیسی بیماریوں کو ختم کرنے میں مدد دیتی ہے:

(ا) ہائیڈروجن   (ب) **کلورین**

(ج) فلورین   (د) آکسیجن

کلورین اہمیت کی حامل ہے:

(ا) فیبرکس میں   (ب) وڈوکس میں

(ج) **کیمیائی صنعت میں**   (د) ایٹمی صنعت میں

سوڈیم کلورائیڈ کیا ہے؟

(ا) دھات   (ب) وٹامن

(ج) سٹارچ   (د) **کھانے کا نمک**

زندگی کے ہر میدان میں پیش پیش ہے:

(ا) **کیمیا**   (ب) فزکس

(ج) الجبرا   (د) نباتات

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

پاکستان دنیا کے جس خطے میں واقع ہے۔ اس کے مختلف علاقوں میں مختلف تہذیبوں نے جنم لیا۔ جن کی عمریں سیکڑوں بل کہ ہزاروں سال ہیں۔ پاکستان مختلف تہذیبوں اور ثقافتوں کے ملاپ کا مقام ہے۔ قدیم تہذیبوں میں، وادی سندھ، مہر گڑھ اور گندھارا کی تہذیبیں شامل ہیں۔ پاکستان کی تہذیب و ثقافت پہ ان تہذیبوں کے علاوہ ہندوؤں، عربوں، افغانوں، منگولوں، مغلوں، ترکوں، ایرانیوں اور انگریزوں کی تہذیب و ثقافت کے اثرات بھی نظر آتے ہیں۔ پاکستان ساحل سمندر سے لے کر بے آب و گیاہ ریگستانوں، چٹیل میدانوں، اونچے اونچے پہاڑوں تک جو مخلف جغرافیائی کیفیت اور آب و ہوا لیے ہوئے ہیں۔ انھوں نے پاکستانی تہذیب و ثقافت کو مزید رنگا رنگ اور دلکش بنا دیا ہے۔ اسی لیے پاکستان میں مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک الگ الگ زبانیں، بولیاں، لباس، کھانا پینا، رہن سہن اور طرز تعمیر نظر آتے ہیں۔ آیئے، پاکستان میں پائی جانے مختلف تہذیبوں کے بارے میں پڑھتے ہیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ تہذیبوں اور ثقافتوں کے ملاپ کا مقام ہے:

(ا) **پاکستان** (ب) ایران
(ج) ترکی (د) افغانستان

2۔ وادیٔ سندھ، مہر گڑھ اور گندھارا کی تہذیب ہے:

(ا) جدید (ب) **قدیم**
(ج) قرون وسطیٰ کی (د) خیالی

3۔ بے آب و گیاہ مرکب ہے:

(ا) حروف جار (ب) حروف علت
(ج) **مرکب عطفی** (د) حروف ندائیہ

4۔ قدیم تہذیبوں کی عمر ہے:

(ا) اربوں سال (ب) لاکھوں سال
(ج) سینکڑوں سال (د) **ہزاروں سال**

5۔ پاکستان کی تہذیب و ثقافت پر اثرات نظر آتے ہیں:

(ا) **انگریزوں** (ب) پرتگالیوں
(ج) فرانسیسیوں (د) تمام

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

صوبہ سندھ کی تو بات ہی کیا ہے۔ اس کے زیادہ تر علاقے زرخیز ہیں، اس صوبے کا کچھ حصہ تھر کا ریگستان ہے۔ اس کا بھی اپنا ہی دل کش منظر ہے۔ جب بارش ہوتی ہے تو وہ صحرا نہیں بلکہ گلستان نظر آتا ہے۔ گورکھ ہل اسٹیشن ضلع دادو میں ہے، جہاں گرمی میں بھی سردی لگتی ہے اور اسے صوبہ سندھ کا "مری" کہا جاتا ہے۔ کیوں کہ یہ سطح سمندرر سے تقریباً 5700 فٹ بلند ہے اور کھیر تھر کے پہاڑی سلسلے میں واقع ہے۔ سندھ کا ساحل بدین سے صوبہ بلوچستان کی سرحد تک پھیلا ہوا ہے۔ کراچی کے ساحل پر بین الاقوامی معیار کی دو بندرگاہیں کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم ہیں۔ کیماڑی، کلفٹن، منوڑا اور مزار قائداعظم تفریحی مقامات ہیں۔ ٹھٹھہ میں شاہ جہانی مسجد، مکلی کا قبرستان، کینجھر جھیل اور اس میں موجود نوری جام تماچی کا مزار اہم مقامات ہیں۔ ضلع جام شورو میں دنیا کا طویل ترین قلعہ رنی کوٹ، دادو میں منچھر جھیل، حیدر آباد میں کچا قلعہ، پکا قلعہ، مکھی ہاؤس اور ایشیا کا طویل ترین شاہی بازار، عمرکوٹ میں شہنشاہ اکبر کی جائے پیدائش کی وجہ سے مشہور ہے۔ عمرکوٹ کا قلعہ اور لاڑکانہ شہر سے قریب موئن جو دڑو جیسے اہم مقامات ہیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ صوبہ سندھ کا مری کہلاتا ہے:

(ا) **گورکھ ہل اسٹیشن**   (ب) تھر
(ج) حیدرآباد   (د) ٹھٹھہ

2۔ کراچی کے پاس واقع ہے:

(ا) صحرا   (ب) **ساحل**
(ج) تھر   (د) پہاڑ

3۔ گورکھ ہل اسٹیشن ضلع میں واقع ہے:

(ا) حیدرآباد   (ب) ژوب
(ج) **دادو**   (د) سانگھڑ

4۔ عمرکوٹ جائے پیدائش کے لیے مشہور ہے:

(ا) بابر   (ب) اورنگ زیب عالمگیر
(ج) ہمایوں   (د) **اکبر بادشاہ**

5۔ گورکھ ہل سطح سمندر سے بلند ہے:

(ا) **5700فٹ**   (ب) 5800فٹ
(ج) 5900فٹ   (د) 6000فٹ

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

چناں چہ وہ خاموشی سے درخت پر بیٹھے اُس دیہاتی کو دیکھتے رہے۔ دیہاتی نے جب درخت کے نیچے مسافر کو نہ پایا تو حیران ہو کر چاروں طرف دیکھنے لگا۔ شام کا اندھیرا پھیل چکا تھا۔ اور وتایو فقیر تھے بھی درخت کی بہت اونچی شاخ پر دیہاتی اُنھیں نہ دیکھ سکا اور مایوس ہو کر واپس گاؤں جانے کے لیے پلٹا۔ وتایو فقیر کا تو بھوک کے مارے بُرا حال ہو رہا تھا۔ انھوں نے جب دیہاتی کو واپس جاتے دیکھا تو سوچا کہ اگر یہ واپس چلا گیا تو پھر رات بھر بھوکا رہنا پڑے گا۔ یہ سوچ کر انھوں نے آہستہ سے کھنکارا۔ دیہاتی اُن کی آواز سُن کر پلٹا، اُس نے اوپر دیکھا۔ سوچا کہ شاید مسافر جنگلی جانوروں سے جان بچانے کے لیے درخت پر چڑھ گیا ہے۔ وہ خود بھی درخت پر چڑھا۔ وتایو فقیر کو کھانا دیا اور پھر اپنی راہ لی۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1- دیہاتی واپس جانے کے لیے پلٹا:

(ا) **<u>گھر</u>** (ب) مسجد
(ج) کھیت (د) بازار

2- وتایو فقیر نے دیہاتی کو اپنی طرف متوجہ کیا:

(ا) اشارہ کر کے (ب) **<u>کھانس کر</u>**
(ج) کود کر (د) آواز دے کر

3- درخت پر چڑھ بیٹھا:

(ا) مسافر (ب) دیہاتی
(ج) **<u>دیوتا فقیر</u>** (د) مسافر

4- دیوتا فقیر کا بُرا حال تھا:

(ا) پیاس کے مارے (ب) بیماری کے باعث
(ج) غریبی کے باعث (د) **<u>بھوک کے مارے</u>**

5- مسافر جان بچانے کے لیے درخت پر چڑھ گیا تھا:

(ا) **<u>جنگلی جانوروں سے</u>** (ب) آگ سے
(ج) طوفان سے (د) دشمن سے

گرائمر و قواعد (کثیر الانتخابی سوالات)

(پی ایس ٹی اور جے ای ایس ٹی کے لئے)

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ سفید کا متضاد ہے۔

(ا) سبز (ب) **سیاہ**
(ج) نیلا (د) پیلا

وضاحت: ایسے دو لفظ جو ایک دوسرے کی ضد ہوں متضاد کہلاتے ہیں۔

2۔ خلوت کا مترادف ہے۔

(ا) محبت (ب) اخوت
(ج) **تنہائی** (د) جلوت

وضاحت: ایسے دو الفاظ جو ایک دوسرے کے ہم معنی مترادف کہلاتے ہیں۔

3۔ درست سابقہ ہے۔

(ا) دانش مند (ب) نمک دان
(ج) خطرناک (د) **اَن مول**

وضاحت: سابقہ اُس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی لفظ کے شروع میں لگاتے ہیں جس سے لفظ کے معنی میں کچھ اضافہ ہو جاتا ہے۔

4۔ درست لاحقہ ہے۔

(ا) **خدمت گار** (ب) بن بلایا
(ج) ان گنت (د) نیک دل

وضاحت: لاحقہ وہ لفظ کسی کلمے کے آخر میں بڑھایا جاتا ہے جس سے لفظ کے معنی میں کچھ اضافہ ہو جاتا ہے۔

5۔ مذکر کی نشان دہی کریں۔

(ا) بھوک (ب) **جھاگ**
(ج) جامن (د) گھاس

وضاحت: وہ لفظ جو نر کے لیے استعمال ہو یا وہ لفظ جسے اہل زبان بطور مذکر استعمال کریں۔

6۔ مونث کی نشان دہی کریں۔

(ا) خط (ب) **پیاز**
(ج) قبض (د) مرہم

وضاحت: ایسا لفظ جو مادہ کے لیے بولا جائے یا جس لفظ کو اہل زبان مونث بولتے ہوں

7۔ واحد کی نشان دہی کریں۔

(ا) جوانب (ب) اعمال
(ج) **جاہل** (د) احکام

وضاحت: ایسا لفظ جو ایک چیز کو ظاہر کرے واحد کہلاتا ہے۔

8۔ جمع کی نشان دہی کریں۔

(ا) نور (ب) لطف
(ج) تصویر (د) **انوار**

وضاحت: ایسا لفظ جو دو یا زائد چیزوں کے استعمال ہو۔

9۔ جمع الجمع لفظ کی نشان دہی کریں۔

(ا) **ادویات** (ب) ادویہ
(ج) دوا (د) شغل

وضاحت: ایسا لفظ جو جمع کے بعد دوبارہ جمع بنا دیا جائے مثلاً ادویات پہلے ادویہ، دوا کی جمع ہے اور ادویہ کی جمع ادویات ہے۔

10۔ درست جملے کی نشان دہی کریں۔

(ا) لڑکی نے دوپٹا پہنا
(ب) **لڑکی نے دوپٹا اوڑھا**

(ج) آپ کب آؤ گے

(د) یہ منہ اور مونگ کی دال

وضاحت: اہل زبان نے جن الفاظ کو جیسے بولا اور لکھا ہو وہی درست سمجھے جاتے ہیں اب دوپٹا اوڑھا جاتا ہے پہنا نہیں جاتا۔

11۔ درست جملے کی نشاندہی کریں

(ا) میری قلم ٹوٹ گئی (ب) میرا قلم ٹوٹ گیا

(ج) اُس نے مجھ کو گالی دی

(د) اونٹ کے منہ میں رائی

وضاحت: اہل زبان نے جملے کو جیسے بولا اور لکھا ہو وہی درست ہوتا ہے اہل زبان کے نزدیک قلم مذکر ہے۔

12۔ اردو زبان میں "نے" علامت ہے۔

(ا) اسم کی (ب) حرف کی

(ج) فاعل کی (د) مطابقت کی

وضاحت: اہل زبان کے ہاں "نے" فاعل کی علامت ہے۔

13۔ "کو" علامت ہے۔

(ا) اسم کی (ب) فعل کی

(ج) فعل کی (د) مفعول کی

وضاحت: اہل زبان کے ہاں "کو" مفعول کی علامت ہے۔

14۔ حرف کی نشان دہی کریں۔

(ا) ا (ب) الف

(ج) بے (د) جیم

وضاحت: ہم اپنی زبان سے جو کچھ بولتے ہیں انھیں حرف کہتے ہیں۔

15۔ لفظ کی نشاندہی کریں۔

(ا) س (ب) الف

(ج) ق (د) م

وضاحت: دو یا سے دو سے زائد حروف کا مجموعہ لفظ کہلاتا ہے جن کا کچھ نہ کچھ معنی اخذ کیا جاسکتا ہے۔

16۔ لفظ کی اقسام ہیں

(ا) تین (ب) دو

(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: لفظ کی دو اقسام ہیں 1: کلمہ 2: مہمل

17۔ کلمہ کی نشان دہی کریں۔

(ا) چیت (ب) وانی

(ج) روٹی (د) ووٹی

وضاحت: کلمہ وہ لفظ ہوتا ہے جس کے کچھ معنی واضح ہوں۔ ووٹی، وانی، چیت کا کوئی مطلب واضح نہیں ہوتا جب کہ روٹی کا لفظ سمجھ میں آتا ہے۔

18۔ مہمل کی نشان دہی کریں۔

(ا) رات (ب) کھانا

(ج) بات (د) ووٹی

وضاحت: مہمل وہ لفظ ہوتا ہے جس کا معنی سمجھ میں نہیں آتا۔

19۔ جملہ کی نشان دہی کریں۔

(ا) میں نے کھانا کھالیا ہے (ب) کب اُس نے

(ج) میں نے تم (د) جاتا گیا تو

وضاحت: الفاظ کا وہ مجموعہ جن کا مطلب سمجھ میں آئے جملہ کہلاتا ہے۔

20۔ کلمہ کی اقسام ہیں۔

(ا) دو (ب) تین

(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: کلمہ کی اقسام (1) اسم (2) فعل (3) حرف

21۔ اسم کی نشان دہی کریں۔

(ا) احمد (ب) سے

(ج) کو (د) نے

وضاحت: کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

22۔ فعل کی نشان دہی کریں۔

(ا) کام (ب) لکھنا

(ج) قاسم (د) بھٹی

احت: وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو۔ جیسے "لکھنا"

2- حرف کی نشان دہی کریں۔

(ا) شاہد (ب) گھر

(ج) نے (د) سکول

ضاحت: وہ لفظ جس سے نہ کسی کا نام ظاہر ہو اور نہ ہی کام حرف کہلاتا ہے۔

2- جملے کے کتنے حصے ہوتے ہیں۔

(ا) پانچ (ب) چار

(ج) تین (د) دو

ضاحت: جملے کے دو حصے ہوتے ہیں 1: مسند 2: مسند الیہ

25- جملے میں مسند کی نشان دہی کریں۔ "شاہد نے خط لکھا ہے۔"

(ا) لکھا ہے (ب) نے

(ج) شاہد (د) تینوں درست

وضاحت: جملے میں جو کچھ بتایا جائے اسے مسند کہتے ہیں۔

26- جملے میں مسند الیہ کی نشان دہی کریں۔ شاہد نے کھانا کھایا ہے۔

(ا) شاہد (ب) نے

(ج) کھانا (د) کھایا ہے

وضاحت: کسی جملے میں جس کے بارے میں بتایا گیا ہو اُسے مسند الیہ کہتے ہیں۔

27- بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی اقسام ہیں۔

(ا) دو (ب) تین

(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: اسم کی تین اقسام ہیں:

1- اسم جامد 2- اسم مصدر 3- اسم مشتق

28- اسم جامد کی نشان دہی کریں۔

(ا) عمر (ب) کھانا

(ج) پتھر (د) جانا

وضاحت: ایسا کلمہ جو خود کسی سے نہ بنا ہو اور نہ اُس سے کوئی اور کلمہ بن سکتا ہو۔

29- اسم مصدر کی نشان دہی کریں۔

(ا) کیا (ب) نے

(ج) ہم (د) کھانا

وضاحت: اسم مصدر کی علامت "نا" ہے۔ کھانا سے ہم کئی اور لفظ بنا سکتے ہیں جیسے کھاؤ۔ کھایا، کھائی وغیرہ اِس میں زمانہ اور وقت متعین نہیں ہوتا۔

30- اس مشتق کی نشان دہی کریں۔

(ا) گانے والا (ب) شاہد

(ج) نے (د) چار

وضاحت: مصدر سے بننے والے اسم کو اسم مشتق کہتے ہیں جیسے گانا سے گانے والا۔

31- معنی کے لحاظ سے اسم کی اقسام ہیں

(ا) دو (ب) تین

(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: معنی کے لحاظ سے اسم کی دو اقسام ہیں:

1- اسم نکرہ 2- اسم معرفہ

32- اسم نکرہ کی نشان دہی کریں۔

(ا) شاہد (ب) کرسی

(ج) لاہور (د) کیا

وضاحت: وہ اسم جو کسی عام شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو۔

33۔ اسم معرفہ کی نشان دہی کریں۔

(ا) نے　(ب) بات

(ج) لاہور　(د) ہم

وضاحت: وہ اِسم جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو۔

34۔ اسم معرفہ کی اقسام ہیں۔

(ا) پانچ　(ب) دو

(ج) تین　(د) چار

وضاحت: اسم معرفہ کی چار اقسام ہیں۔ (1) اسم علم (2) اسم ضمیر (3) اسم اشارہ (4) اسم موصول

35۔ جملے میں اسم علم کی نشان دہی کریں۔ قائد اعظم ہمارے راہ نما تھے۔

(ا) قائد اعظم　(ب) ہمارے

(ج) تھے　(د) راہ نما

وضاحت: علم کے لغوی معنی علامت کے ہیں۔ جو مختلف اشخاص کی پہچان کے لیے بولے جاتے ہیں۔

36۔ اسم علم کی اقسام ہیں۔

(ا) پانچ　(ب) چار

(ج) تین　(د) دو

وضاحت: اسم علم کی اقسام ہیں (1) خطاب (2) لقب (3) عرف (4) کنیت (5) تخلّص

37۔ مثبت جملے کی نشان دہی کریں۔

(ا) رضوان سکول نہیں گیا۔

(ب) علی نے کتاب پڑھی۔

(ج) علی نے کتاب نہیں پڑھی۔

(د) شاہد نے سبق نہیں پڑھا۔

وضاحت: وہ جملہ جس میں کسی کام کا ہونا ظاہر ہو مثبت جملہ ہوتا ہے۔

38۔ منفی جملے کی نشان دہی کریں۔

(ا) شاہد نے پانی پیا۔　(ب) عمر نے روٹی کھائی۔

(ج) سحر گھر نہیں آئی۔　(د) سحر گھر آئی۔

وضاحت: وہ جملہ جس میں کسی کا کام نہ ہونا ظاہر ہو منفی جملہ ہوتا ہے۔

39۔ جملے میں فاعل کی نشان دہی کریں "شاہد نے مضمون لکھا۔"

(ا) نے　(ب) مضمون

(ج) کیا　(د) شاہد

وضاحت: فاعل سے مراد کام کرنے والا ہوتا ہے۔

40۔ جملے میں مفعول کی نشان دہی کریں۔ "امی نے کھانا بنایا۔"

(ا) کھانا　(ب) امی

(ج) نے　(د) کوئی نہیں

وضاحت: جس پر کام کیا گیا ہو مفعول کہلاتا ہے۔ اِس جملے میں کھانا مفعول ہے۔

41۔ جملے میں فعل امر کی نشان دہی کریں "احمد تم سکول جاؤ۔"

(ا) جاؤ　(ب) احمد

(ج) تم　(د) سکول

وضاحت: جب کسی فعل میں کسی کام کرنے کا حکم شامل ہو تو اُسے امر کہتے ہیں اِس جملے میں "جاؤ" فعل امر ہے۔

42۔ جملے میں فعل ماضی کی نشان دہی کریں۔ "شاہد کل لاہور گیا۔

(ا) شاہد　(ب) گیا

(ج) کل　(د) کوئی نہیں

وضاحت: کسی کام کا گزرے ہوئے زمانہ میں ظاہر کرنا فعل ماضی کہلاتا ہے اِس جملے میں "گیا" فعل ماضی کی نشان دہی کرتا ہے۔

43۔ جملے میں فعل مستقبل کی نشان دہی کریں۔ "شاہد کل لاہور جائے گا۔"

(ا) شاہد　(ب) لاہور

(ج) جائے گا　(د) کل

وضاحت: ایسے فعل کا اظہار جو آنے والے زمانے میں ہو۔

44۔ جملے میں فعل حال کی نشان دہی کریں۔ "روزانہ شاہد سکول جاتا ہے۔"

(ا) شاہد　(ب) سکول

(ج) روزانہ　(د) جاتا ہے

وضاحت: موجودہ زمانے میں پایا جانے والا فعل، فعل حال ہوتا ہے اس جملے میں "جاتا ہے" فعل حال کی نشان دہی کرتا ہے۔

45۔ فعل ماضی کی اقسام کتنی ہیں۔

(ا) چھ (ب) پانچ

(ج) چار (د) تین

وضاحت: 1۔ ماضی مطلق 2۔ ماضی قریب 3۔ ماضی بعید 4۔ ماضی استمراری 5۔ ماضی شکیہ 6۔ ماضی شرطی

46۔ جملے میں اِسم حالیہ کی نشان دہی کریں۔ "شاہد ہنستا ہوا جا رہا ہے"۔

(ا) ہنستا ہوا (ب) جا

(ج) شاہد (د) ہے

وضاحت: اِسم حالیہ وہ اسم مشتق ہے جو کسی شخص یا چیز کی حالت کو ظاہر کرے مثلاً ہنستا ہوا۔ گاتا ہوا۔

47۔ جملے میں اسم مفعول کی وضاحت کریں۔ "دیوار پر لکھا ہوا تھا۔"

(ا) تھا (ب) لکھا ہوا

(ج) دیوار (د) پر

وضاحت: ایسا اسم جو اُس شخص یا چیز کی حالت ظاہر کرے جس پر فعل واقع ہو مثلاً لکھا ہوا۔ جلا ہوا۔ وغیرہ۔

48۔ جملے میں اسم فاعل کی وضاحت کریں "مسدّس حالی کو لکھنے والا الطاف حسین حالیؔ ہے۔"

(ا) حالیؔ (ب) کو

(ج) لکھنے والا (د) مسدّس

وضاحت: ایسا اسم جو کام کرنے والے کی نشان دہی کرے۔

49۔ جملے میں اسم استفہام کی نشان دہی کریں۔

"میں کب لاہور جاؤں گا"؟

(ا) مَیں (ب) لاہور

(ج) جاؤں (د) کب

وضاحت: ایسا اسم جو کچھ پوچھنے کے لیے بولا جائے۔

50۔ واوین کی علامت ہے:

(ا) " " (ب) ۔

(ج) ؟ (د) !

وضاحت: یہ علامت کسی قول کے ابتدا اور آخر میں استعمال کی جاتی ہے مثلاً قائداعظم محمد علی جناح نے فرمایا: "کام، کام، کام، کام"

51۔ درست تلفظ ہے:

(ا) مِرحُلہ (ب) مَرحَلہ

(ج) مِرحَلہ (د) مُرحِلہ

وضاحت: صحت تلفظ سے مراد لفظ کی درست آواز کو واضح کرنے کے لیے اُس پر زبر، زیر اور پیش لگانا ہے۔

52۔ متشابہ الفاظ کی نشان دہی کریں۔

(ا) قمر، مشق (ب) حلقہ، حل

(ج) پارا۔ پارہ (د) خار، سبا

وضاحت: ایسے الفاظ جن کی آواز یکساں ہوتی ہے تاہم الفاظ کے حروف یا سکنات و حرکات میں معمولی سا فرق ہو سکتا ہے لیکن معنی میں فرق ہوتا ہے۔ "پارا" کا معنی ایک دھات ہے اور "پارہ" کا معنی ایک ٹکڑا ہے:

53۔ مترادف الفاظ کی نشان دہی کریں۔

(ا) ظلمت۔ لہر (ب) دوست

(ج) درست (د) طائر۔ پرندہ

وضاحت: ایسے دو الفاظ جن کا معنی ایک ہو مترادف الفاظ ہوتے ہیں۔

54۔ حروف کی اقسام ہیں:

(ا) بارہ (ب) چار

(ج) تین (د) دو

وضاحت: اہلِ زبان کے نزدیک حروف کی بارہ اقسام ہیں۔

55۔ جملے میں حروف جار کی نشان دہی کریں۔

(ا) شاہد (ب) نے، کی

(ج) ظہر (د) نماز

وضاحت: جو حروف اسم کو فعل سے یا اسم کو اسم سے ملائیں حروف جار کہلاتے ہیں اوپر جملے میں نے اور کی حروف جار ہیں۔

56۔ جملے میں حروف عطف کی نشان دہی کریں۔ حمزہ اور عمر دونوں سکول گئے ہیں۔

(ا) حمزہ (ب) عمر

(ج) اور (د) دونوں

وضاحت: وہ حروف جو دو کلموں یا جملوں کو آپس میں ملائیں جیسے "اور"

57۔ کہانی ہمیشہ فعل ______ میں لکھی جاتی ہے۔

(ا) حال (ب) مستقبل

(ج) مضارع (د) ماضی

وضاحت: کہانی ہمیشہ فعل ماضی میں لکھی جاتی ہے۔

58۔ خط کی علامت تحریر کریں۔

(ا) — (ب) " "

(ج) ! (د) ؟

وضاحت: یہ علامت کسی جملہ معترضہ سے پہلے یا آخر میں استعمال کی جاتی ہے۔ اگرچہ وہ غریب ہے — سخی ہے۔

59۔ جملے میں حروفِ جزا و شرط کی نشان دہی کریں۔

"اگر تم محنت کرو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔"

(ا) محنت (ب) اگر۔تو

(ج) کامیاب (د) تم

وضاحت: جب کسی جملے میں حروفِ شرط "اگر" آتا ہے تو لازماً دوسرے جملے میں جزا "تو" آتا ہے۔

60۔ درست جملے کی نشان دہی کریں۔

(ا) چنے کا دال بہت سستا ہے

(ب) مسور کا دال نایاب ہے

(ج) ماش کی دال بہت مہنگی ہے

(د) تینوں درست

وضاحت: دالیں ہمیشہ مونث استعمال ہوتی ہیں:

61۔ اسم صفت کی اقسام ہیں:

(ا) دو (ب) تین

(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: اسم صفت کی درج ذیل پانچ اقسام ہیں:

1۔ صفت ذاتی 2۔ صفت تفصیلی 3۔ صفت نسبتی

4۔ صفت عددی 5۔ صفت مقداری

62۔ صفت ذاتی کا دوسرا نام ______

(ا) صفت مشبّہ (ب) صفت تفصیلی

(ج) صفت نسبتی (د) صفت عددی

وضاحت: صفت ذاتی کا دوسرا نام صفت مشبہ بھی ہے۔

63۔ صفت تفصیلی کے کتنے درجے ہیں؟

(ا) دو (ب) تین

(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: صفت تفصیلی کے تین درجے ہیں:

1۔ تفصیل نفسی 2۔ تفصیل بعض 3۔ تفصیل کل

64۔ صفت ذاتی کی مثال ہے:

(ا) حمزہ علی سے زیادہ ذہین ہے

(ب) عمر سب سے زیادہ ذہین ہے

(ج) شاہد شریف لڑکا ہے

(د) تینوں درست

وضاحت: وہ اسم صفت جو کسی اسم کی ذاتی خوبی کو نمایاں کرے صفت ذاتی ہے۔

65۔ تفصیل نفسی کی مثال ہے۔

(ا) رضوان عمر سے ذہین ہے

(ب) حمزہ نسبتاً ذہین ہے

(ج) A,B دونوں درست

(د) رضوان ذہین ہے

وضاحت: یہ صفت کا پہلا درجہ ہے جو کسی اسم کی خوبی کو کسی دوسرے سے مقابلہ کے بغیر بیان کیا جاتا ہے:

66۔ لاحقہ کی نشان دہی کریں۔

(ا) کام چور (ب) تہہ خانہ

(ج) چار سو (د) خلافِ توقع

وضاحت: MCQ نمبر 4 میں دیکھیں۔

67۔ متضاد الفاظ کی نشان دہی کریں۔

(ا) مقدس، محترم (ب) گرفتاری۔ رہائی

(ج) ساکن، ٹھہراؤ (د) مہنگا، قیمتی

وضاحت: MCQ نمبر 1 میں دیکھیں۔

68۔ اردو گرائمر میں کتنے رموزِ اوقاف ہیں؟

(ا) سات (ب) آٹھ

(ج) دس (د) نو

وضاحت: رمز کی جمع رموز اور وقف کی جمع اوقاف ہے جس کا مطلب ہے ٹھہرنا۔

69۔ سکتہ کی علامت کی نشان دہی کریں۔

(ا) ؛ (ب) " "

(ج) : (د) ،

وضاحت: دو جملوں کے درمیان چھوٹا سا وقفہ ہوتا ہے جہاں یہ علامت آئے وہاں تھوڑا سا ٹھہرنا ہوتا ہے۔

70۔ جملے میں ندائیہ کی نشان دہی کریں۔ ارے بھئی! کہاں جا رہے ہو؟

(ا) ارے! (ب) کہاں

(ج) جا (د) رہے

وضاحت: ایسے حروف جو کسی کو مخاطب کرنے کے لیے کہے جائیں۔

71۔ معنی کے لحاظ سے فعل کی اقسام ہیں:

(ا) تین (ب) دو

(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: معنی کے لحاظ سے فعل کی دو اقسام ہیں:

1۔ فعل لازم 2۔ فعل متعدی

72۔ ایسا فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں کہلاتا ہے:

(ا) فعل ماضی (ب) فعل حال

(ج) فعل مضارع (د) فعل امر

وضاحت: مصدر کی علامت "نا" دور کر کے "ے" لگانے سے فعل مضارع بناتے ہیں: جانا سے جائے

73۔ اسم صوت کی نشان دہی کریں۔

(ا) بل بل (ب) چل چل

(ج) گڑبڑ (د) گڑگڑ

وضاحت: کسی جان دار یا بے جان اسم کی آواز کو گرائمر میں اسم صوت کہتے ہیں۔ گڑگڑ حقّے کی آواز ہوتی ہے۔

74۔ بناوٹ کے لحاظ سے فعل کی اقسام ہیں:

(ا) دو (ب) تین

(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: بناوٹ کے لحاظ سے فعل کی دو اقسام ہیں:

1۔ فعل مفرد 2۔ فعل مرکب

75۔ جنس کے لحاظ سے اسم کی اقسام ہیں:

(ا) تین (ب) دو

(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: اسم کی جنس کے لحاظ سے دو اقسام ہیں:

1۔ مذکر 2۔ مونث

76۔ دریاؤں کے نام ہمیشہ ______ ہوتے ہیں۔

(ا) مرکب (ب) جمع

(ج) مذکر (د) مونث

وضاحت: دریاؤں کے نام ہمیشہ مذکر ہوتے ہیں۔ سوائے گنگا اور جمنا کے

77۔ جملے میں حروفِ استفہام کی نشاندہی کریں۔ تم کب لاہور جا رہے ہو۔

(ا) ہو (ب) لاہور

(ج) تم **(د) کب**

وضاحت: ایسے الفاظ جو کچھ پوچھنے کے لیے استعمال ہوں حروف استفہام کہلاتے ہیں۔

78۔ وقفہ کی علامت کی نشان دہی کریں۔

(ا) ؛ (ب) " "

(ج) — (د) !

وضاحت: کسی بات پر زور دینے کے لیے یہ علامت استعمال کی جاتی ہے جیسے: جو بوئے گا؛ سو کاٹے گا۔

79۔ درست جملے کی نشان دہی کریں۔

(ا) جنوری گزری گئی **(ب) جنوری گزر گیا**

(ج) فروری گزر گئی (د) تینوں درست

وضاحت: مہینوں کے نام ہمیشہ مذکر ہوتے ہیں۔

80۔ رابطہ کی علامت ہے:

(ا) ؟ (ب) ،

(ج) : (د) " "

وضاحت: جہاں یہ علامت ہوتی ہے وہاں وقفہ سے زیادہ ٹھہرنا پڑتا ہے مثلاً سچ ہے: اتفاق میں برکت ہے۔

81۔ خطوط نویسی کے اجزا ہیں:

(ا) تین (ب) چھ

(ج) چار **(د) پانچ**

وضاحت: خطوط نویسی کے اجزا ہیں:

1۔ پیشانی 2۔ تاریخ 3۔ القاب و آداب

4۔ نفسِ مضمون 5۔ اختتامیہ

82۔ درست جملے کی نشان دہی کریں۔

(ا) آج کا نوائے وقت چھپ گیا

(ب) ماہنامہ تعلیم و تربیت چھپ رہی ہے

(ج) ماہنامہ کرن چھپ چکی ہے

(د) تینوں درست

وضاحت: اخبارات و رسائل کے نام ہمیشہ مذکر ہوتے ہیں۔

83۔ نمازوں کے نام ہوتے ہیں:

(ا) مذکر **(ب) مونث**

(ج) جمع (د) مرکب

وضاحت: نمازوں کے نام ہمیشہ مونث ہوتے ہیں۔

84۔ "صرف اللہ سے ڈرو!" یہ جملہ ہے:

(ا) فعل ماضی (ب) فعل مضارع

(ج) فعل امر (د) فعل نہی

وضاحت: اِس فعل میں مخاطب کو کسی کام کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔

85۔ فعل لازم کی مثال ہے:

(ا) شاہد نے بنایا (ب) شاہد نے کیا

(ج) شاہد نے کہا **(د) شاہد پڑھتا ہے**

وضاحت: ایسا فعل جس میں فاعل کی بات یا کام مکمل ہو جائے۔

86۔ فعل متعدی کی مثال ہے:

(ا) شاہد نے بنایا (ب) عمر سکول گیا

(ج) فاطمہ نے نماز پڑھی (د) حمزہ نے تلاوت کی

وضاحت: ایسا فعل جس میں فاعل کی بات یا کام مکمل نہ۔

87۔ فعل نہی کے جملے کی نشان دہی کرو۔

(ا) سچ بولو! **(ب) جھوٹ مت بولو!**

(ج) نماز پڑھو! (د) کھانا کھاؤ!

وضاحت: وہ فعل جس میں کسی کام سے منع کیا گیا ہو ہے فعل نہی ہوتا ہے۔

88۔ فاعل کے لحاظ سے فعل کی کتنی اقسام ہیں:

(ا) پانچ (ب) چار

(ج) دو (د) تین

وضاحت: فاعل کے لحاظ فعل کی دو اقسام ہیں:

1۔ فعل معروف 2۔ فعل مجہول

89۔ فعل معروف کی مثال ہے:

(ا) پڑھا گیا (ب) پڑھا جائے گا

(ج) پڑھا جاتا ہے (د) پڑھتا ہے

وضاحت: وہ فعل جس کا فاعل معلوم فعل معروف کہلاتا ہے۔ مثلاً شاہد کتاب پڑھتا ہے۔

90۔ فعل مجہول کی مثال ہے:

(ا) پڑھا جائے گا (ب) پڑھتا ہے

(ج) گاتا ہے (د) لاتا ہے

وضاحت: وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو فعل مجہول کہلاتا ہے:

91۔ تفصیلیہ کی علامت ہے:

(ا) . (ب) :۔

(ج) ، (د) ؛

وضاحت: یہ علامت کسی طویل عبارت کو لکھنے سے پہلے استعمال ہوتی مثلاً اُس نے کہا:۔

92۔ لقب کی مثال ہے:

(ا) ابو حنیفہ (ب) غالبؔ

(ج) موسیٰ کلیم اللہ (د) شاد و

وضاحت: ایسا نام جو کسی وصف یا خوبی کے باعث مشہور ہو۔

93۔ کنیت کی نشان دہی کریں۔

(ا) گاما (ب) شمس العلما

(ج) اقبال (د) ابن مریم

وضاحت: وہ نام جو ماں باپ یا بیٹے بیٹی کی نسبت سے بولا یا پکارا جائے۔ ابنِ مریم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کنیت ہے:

94۔ اسم ذات کی اقسام ہیں:

(ا) پانچ (ب) چھ

(ج) سات (د) آٹھ

وضاحت: اسم ذات کی اقسام

1۔ اسم مصغر 2۔ اسم مکبر 3۔ اسم ظرف

4۔ اسم آلہ 5۔ اسم صوت

95۔ اسم مصغر کی مثال ہے:

(ا) ٹوکرا (ب) ٹوکری

(ج) پہاڑ (د) گھڑا

وضاحت: مصغّر۔ اصغر سے ہے جس کے معنی چھوٹا کے ہیں۔

96۔ اسم مکبّر کی مثال ہے۔

(ا) بندی (ب) پتیلی

(ج) پہاڑ (د) پہاڑی

وضاحت: مکبّر۔ اکبر سے ہے جس کے معنی بڑا ہونے کے ہیں وہ اسما جو بڑائی کے معنی دیں۔

97۔ اسم ظرف کی اقسام ہیں:

(ا) چار (ب) دو

(ج) تین (د) دو

وضاحت: اسم ظرف کی دو اقسام ہیں:

1۔ اسم ظرف زماں 2۔ اسم ظرف مکاں

98۔ اسم ظرف مکاں کی مثال ہے:

(ا) سکول (ب) صبح

(ج) شام (د) رات

وضاحت: وہ اسم ظرف جس میں جگہ کے معنی ہوں ظرف مکاں ہوتا ہے

99۔ اسم ظرف زماں کی مثال ہے۔

(ا) گھر (ب) صبح

(ج) مسجد (د) سکول

وضاحت: وہ اسم ظرف جس میں وقت کے معنی ہوں ظرف زماں ہوتا ہے۔

100۔ وہ اسم جو جگہ یا وقت کے معنی ظاہر کرے ______ کہلاتا ہے۔

(ا) اسم حالیہ (ب) اسم آلہ
(ج) اسم ظرف (د) اسم صوت

وضاحت: وہ اسم جو جگہ یا وقت کے معنی ظاہر کرے اسم ظرف کہلاتا ہے۔

101۔ ماضی کے معنی ہیں۔

(ا) جاری زمانہ (ب) آنے والا زمانہ
(ج) a, b درست (د) گزرا ہوا زمانہ

وضاحت: فعل ماضی سے مراد گزرا ہوا زمانہ ہے۔

102۔ فعل ماضی قریب کا جملہ ہے:

(ا) ہم نے کھانا کھایا ہے (ب) ہم نے کھانا کھایا تھا
(ج) ہم کھانا کے کھائیں گے (د) کھانا کھایا جاتا ہے

وضاحت: جس کام کا ہونا قریب کے زمانہ میں پایا جائے فعل ماضی قریب ہوتا ہے۔

103۔ فعل ماضی بعید کا جملہ ہے:

(ا) میں نماز پڑھتا ہوں
(ب) میں نے نماز پڑھی تھی
(ج) میں نے نماز پڑھی ہے
(د) میں نماز پڑھوں گا

وضاحت: جو کام جو دور کے گزرے ہوئے زمانہ میں پایا جائے فعل ماضی بعید کہتے ہیں۔

104۔ ماضی استمراری کا جملہ ہے:

(ا) شاہد کتاب پڑھے گا (ب) شاہد نے کتاب پڑھی
(ج) شاہد کتاب پڑھتا تھا (د) شاہد کتاب پڑھتا ہے

وضاحت: ایسا فعل ماضی جس میں کام گزرے ہوئے زمانہ میں جاری پایا جائے۔

105۔ ماضی شکیہ کا جملہ ہے۔

(ا) شاہد نے سبق پڑھا (ب) شاہد سبق پڑھے گا
(ج) شاہد سبق پڑھتا ہے (د) شاہد نے سبق پڑھا ہو گا

وضاحت: وہ فعل جس میں گزرا ہوا زمانہ شک کے ساتھ پایا جائے۔ ماضی شکیہ ہوتا ہے۔

106۔ اسم اشارہ قریب کا جملہ ہے:

(ا) یہ گائے شاہد کی ہے (ب) شاہد سکول جائے گا
(ج) علی کالج جاتا ہے (د) فاطمہ نے نماز پڑھی

وضاحت: اسم اشارہ قریب وہ اسم ہے جو کسی قریبی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کرے۔

107۔ اسم اشارہ کی اقسام ہیں:

(ا) تین (ب) دو
(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: اسم اشارہ کی دو اقسام ہیں:

(1) اشارہ بعید (2) اشارہ قریب

108۔ اسم اشارہ بعید کا جملہ ہے:

(ا) کیا تم نے نماز پڑھی
(ب) ہاں میں نے نماز پڑھی
(ج) وہ فاطمہ کی کتاب ہے
(د) تم کہاں جا رہے ہو؟

وضاحت: وہ لفظ جو کسی دور کی شے یا شخص کے لیے استعمال کیا جائے۔ اشارہ بعید ہوتا ہے

109۔ اسم موصول کا جملہ ہے۔

(ا) کیا وہ لاہور جائے گا
(ب) عمر قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے
(ج) فاطمہ نماز پڑھے گی
(د) جو محنت کرتا ہے کامیاب ہوتا ہے

وضاحت: اسم موصول وہ نامکمل اسم ہے جب تک اس کے ساتھ دوسرا جملہ نہ آئے بات مکمل نہیں ہوتی مثلاً جو محنت کرتا ہے یہ بات نامکمل ہے جب تک ہم یہ نہیں کہتے وہ کامیاب ہوتا ہے تب بات مکمل ہوگی۔

110۔ ختمہ کی نشان دہی کریں۔

(ا) ۔ (ب) ؟

(ج) ! (د) " "

وضاحت: جب بات مکمل ہو جاتی ہے تو وہاں یہ علامت لگاتے ہیں۔

111۔ سوالیہ کی نشان دہی کریں۔

(ا) ! (ب) ؟

(ج) ( ) (د) ؛

وضاحت: کوئی بات پوچھنی تو یہ علامت استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً تم کون ہو؟

112۔ کون سا جملہ درست ہے؟

(ا) "راجا گدھ" چھپ رہا ہے

(ب) کیا تم نے "آب حیات" پڑھی

(ج) قافلہ حجاز کس کا تصنیف ہے

(د) تینوں درست

وضاحت: کتابوں کے نام ہمیشہ مونث استعمال ہوتے ہیں۔

113۔ زبانوں کے نام ہمیشہ ______ استعمال ہوتے ہیں۔

(ا) جمع الجمع (ب) جمع

(ج) مذکر (د) مونث

وضاحت: زبانوں کے نام ہمیشہ مونث استعمال ہوتے ہیں۔

114۔ تمام شہروں، قصبوں، پہاڑوں، دریاؤں، سمندروں بیماریوں، دنوں، زبانوں، ملکوں، کتابوں اور علوم کے نام ______ ہوتے ہیں۔

(ا) اسم معرفہ (ب) اسم نکرہ

(ج) اسم ضمیر (د) اسم موصول

وضاحت: مندرجہ بالا تمام اسماء اسم معرفہ کہلاتے ہیں۔

115۔ عرف کی نشان دہی کریں۔

(ا) معراج دین (ب) لالو

(ج) ابن مریم (د) جاوید

وضاحت: وہ نام جو محبت یا نفرت کی وجہ سے بولا، پکارا یا لکھا جائے جیسے لال دین سے لالو۔

116۔ اسم ضمیر کی حالتیں ہیں۔

(ا) دو (ب) پانچ

(ج) تین (د) چار

وضاحت: اسم ضمیر کی تین حالتیں 1۔ فاعلی 2۔ مفعولی 3۔ اضافی۔ تین حالتیں ہیں

117۔ شاہد دکان پر گیا ہے وہ ایک گھنٹے میں واپس آجائے گا اس جملے میں اسم ضمیر کی کون سی حالت بیان ہوئی ہے۔

(ا) مفعولی (ب) اضافی

(ج) فاعلی (د) تینوں

وضاحت: جب فاعل کی جگہ ضمیر استعمال ہو تو اسے ضمیر فاعلی کہتے ہیں جملے میں شاہد کی جگہ "وہ" استعمال ہوا ہے۔

118۔ فاطمہ نے سبق کیوں نہیں یاد کیا؟ اسے بخار تھا اس جملے میں اسم ضمیر کی کون سی حالت کا استعمال ہے؟

(ا) مفعولی (ب) فاعلی

(ج) اضافی (د) تینوں

وضاحت: ایسا ضمیر جو کسی جملے میں مفعول کی جگہ استعمال ہو ضمیر مفعولی کہتے ہیں۔ اوپر کے جملے میں "اسے" ضمیر مفعولی ہے۔

119۔ ضمیر کی اضافی حالت کی نشان دہی کریں۔

احمد تم کہاں رہتے ہو؟

(ا) احمد (ب) تم

(ج) کہاں (د) رہتے

وضاحت: ضمیر کی وہ حالت جو کسی چیز سے تعلق ظاہر کرے اس جملے میں احمد کے بعد تم کا لفظ اضافی حالت ہے۔

120۔ ضمیر شخصی کی کتنی صورتیں ہیں:

(ا) تین (ب) چار

(ج) پانچ (د) چھ

وضاحت: ضمیر شخصی کی تین صورتیں:

(1) ضمیر غائب (2) ضمیر حاضر (3) ضمیر متکلم ہیں

121۔ دنوں کے نام ہمیشہ ______ ہوتے ہیں۔

(ا) مونث (ب) مذکر

(ج) مرکب (د) تینوں درست

وضاحت: وضاحت دنوں کے نام ہمیشہ مذکر استعمال ہوتے ہیں۔

122۔ رنگوں کے نام ہمیشہ ______ ہوتے ہیں۔

(ا) مونث (ب) مرکب

(ج) مذکر (د) تینوں غلط

وضاحت: وضاحت رنگوں کے نام ہمیشہ مذکر ہوتے ہیں۔

123۔ ستاروں اور سیاروں کے نام ہمیشہ استعمال ہوتے ہیں۔

(ا) مذکر (ب) مونث

(ج) مرکب (د) تینوں درست

وضاحت: ستاروں اور سیاروں کے نام ہمیشہ مذکر استعمال ہوتے ہیں۔

سوائے زمین کے

124۔ پھلوں کے نام ہمیشہ استعمال ہوتے ہیں۔

(ا) مرکب (ب) مذکر

(ج) جمع (د) مونث

وضاحت: پھلوں کے نام ہمیشہ مذکر استعمال ہوتے ہیں۔

125۔ پہاڑوں کے نام ہمیشہ استعمال ہوتے ہیں۔

(ا) مذکر (ب) مونث

(ج) جمع (د) مرکب

وضاحت: پہاڑوں کے نام ہمیشہ مذکر ہوتے ہیں۔

126۔ اسم معاوضہ کی نشان دہی کریں "پکوان کی پکوائی ادا کر دو":

(ا) کر دو (ب) ادا

(ج) پکوائی (د) پکوان

وضاحت: وہ اسم مشتق ہے جو کسی کام کے معاوضے یا اجرت کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

127۔ صفت نسبتی کی نشان دہی کریں "احمد افریقی باشندہ ہے":

(ا) احمد (ب) باشندہ

(ج) ہے (د) افریقی

وضاحت: وہ صفت جو کسی شخص یا چیز کا تعلق دوسرے شخص یا چیز سے نسبت ظاہر کرے۔ افریقہ سے افریقی

128۔ تشبیہ کس زبان کا لفظ ہے:

(ا) عربی (ب) فارسی

(ج) اردو (د) پنجابی

وضاحت: تشبیہ عربی زبان کا لفظ ہے۔

129۔ تشبیہ، استعارہ، کنایہ اور مجاز مرسل پر مشتمل ہے۔

(ا) اسم علم (ب) علم بیان

(ج) اسم معرفہ (د) فعل

وضاحت: علم بیان مشتمل ہے:

(1) تشبیہ (2) استعارہ

(3) کنایہ (4) مجاز مرسل

130۔ تشبیہ کے ارکان ہیں:

(ا) تین (ب) چار

(ج) پانچ (د) چھ

وضاحت: تشبیہ کے ارکان ہیں: (1) مشبہ

(2) مشبہ بہ (3) وجہ شبہ

(4) حروفِ تشبیہ (5) غرضِ تشبیہ

131۔ طرفین تشبیہ ہیں:

(ا) پانچ (ب) چار

(ج) تین (د) دو

وضاحت: طرفین تشبیہ ہیں: (1) مشبہ (2) مشبہ بہ

132- اِس میں تشبیہ ہے:

(ا) شیر کی طرح بہادر (ب) میرا چاند
(ج) غالب (د) آتش نمرود

133- حرفِ تشبیہ ہے "بچہ پھول کی طرح ہے"۔

(ا) بچہ (ب) کی طرح
(ج) پھول (د) ہے

وضاحت: حروف تشبیہ وہ الفاظ جو تشبیہ دینے کے استعمال ہوتے ہیں مثلاً کی طرح۔ مانند اور جیسے وغیرہ

134- استعارہ کس زبان کا لفظ ہے۔

(ا) پنجابی (ب) اردو
(ج) عربی (د) فارسی

وضاحت: استعارہ عربی زبان کا لفظ ہے۔

135- استعارہ کے لغوی معنی ہیں:

(ا) قرض اتارنا (ب) قرض لینا
(ج) قرض دینا (د) مستعار لینا

وضاحت: استعارہ کا لفظ عربی زبان مستعار سے لیا گیا ہے۔

136- طرفین استعارہ ہیں:

(ا) دو (ب) تین
(ج) چار (د) پانچ

وضاحت: مستعار لہ اور مستعار منہ کو طرفین استعارہ کہتے ہیں۔

137- تشبیہ کا لغوی معنی ہے:

(ا) ادھار دینا (ب) ایک جیسا
(ج) ہم شکل (د) ادھار لینا

وضاحت: تشبیہ کا لغوی معنی ہے ایک جیسا

138- استعارہ کے ارکان ہیں:

(ا) پانچ (ب) دو
(ج) تین (د) چار

وضاحت: استعارہ کے ارکان ہیں:

(1) مستعار لہ (2) مستعار منہ
(3) وجہ جامع

139- استعارہ ہے:

(ا) بادشاہی مسجد (ب) آتش نمرود
(ج) اقبال (د) میرا چاند

وضاحت: بچے کے لیے چاند کا لفظ ادھار لیا گیا ہے۔

140- استعارہ کی بنیاد ہوتی ہے۔

(ا) مجاز پر (ب) حقیقت پر
(ج) خیال پر (د) تینوں درست

وضاحت: استعارہ کی بنیاد مجاز پر ہوتی ہے۔

141- تشبیہ کی بنیاد ہے:

(ا) مجاز (ب) حقیقت
(ج) خیال (د) تینوں غلط

وضاحت: تشبیہ کی بنیاد حقیقت پر ہوتی ہے۔

142- مقطع کے لغوی معنی ہیں:

(ا) مرنے کی جگہ (ب) بچنے کی جگہ
(ج) اٹھانے کی جگہ (د) کاٹنے کی جگہ

وضاحت: مقطع کے معنی کاٹنے کی جگہ کے ہیں۔

143- مطلع کے معنی ہیں:

(ا) جلنے کی جگہ (ب) مرنے کی جگہ
(ج) گرنے کی جگہ (د) طلوع ہونے کی جگہ

وضاحت: مطلع کے معنی ہیں "طلوع ہونے کی جگہ"

144- "جس دیس میں گنگا بہتی ہے" اسم مونث کی نشان دہی کریں۔

(ا) گنگا (ب) دیس
(ج) جس (د) ہے

وضاحت: تمام دریاؤں کے نام مذکر ہیں سوائے جمنا اور گنگا کے۔

145۔ اسم حاصل مصدر کی نشان دہی کریں "مجھے بے حد تھکاوٹ ہے"۔

(ا) مجھے (ب) بے حد

(ج) تھکاوٹ (د) ہے

وضاحت: ایسا اسم مشتق جو مصدر کی حالت یا کیفیت ظاہر کرے۔

146۔ اسم آلہ کی نشان دہی کریں۔ کیا تمھارے ہاتھ میں چاقو ہے؟

(ا) کیا (ب) تمھارے

(ج) ہاتھ میں (د) چاقو

وضاحت: آلہ کے معنی اوزار یا ہتھیار کے ہیں چاقو ایک ہتھیار ہے

147۔ صفت عددی کی نشان دہی کریں۔

"میرے پاس پانچ کتابیں ہیں"

(ا) میرے (ب) پاس

(ج) پانچ (د) کتابیں

وضاحت: وہ صفت جو کسی اسم کی تعداد کو ظاہر کرے مثلاً پانچ

148۔ صفت مقداری کی نشان دہی کریں۔ عمر کو ہلکا سا بخار ہے

(ا) عمر (ب) کو

(ج) بخار (د) ہلکا سا

وضاحت: وہ اسم جو کسی چیز کی مقدار کو ظاہر کرے

149۔ تفصیل کل کی نشان دہی کریں۔ نماز افضل ترین عبادت ہے

(ا) افضل ترین (ب) نماز

(ج) عبادت (د) ہے

وضاحت: یہ صفت کا تیسرا درجہ ہے جس میں کسی شے یا شخص کو تمام ہم جنس پر ترجیح دی جاتی ہے۔

150۔ تفصیل بعض کی نشان کریں۔ حمزہ عمر سے نسبتاً زیادہ ذہین ہے۔

(ا) حمزہ (ب) عمر

(ج) نسبتاً زیادہ ذہین (د) ہے

وضاحت: یہ صفت کا دوسرا درجہ ہے۔ اِس میں کسی شخص یا چیز کی اچھائی یا برائی دوسرے شخص یا چیز کے مقابلہ میں بیان کی جاتی ہے۔

اُردو

(پی ایس ٹی اور جے ای ایس ٹی کے لیے)

حصہ نظم / شاعری

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

چراغ ایسے روشن جو بن تیل ہیں
یہ تیری ہی قدرت کے سب کھیل ہیں
یہ لعل و گہر ہیں جو بکھرے پڑے
زمیں سے بھی ہیں اُن میں اکثر بڑے
یہ قائم ہیں تیری ہی تقدیر سے
بندھے ہیں بہم سخت زنجیر سے

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ ایک شعر میں مصرعے ہوتے ہیں:

(ا) **<u>دو</u>** (ب) تین
(ج) ایک (د) چار

2۔ "چراغ ایسے روشن جو بن تیل ہیں" چراغوں سے مراد ہیں:

(ا) پھول (ب) **<u>ستارے</u>**
(ج) بلب (د) تمام درست

3۔ "لعل و گہر" کا مطلب ہے:

(ا) ستارہ (ب) سورج
(ج) **<u>موتی</u>** (د) چاند

4۔ اشعار میں تقدیر اور زنجیر ہیں:

(ا) مطلع (ب) مقطع
(ج) ردیف (د) **<u>قافیہ</u>**

5۔ حمد کے شاعر کا نام ہے:

(ا) **<u>اسمٰعیل میرٹھی</u>** (ب) الطاف حسین حالی
(ج) علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ (د) جوش ملیح آبادی

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

خالق کے سرور، شافع محشر صلّی اللہ علیہ وسلّم
مرسل داور، خاص پیمبر صلّی اللہ علیہ وسلّم

نور مجسّم، نیّر اعظم، سرورِ عالم، مونس آدم
نوح کے ہم دم، خضر کے رہ بر صلّی اللہ علیہ وسلّم

بحر سخاوت، کانِ مروّت، آیۂ رحمت، شافع اُمت
مالک جنت، قاسم کوثر صلّی اللہ علیہ وسلّم

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

6- شاعر نے رسول اکرم خاتم النبیین ﷺ کو نوح علیہ السلام کا کہا ہے:

(ا) **ہم دم** (ب) بزرگ
(ج) دوست (د) راہ بر

7- شاعر نے بحر سخاوت کہا ہے:

(ا) حضرت آدم علیہ السلام (ب) **حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ**
(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

8- نعت میں توصیف کی جاتی ہے:

(ا) انبیا کرام علیہم السلام کی (ب) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی
(ج) **حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی** (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی

9- نعت کے شاعر ہیں:

(ا) اسمٰعیل میرٹھی (ب) علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ
(ج) الطاف حسین حالی (د) **امیر مینائی**

10- خضر کے راہ بر کون ہیں؟

(ا) **حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ** (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام
(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

قاصد صبا کے دوڑے ہر طرف منہ اٹھا کر
ہر کوہ و دشت کو بھی کہتے ہیں یوں سنا کر

ہاں سبز جوڑے پہنو ہر دم نہا نہا کر
کوئی دم کو مینہ زرا جا دیکھے گا سب کو آ کر

آ یار! چل کے دیکھیں برسات کا تماشا

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

11- صبا سے ہوا مراد ہے:

(ا) **باغ کی** (ب) سمندر کی
(ج) صحرا کی (د) ریگستان کی

12- ہر دم نہا کر جوڑے پہنو

(ا) سرخ (ب) **<u>سبز</u>**

(ج) زرد (د) نیلے

13- ساخت کے لحاظ سے یہ نظم ہے:

(ا) مسدّس (ب) رباعی

(ج) **<u>مخمس</u>** (د) مثلّث

14- کوہ و دشت گرائمر کی رو سے ہے:

(ا) اسم نکرہ (ب) مرکب توصیفی

(ج) مرکب عددی (د) **<u>مرکب عطفی</u>**

15- نظم کے شاعر ہیں:

(ا) **<u>نظیر اکبر آبادی</u>** (ب) الطاف حسین حالی

(ج) علامہ اقبال (د) دلاور فگار

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

کیا سُناتا ہے مجھے تُرک و عرب کی داستاں
مجھ سے کچھ پنہاں نہیں اسلامیوں کا سوز و ساز

حِکمتِ مغرب سے مِلّت کی یہ کیفیّت ہوئی
ٹکڑے ٹکڑے جس طرح سونے کو کر دیتا ہے گاز

ہو گیا مانندِ آب ارزاں مُسلماں کا لہو
مُضطرِب ہے تُو کہ تیرا دل نہیں دانائے راز

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

16- ہو گیا مانند آب ارزاں مسلماں کا لہو: مصرعے میں "مانند" ہے:

(ا) **<u>حرفِ تشبیہ</u>** (ب) استعارہ

(ج) مجاز مرسل (د) تلمیح

17- علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے نظم دنیائے اسلام میں سبق دیا ہے:

(ا) انفاق کا (ب) **<u>اتفاق کا</u>**

(ج) جنگ کا (د) خوش حالی کا

18- مسلمانوں میں اتحاد کیوں ضروری ہے:

(ا) جہانگیری کے لیے (ب) ہیرے جواہرات کے لیے

(ج) **<u>قومی ترقی کے لیے</u>** (د) کشور کشائی کے لیے

19- ... کا ذکر ہے:

(ا) ایران توران کی
(ب) **مشرق و مغرب کی**
(ج) شمال و جنوب کی
(د) ترک و عرب کی

20- "گاز" کا معنی ہے:

(ا) **قینچی**
(ب) تیر
(ج) تلوار
(د) نیزہ

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

نگاہیں مُضطرِب، ہلکا تبسُّم رُوئے زیبا پر
تصوُّر مطمئن تھا مرضئ عرشِ مُعلّیٰ پر

ہُوا ارشاد اے عَمِّ خُجستہ فام، بِسم اللہ
خدا حافظ ہے کیجیے نصرتِ اسلام، بِسم اللہ

یہ اِقدام شہادت بر سبیلِ حُسنِ نیّت ہے
محمد ﷺ اُس پہ راضی ہے جو اللہ کی مشیّت ہے

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

21- اے عمِ خجستہ فام، سے مراد ہے:

(ا) **حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ**
(ب) حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ولید
(ج) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(د) حضرت عمر بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ

22- نظم "سربراہِ شہادت کس کے بارے میں ہے:

(ا) حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(ب) **حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ**
(ج) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(د) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

23- حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اقدامِ شہادت تھا:

(ا) غلبۂ اسلام پر
(ب) شکستِ باطل پر
(ج) **حسنِ نیّت پر**
(د) جنگ میں فتح پر

24- لفظ "مشیّت" کے معنی ہیں:

(ا) حسن نیت
(ب) عرشِ معلیٰ
(ج) روئے زیبا
(د) **اللہ کی رضا**

25- حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میدان جنگ میں جاتا دیکھ کر حضور پاک کی کیفیت تھی:

(ا) نگاہیں مضطرب (ب) ہلکا تبسم روئے زیبا پر

(ج) تصور مطمئن مرضیٔ عرش معلیٰ پر (د) **تمام**

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے

آہُو نہ مُنھ نکالتے تھے سبزہ زار سے

آئینہ مہر کا تھا مُکدّر غبار سے

گردوں کو تپ چڑھی تھی زمیں کے بُخار سے

گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر

بُھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

26- کسی مرنے والے کی یاد میں کہی گئی نظم کہلاتی ہے:

(ا) **مرثیہ** (ب) غزل

(ج) قصیدہ (د) مناجات

27- ساخت کے اعتبار سے نظم کی ہیئت ہے:

(ا) مخمس (ب) **مسدس**

(ج) رباعی (د) قطعات

28- "مکدّر" کے معنی ہیں:

(ا) صاف (ب) شفاف

(ج) **میلا** (د) چمک دار

29- آہُو نہ منھ نکالتے تھے:

(ا) میدان سے (ب) غار سے

(ج) جنگل سے (د) **سبزہ زار سے**

30- شیروں کے مسکن کو کہتے ہیں:

(ا) **کچھار** (ب) اصطبل

(ج) چڑیا گھر (د) غار

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

مَن پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے

سُننے والے سنیں تو اُن میں ایک ہی دُھن لہرائے

پاکستان، پاکستان، جیوے پاکستان

بکھرے ہوؤں کو، بچھڑے ہوؤں کو، اِک مرکز پر لایا

کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا
پاکستان، پاکستان، جیوے پاکستان

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

31- ہماری دھن ہے:

(ا) **پاکستان** (ب) ایمان
(ج) اتحاد (د) خوش حالی

32- "ستاروں کے جھرمٹ سے" شاعر کی مراد ہے:

(ا) لوگ (ب) **ممالک**
(ج) سمندر (د) براعظم

33- بکھرے ہوؤں اور بچھڑے ہوؤں کو اک مرکز پہ کون لایا:

(ا) ہمارا ترانہ (ب) ہمارا نغمہ
(ج) **ہمارا وطن** (د) ہمارا پرچم

34- جیوے جیوے پاکستان جیسی نظم کہلاتی ہے:

(ا) روحانی شاعری (ب) مقامی شاعری
(ج) کلاسیکی شاعری (د) **قومی شاعری**

35- جیوے جیوے پاکستان نظم کے خالق ہیں:

(ا) **جمیل الدین عالی** (ب) الطاف حسین حالی
(ج) علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ (د) حفیظ جالندھری

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

وہاں ہے ایک ہی کپتان پوری ٹیم کی جان
یہاں ہر ایک "پاینیر" بہ جائے خود کپتان

وہاں جو لوگ اناڑی ہیں وقت کاٹتے ہیں
یہاں بھی کچھ متشاعر دماغ چاٹتے ہیں

مرے خیال کو اہلِ نظر کریں گے "کیچ"
مشاعرہ بھی ہے اک طرح کا "کرکٹ میچ"

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

36- اس نظم میں کس صنف کی شاعری کی گئی ہے:

(ا) **مزاحیہ شاعری** (ب) قومی شاعری
(ج) کلاسیکی شاعری (د) مقامی شاعری

37- اس نظم میں پلیئر سے مراد ہے:

(ا) کھلاڑی (ب) **شاعر**

(ج) ایمپائر (د) وکٹ کیپر

38- شاعر نے مشاعرے کو اک طرح کا کھیل قرار دیا ہے:

(ا) فٹ بال میچ (ب) پولو میچ

(ج) **کرکٹ میچ** (د) ہاکی میچ

39- "کیچ" کا یہاں معنی ہے:

(ا) سمجھانا (ب) دکھانا

(ج) چھوڑنا (د) **سمجھنا**

40- کہاں ایک پلیئر ہی کپتان ہوتا ہے:

(ا) **مشاعرے میں** (ب) کرکٹ میچ میں

(ج) تقریری مقابلے میں (د) تمام درست

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

فقیرانہ آئے صدا کر چلے
میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم
سو اس عہد کو اب وفا کر چلے

دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا
ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

41- لفظ صدا اور دعا ہے:

(ا) **قافیہ** (ب) ردیف

(ج) مقطع (د) مطلع

42- میر کی شاعری کی خصوصیت ہے:

(ا) مزاح (ب) **دردو غم**

(ج) سنجیدگی (د) شگفتگی

43- پہلے شعر میں شاعر نے بات کی:

(ا) مبالغہ کی (ب) کنایہ کی

(ج) **دعا کرنے کی** (د) تشبیہ کی

44- اِن اشعار میں میاں کا لفظ استعمال ہوا ہے:

(ا) شوہر کے لیے
(ب) بزرگ کے لیے
(ج) بچوں کے لیے
(د) **ذات کے لیے**

45- دکھائی دیے یوں کہ:

(ا) **بے خود کیا**
(ب) آپ خود کیا
(ج) اپنے آپ کیا
(د) خوش کیا

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

نہ گورِ سکندر، نہ ہے قبرِ دارا
مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

غم و غصہ و رنج و اندوہ و حرماں
ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے

کرے جس قدر شکر نعمت وہ کم ہے
مزے لوٹتی ہے زباں کیسے کیسے

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

46- پہلے شعر میں ہے:

(ا) **تلمیح**
(ب) تشبیہ
(ج) کنایہ
(د) مجاز مرسل

47- مٹے نشاں کیسے کیسے:

(ا) سب کے
(ب) **نامیوں کے**
(ج) ناکامیوں کے
(د) شادکامیوں کے

48- لفظ اندوہ کے معنی ہیں:

(ا) شکر
(ب) قدر
(ج) **غم**
(د) خوشی

49- یہ غزل آتش کی ہے آتش کے لغوی معنی ہیں:

(ا) پیاسا
(ب) پجاری
(ج) اطمینان
(د) **آگ**

50- ہمارے بھی ہیں۔۔۔۔۔۔۔کیسے کیسے

(ا) **مہربان**
(ب) دوست
(ج) دشمن
(د) احباب

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل
جب آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے؟
رہی نہ طاقتِ گفتار، اور اگر ہو بھی
تو کس اُمید پہ کہیے کہ آرزُو کیا ہے؟
ہُوا ہے شہ کا مصاحب، پھرے ہے اِتراتا
وگرنہ شہر میں غالب کی آبرُو کیا ہے؟

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

51- ان اشعار کی ردیف ہے:
(ا) **کیا ہے** (ب) قائل
(ج) ہو بھی (د) آرزو

52- حروف و حرکات کا مجموعہ جو ردیف سے پہلے آتا ہے کہلاتا:
(ا) مطلع (ب) **قافیہ**
(ج) ردیف (د) حسن مطلع

53- غالب کیوں اتراتا پھرتا تھا:
(ا) مشہور شاعر ہونے کی وجہ سے (ب) مشہور نثر نگار ہونے کی وجہ سے
(ج) **شاہ کا مصاحب تھا** (د) تینوں وجہ سے

54- غزل کے مقطعے میں موجود ہے:
(ا) کنیت (ب) خطاب
(ج) لقب (د) **تخلص**

55- طاقت گفتار گرائمر میں ہے:
(ا) **مرکب توصیفی** (ب) مرکب عددی
(ج) مرکب اشاری (د) اسم نکرہ

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

لگتا نہیں ہے جی مرا اُجڑے دیار میں
کس کی بنی ہے عالمِ ناپائدار میں

کہہ دو ان حسرتوں سے کہیں اور جا بسیں
اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

کانٹوں کو مت نکال چمن سے او باغباں
یہ بھی گلوں کے ساتھ پلے ہیں بہار میں

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

56- "او باغباں" گرامر میں ہے:

(ا) **حروفِ ندا** (ب) حروفِ جار

(ج) اسم صوت (د) اسم نکرہ

57- ان اشعار کا شاعر ہے:

(ا) حیدر علی آتشؔ (ب) **بہادر شاہ ظفر**

(ج) مرزا غالبؔ (د) میر تقی میرؔ

58- شاعر کا دل ہے:

(ا) روشن (ب) سیاہ

(ج) **داغ دار** (د) اُجلا

59- شاعر نے اجڑا دیار کیسے کہا ہے:

(ا) دِلّی کو (ب) اپنے محل کو

(ج) اپنے قلعے کو (د) **دنیا کو**

60- گُلوں کے ساتھ کون پلا ہے۔

(ا) **کانٹے** (ب) پتے

(ج) پھل (د) پھول

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

نثار اُن پر ہوئے اچھے رہے ہم
تقاضا تھا یہی خُوئے وفا کا

گنہ گارو! چلو، عفوِ الٰہی
بہت مشتاق ہے عرضِ خطا کا

جفا کو بھی وفا سمجھو کہ حسرتؔ
تمھیں حق اُن سے کیا چُون و چرا کا

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

61- مقطع کہتے ہیں:

(ا) **غزل کا آخری شعر جس میں تخلّص ہوتا ہے** (ب) آخری شعر

(ج) پہلا شعر (د) درمیانی شعر

62- ان اشعار کا شاعر ہے:

(ا) جوشؔ (ب) **حسرت**

(ج) جگرؔ (د) فگارؔ

63- غزل میں قافیہ ہمیشہ آتا ہے:

(ا) مطلع میں (ب) مقطع میں

(ج) **ردیف سے پہلے** (د) ردیف کے بعد

64- جفا کی جمع ہے:

(ا) جافے (ب) جافی

(ج) جفات (د) **جفائیں**

65- "گناہ گارو چلو!" گرائمر کی رو سے ہے:

(ا) **حروفِ ندا** (ب) حروفِ جار

(ج) حروفِ علّت (د) حروفِ تشبیہ

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

سینۂ آہن بھی تھا جس سے گداز
اب دلوں میں وہ حرارت ہی نہیں

آدمی کے پاس سب کچھ ہے، مگر
ایک تنہا آدمیّت ہی نہیں

صرف نقّالی ہے مغرب کی جگر
شعر میں جب مشرقیّت ہی نہیں

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

66- ان اشعار کے مطابق زندگی کے لیے ضروری ہے:

(ا) **حرارت** (ب) حکومت

(ج) حکمت (د) صداقت

67- ان اشعار کی ردیف ہے:

(ا) آدمیت (ب) **نہیں**

(ج) مغرب (د) کچھ

68- سینۂ آہن گرائمر میں ہے:

(ا) کنایہ (ب) اسم معرفہ

(ج) **مرکب توصیفی** (د) تشبیہ

69- آدمی کے پاس کیا نہیں:

(ا) طاقت (ب) حکومت

(ج) صلاحیت (د) **آدمیت**

70- نقالی کا مترادف ہے:

(ا) **<u>چربہ</u>** (ب) چرخا

(ج) چرچا (د) درجہ

☆ مندرجہ بالا اشعار غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

حیران ہیں، لب بستہ ہیں، دل گیر ہیں غنچے
خوش بو کی زبانی ترا پیغام ہی آئے

کیا راہ بدلنے کا گلِہ ہم سفروں سے
جس رَہ سے چلے تیرے درو بام ہی آئے

تھک ہار کے بیٹھے ہیں سر کوئے تمنا
کام آئے تو پھر جذبۂ ناکام ہی آئے

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

71- شاعرہ نے اپنے شعر میں گلِہ کیا ہے:

(ا) **<u>ہم سفروں سے</u>** (ب) دوستوں سے

(ج) شاعروں سے (د) دنیا کے لوگوں سے

72- ان اشعار کی ردیف ہے:

(ا) ادا (ب) **<u>ہی آئے</u>**

(ج) درو بام (د) تمنا

73- خوش بو کی زبانی تیرا

(ا) انعام ہی آئے (ب) کام ہی آئے

(ج) **<u>پیغام ہی آئے</u>** (د) نام ہی آئے

74- شاعرہ کے کام کون سا جذبہ آیا:

(ا) کام (ب) تمام

(ج) ناتمام (د) **<u>ناکام</u>**

75- پیغام کی جمع ہے:

(ا) **<u>پیغامات</u>** (ب) پیاگام

(ج) پیغامی (د) پیغامے

☆☆☆☆☆

حصہ نثر

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ جو آں حضرت ﷺ کے تربیت یافتہ تھے اور آغاز نبوت سے آخر تک کم از کم 23 برس آپ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں رہے تھے۔ ایک دفعہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُن سے آپ ﷺ کے اخلاق وعادات کی نسبت سوال کیا۔ فرمایا: "آپ خندہ جبیں، نرم خو، مہربان طبع تھے۔ سخت مزاج اور تنگ دل نہ تھے۔" کوئی برا کلمہ منہ سے کبھی نہیں نکالتے تھے۔ عیب جو اور تنگ گیر نہ تھے۔ اپنے نفس سے تین چیزیں آپ ﷺ نے بالکل دور کر دی تھیں: "بحث و مباحثہ، ضرورت سے زیادہ بات کرنا اور جو بات مطلب کی نہ ہو، اس میں پڑنا۔ دوسروں کے متعلق بھی تین باتوں سے پرہیز کرتے تھے: کسی کو برا نہیں کہتے تھے، کسی کی عیب گیری نہیں کرتے تھے، کسی کے اندرونی حالات کی ٹوہ میں نہیں رہتے تھے۔ وہی باتیں کرتے تھے جن سے کوئی مفید نتیجہ نکل سکتا تھا۔ کوئی دوسرا بات کرتا تو جب تک وہ بات ختم نہ کر لیتا، چپ سنا کرتے۔ دوسروں کے منہ سے اپنی تعریف سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نہایت فیاض، نہایت راست گو، نہایت نرم طبع اور نہایت خوش صحبت تھے۔ اگر کوئی دفعتہ آپ ﷺ کو دیکھتا تو مرعوب ہو جاتا، لیکن جیسے جیسے، آشنا ہوتا جاتا، آپ ﷺ سے محبت کرنے لگتا۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ آغاز نبوت سے آخر تک نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے تربیت یافتہ تھے۔

(ا) **حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ** (ب) حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ولید
(ج) حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ (د) حضرت ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

2۔ آغاز نبوت سے آخر تک کا عرصہ ہے۔

(ا) 20 برس (ب) **23 برس**
(ج) 25 برس (د) 40 برس

3۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آپ خاتم النبیین ﷺ کے اخلاق وعادات کے بارے میں سوال کیا۔

(ا) حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ب) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(ج) **حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ** (د) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

4۔ اپنے نفس سے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے چیزیں دُور کر دی تھیں۔

(ا) دو (ب) پانچ
(ج) چار (د) **تین**

5۔ بحث و مباحثہ گرامر کی رو سے ہے:

(ا) **مرکب عطفی** (ب) اسم نکرہ
(ج) اسم معرفہ (د) اسم اشارہ

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

یہ اُمید کی خوشیاں ماں کو اُس وقت تھیں جب کہ بچہ غُوں غاں بھی نہیں کر سکتا تھا۔ مگر جب وہ ذرا اور بڑا ہوا اور معصوم ہنسی سے اپنی ماں کے دل کو شاد کرنے لگا اور اماں اماں کہنا سیکھا، اس کی پیاری آواز ادھورے لفظوں میں اس کی ماں کے کان میں پہنچنے لگی۔ آنسوؤں سے اپنی ماں کی آتشِ محبت کو بھڑکانے کے قابل ہوا۔ پھر مکتب سے اس کو سروکار پڑا۔ رات کو اپنی ماں کے سامنے دن کا پڑھا ہوا سبق غم زدہ دل سے سنانے لگا اور جب کہ وہ تاروں کی چھاؤں میں اُٹھ کر ہاتھ منہ دھو کر اپنے ماں باپ کے ساتھ صبح کی نماز میں کھڑا ہونے لگا اور اپنے بے گناہ دل، بے گناہ زبان سے بے ریا خیال سے خدا کا نام پکارنے لگا، تو امید کی خوشیاں اور کس قدر زیادہ ہو گئیں۔ اس کے ماں باپ اس معصوم بیٹے سے سچّی ہمدردی دیکھ کر کتنے خوش ہوتے ہیں۔ آہ! ہماری پیاری اُمید! تو ہی ہے جو مہد سے لحد تک ہمارے ساتھ رہتی ہے۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

6- اُمید کی خوشیاں کسے تھیں جب بچہ غوں غاں نہیں کر سکتا تھا:

(ا) **ماں** (ب) باپ
(ج) بہن (د) بھائی

7- ہم دردی ایک خاصیت ہے:

(ا) مصنوعی (ب) **قدرتی**
(ج) نمائشی (د) تجارتی

8- بچہ رات کو اپنی ماں کے سامنے سبق پڑھنے لگا۔

(ا) گنگناتے ہوئے (ب) چاہت سے
(ج) **غم زدہ دل سے** (د) خوش کن ترنّم سے

9- غوں غاں گرائمر کی رو سے ہے:

(ا) اسم اشارہ (ب) اسم نکرہ
(ج) اسم آلہ (د) **اسم صوت**

10- پیراگراف کا مرکزی خیال ہے:

(ا) **ماں کی بچے سے محبت** (ب) باپ کی خاندان سے محبت
(ج) طالب علم کی علم سے محبت (د) بچوں کی کھلونوں سے محبت

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

قوم ایک درخت کی مثال رکھتی ہے، جس کی ٹہنیاں اُس کے مختلف خاندان ہیں اور اُس کے پتے ہر ایک خاندان کے مرد و عورت۔ جب تک درخت کی جڑ ہری ہے، اُس کی ٹہنیاں اور پتے بھی ہرے ہیں۔ لیکن جب جڑ کو پانی نہ پہنچے گا، ٹہنیاں اور پتے سب سوکھ جائیں گے اور جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہماری کوشش سے تمام ملک کی حالت کیوں کر بدل سکتی ہے، ان کی خدمت میں یہ عرض کیا جاتا ہے کہ صرف دو خیال ہیں جنھوں نے دنیا کے تنزل اور ترقی پر بہت کچھ اثر کیا۔ ایک یہ کہ ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ دوسرے یہ کہ سب کچھ کر سکتے ہیں۔ پہلے خیال کا نتیجہ یہ ہوا کہ کچھ نہ ہوا اور دوسرے خیال نے دنیا میں بڑے بڑے عجائبات ظاہر کیے۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

11- قوم ایک مثال رکھتی ہے۔

(ا) **درخت کی** (ب) زمین کی
(ج) پانی کی (د) ہوا کی

12- دنیا کے تنزل اور ترقی پر اثر کرنے والے خیالات کی تعداد ہے:

(ا) ایک (ب) **دو**
(ج) تین (د) چار

13۔ پیراگراف میں کون سے دو لفظ ایک دوسرے کے متضاد استعمال ہوئے ہیں:
(ا) قوم اور خاندان (ب) حالت۔ عرض
(ج) **ترقی و تنزل** (د) جڑ، پتے

14۔ ٹہنیاں اور پتے سوکھ جائیں گے جب پانی نہ پہنچے گا۔
(ا) پودوں کو (ب) ٹہنیوں کو
(ج) پتوں کو (د) **جڑ کو**

15۔ ٹہنیوں کی واحد ہے:
(ا) **ٹہنی** (ب) ٹہنیاں
(ج) ٹہنات (د) ٹہنے

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

اگرچہ عورت اپنے خاوند کے گھر میں خوش حال ہو، لیکن جب اس کے باپ یا بھائی پر کوئی صدمہ ہوتا ہے تو گویا اُس کی جان پر صدمہ ہوتا ہے۔ دل بے قرار ہو جاتا ہے۔ جو عورت دونوں گھروں یعنی خاوند اور ماں باپ کی طرف سے بے فکر ہوتی ہے، اُس کا دل خوشی سے باغ باغ ہوتا ہے۔ اُدھر کی بے فکری سے اِدھر اور اِدھر کی خوش حالی سے اُدھر حرمت بڑھتی ہے۔ مثل مشہور ہے کہ بیٹا بیٹی سے زیادہ بھائی بہن پیارے ہوتے ہیں۔ واضح ہو کہ ماں باپ کے رشتے قدرتی ہیں اور اپنے اختیار سے باہر ہیں، بزرگوں کی عقل پختہ اور تجربے کار ہوتی ہے، اس واسطے ان کی رائے کو بھی مقدم سمجھنا چاہیے۔ بعد اس کے جاننا چاہیے کہ تمھارے ہر ایک رشتے دار کو آپس میں ایک دوسرے کا سہارا ہے۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

16۔ عقل پختہ اور تجربے کار ہوتی ہے:
(ا) **بزرگوں کی** (ب) استادوں کی
(ج) جوانوں کی (د) ماؤں کی

17۔ رشتہ ایک پیوند ہے:
(ا) مصنوعی (ب) **خدائی**
(ج) دنیاوی (د) لازمی

18۔ "دل خوشی سے باغ باغ ہونا" ہے:
(ا) کہاوت ہے (ب) مثل ہے
(ج) **محاورہ ہے** (د) روزمرہ ہے

19۔ خوش حالی کا متضاد ہے:
(ا) حرمت (ب) صدمہ
(ج) بے فکری (د) **بدحالی**

20۔ سبق "رشتہ ناتا" کے لکھاری ہیں:
(ا) **محمد حسین آزاد** (ب) غالبؔ
(ج) سرسید احمد خاں (د) الطاف حسین حالیؔ

☆ **مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔**

مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد اپنا غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔ چناں چہ اکبر کے آخری دور میں اسلام کی سربلندی کے لیے حضرت مجدّدِ الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کھڑے ہوئے۔ آپ نے جہانگیر کے زمانے میں محض دین کی خاطر قید وبند کی سختیاں جھیلیں اور اسلامی قدروں کو نئے سرے سے فروغ دیا۔ ان کے اثر سے شاہ جہاں اور اس کے بعد اس کا بیٹا اورنگ زیب، دین کا خادم بنا لیکن اورنگ زیب کے بعد ہی اس کے بیٹوں کے باہمی نفاق اور کمزوری کی وجہ سے مغلیہ سلطنت کا زوال شروع ہو گیا۔ مرہٹوں اور ہندوؤں کے کئی گروپ نے سر اُٹھایا۔ انگریزوں نے اپنے قدم جمائے اور ملک میں انتشار پھیل گیا لیکن ایسے گئے گزرے حالات میں بھی قوم کو فروغ دینے اور اسلام کو سربلند کرنے کے لیے میسور کے سلطان حیدر علی اور اس کے بیٹے سلطان ٹیپو نے ہندوؤں اور انگریزوں کا مقابلہ کیا۔ بل کہ افغانستان، ترکی اور پھر فرانس کو بھی اپنے ساتھ شامل کرنے کی کوشش کی لیکن ملک کے دوسرے سرداروں نے ساتھ نہیں دیا اور انھیں کامیابی حاصل نہ ہو سکی۔

☆ **درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔**

-21 **اسلام کی سربلندی کے لیے کھڑے ہوئے:**

(ا) **حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ** (ب) مولانا شوکت علی
(ج) مولانا محمد علی جوہر (د) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں

-22 **انگریزوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ترکی، فرانس اور افغانستان کو بھی اپنے ساتھ ملانا چاہا:**

(ا) حیدر علی (ب) **ٹیپو سلطان**
(ج) شاہ جہان (د) اورنگ زیب

-23 **حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے قید و بند کی سختیاں برداشت کیں:**

(ا) اکبر کے زمانے میں (ب) شاہ جہاں کے زمانے
(ج) **جہانگیر کے زمانے میں** (د) انگریزوں کے زمانے میں

-24 **حیدر علی سلطان تھا:**

(ا) پانی پت کا (ب) جھاڑ کھنڈ کا
(ج) سرنگا پٹم کا (د) **میسور کا**

-25 **قید و بند گرامر کی رو سے ہے:**

(ا) **مرکب عطفی** (ب) مرکب عددی
(ج) اسم اشارہ (د) مرکب توصیفی

☆ **مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔**

فتح اللہ خاں کی دو بیٹیاں تھیں، جمال آرا اور حُسن آرا۔ جمال آرا نواب اِسفَندیار خان کے بیٹے سے بیاہی گئی تھیں۔ حُسن آرا کی نسبت نواب جُھجر کے خاندان میں ہوئی۔ ان لڑکیوں کی خالہ شاہ زمانی بیگم اسی مُحلّے میں رہتی تھیں جس میں اصغری کا مَیکا تھا۔ اس مُحلّے میں تو اصغری کی لیاقت کا شور تھا۔ شاہ زمانی بیگم بھی اصغری کے حال سے خوب واقف تھیں۔ شاہ زمانی بیگم اپنی چھوٹی بہن (حُسن آرا کی ماں) سے ملنے کے لیے آئیں۔ دنیا کا دستور ہے کہ کوئی فرد بشر رنج سے خالی نہیں اگر ہر طرف سے خوشی ہی خوشی ہو تو انسان خُدا کو بھول کر بھی یاد نہ کرے۔ شاہ زمانی کی چھوٹی بہن سلطانہ کو دنیا کے سب عیش مُیَسَّر تھے، لیکن لڑکیوں کی طرف سے رنجیدہ خاطر رہا کرتی تھیں۔ حُسن آرا کے مزاج کی اُفتاد ایسی بُری پڑی تھی کہ اپنے گھر ہی میں سب سے بگاڑ تھا۔ نہ ماں کا لحاظ، نہ آپا کا ادب، نہ باپ کا ڈر۔ نوکر ہیں کہ آپ نالاں ہیں۔ لونڈیاں ہیں کہ الگ پناہ مانگتی ہیں۔ غرض حُسن آرا سارے گھر کو سر پر اٹھائے رہتی تھی۔ شاہ زمانی بیگم کے آنے سے چاہیے تھا کہ بڑی خالہ سمجھ کر حسن آرا گھڑی دو گھڑی کو چُپ ہو کر بیٹھ جاتی، کیا ذکر! شاہ زمانی بیگم کو پالکی سے اترے دیر نہ ہوئی تھی

کہ لگاتار دو تین فریادیں آئیں کہ بیگم صاحب دیکھیے چھوٹی صاحب زادی نے میری نئی اوڑھنی لیر لیر کر ڈالی۔ اب مجھے کون بنا کر دے گا؟ گلاب بلبلا اٹھی کر ہائے! میرا کان خونا خون ہو گیا۔ باورچی خانے سے ماما نے دُہائی دی، اچھی، خدا کے لیے کوئی ان کو سمجھاتا۔ سالن کی پتیلیوں میں مٹھیاں بھر بھر کر راکھ جھونک رہی ہیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

26۔ شاہ زمانی بیگم اتریں:

(ا) **<u>پالکی سے</u>** (ب) رکشے سے
(ج) بگھی سے (د) گھوڑے سے

27۔ "گھر کو سر پر اٹھائے رکھنا" کا مطلب ہے:

(ا) گھر کے کام سنبھالنا (ب) **<u>شور مچانا</u>**
(ج) گھر کو کرائے پر دینا (د) گھر کو صاف رکھنا

28۔ فتح اللہ کی بیٹیاں تھیں:

(ا) چار (ب) ایک
(ج) **<u>دو</u>** (د) تین

29۔ میکا کہتے ہیں:

(ا) ننھیال کو (ب) دھدیال کو
(ج) سسرال کو (د) **<u>ماں باپ کے گھر کو</u>**

30۔ شاہ زمانی کی بہن تھی:

(ا) **<u>سلطانہ</u>** (ب) اصغری
(ج) حسن آرا (د) جمال آرا

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

بڑھاپا بچپن کا دورِ ثانی ہوا کرتا ہے۔ بوڑھی کاکی میں ذائقے کے سوا کوئی حس باقی نہ تھی۔ آنکھیں، ہاتھ، پیر سب جواب دے چکے تھے۔ زمین پر پڑی رہتیں اور جب گھر والے کوئی بات ان کی مرضی کے خلاف کرتے، کھانے کا وقت ٹل جاتا یا مقدار کافی نہ ہوتی یا بازار سے کوئی چیز آتی اور انھیں نہ ملتی تو رونے لگتی تھیں اور ان کا رونا محض بسُورنا نہ تھا۔ وہ با آواز بلند روتی تھیں۔ ان کے شوہر کو مَرے ہوئے ایک زمانہ گزر گیا۔ سات بیٹے جوان ہو ہو کر داغ دے گئے اور اب ایک بھتیجے کے سوا دنیا میں ان کا کوئی نہ تھا۔ اسی بھتیجے کے نام انھوں نے ساری جائداد لکھ دی تھی۔ ان حضرت نے لکھاتے وقت تو خوب لمبے چوڑے وعدے کیے لیکن وہ وعدے صرف سبز باغ تھے، اس جائداد کی سالانہ آمدنی ڈیڑھ دو سو روپے سے کم نہ تھی، لیکن بوڑھی کاکی کو اب پیٹ بھر روکھا دانہ بھی مشکل سے ملتا۔ بدھ رام طبیعت کے نیک آدمی تھے، لیکن اسی وقت تک کہ ان کی جیب پر کوئی آنچ نہ آئے۔ رُوپا طبیعت کی تیز تھی لیکن ایشور سے ڈرتی تھی، اس لیے بوڑھی کاکی پر اس کی تیزی اتنی نہ کھلتی تھی جتنی بدھ رام کی نیکی۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

31۔ بڑھاپا دورِ ثانی ہوا کرتا ہے:

(ا) **<u>بچپن کا</u>** (ب) طفولیت کا
(ج) بلوغت (د) جوانی کا

32- بڑھیا کے جوان بیٹے مر گئے تھے:

(ا) چھ　　(ب) **سات**

(ج) پانچ　　(د) آٹھ

33- "سبز باغ دکھانا" کا مطلب ہے:

(ا) خوش ہونا　　(ب) باغ میں لے جانا

(ج) **دھوکا دینا**　　(د) خوش کرنا

34- بوڑھی کاکی میں حِس باقی تھی:

(ا) دیکھنے کی　　(ب) سننے کی

(ج) سونگھنے کی　　(د) **ذائقے کی**

35- بدھ رام آدمی تھے:

(ا) **نیک**　　(ب) عیار

(ج) مکار　　(د) احمق

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

جب ساہوکار مر گیا تو چاروں بھائیوں نے کھاٹ کے اپنے اپنے پائے تلے سے زمین کھودی، دھن کی دیگ باہر نکالی۔ دیکھتے کیا ہیں کہ ایک دیگ میں ہیرے جواہرات رکھے ہیں، دوسرے سونے سے بھری ہے اور تیسری چوتھی میں کچھ بھی نہیں! ایک میں صرف مُٹھی بھر مٹی پڑی ہے اور دوسری میں دو چار سوکھی ہڈیاں ہیں۔ جن لڑکوں کو ہیرے جواہرات اور سونے کی دیگیں ملیں، وہ تو بڑے خوش ہوئے۔ باقی دو لڑکوں کو جو مٹی اور ہڈیوں کی دیگیں ملیں وہ سخت ناراض ہوئے اور بھائیوں سے کہا:

"اس مٹی اور ہڈیوں کا ہم کیا کریں گے؟ ہم اصل ملکیت سے ضرور حصہ لیں گے۔"

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

36- ساہوکار کے بیٹے تھے:

(ا) **چار**　　(ب) پانچ

(ج) تین　　(د) دو

37- تیسری دیگ میں تھے:

(ا) ہیرے　　(ب) **کچھ بھی نہیں**

(ج) جواہرات　　(د) سونا چاندی

38- چوتھی دیگ میں کیا تھا:

(ا) پلاؤ　　(ب) زردہ

(ج) **دو چار سوکھی ہڈیاں**　　(د) پانی

39- چار دیگیں پایوں کے نیچے دفن تھیں:

(ا) چارپائی کے　　(ب) کرسی کے

(ج) میز کے　　(د) **کھاٹ کے**

40- ایک دیگ میں تھی مٹی بھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(ا) **مٹی** (ب) ریت

(ج) گندم (د) دال

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

یہی دن تھا اور وہ چھٹی پر آیا ہوا تھا۔ صبح سے گھر میں رونق تھی۔ میری رضیہ نے گھر میں رنگارنگ جھنڈیاں لگائی تھیں۔ سب عزیز، ہم سائے، اس کے دوست جمع ہوئے تھے۔ اتنی چہل پہل اور ہنگامہ تھا کہ شادی کا سا سماں لگتا تھا۔ رضیہ کو بھائی کی سال گرہ منانے کا بہت شوق تھا۔ دوست احباب جاوید کو تحفے دے رہے تھے۔ رضیہ نے خود پیسے جمع کر کے جو ہار خریدا تھا، وہ الماری میں سے نکال کر خوشی خوشی بھائی کی طرف لیے چلی آرہی تھی۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

41- جاوید کو تحفے دے رہے تھے۔

(ا) **دوست احباب** (ب) ماں باپ

(ج) بہن بھائی (د) ہم جماعت

42- سالگرہ منانے کا بہت شوق تھا۔

(ا) آمنہ کو (ب) **رضیہ کو**

(ج) ہادیہ کو (د) رضوانہ کو

43- "چہل پہل" کا معنی ہے:

(ا) سماں (ب) شادی

(ج) **رونق** (د) ہنگامہ

44- رضیہ نے خود پیسے جمع کر کے خریدا تھا:

(ا) تحفہ (ب) سوٹ

(ج) ریڈیو (د) **ہار**

45- لفظ ہار کا متضاد ہے:

(ا) **جیت** (ب) مالا

(ج) غم (د) مایوسی

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

نام دیو مقبرۂ رابعہ دورانی، اورنگ آباد (حیدر آباد دکن) کے باغ میں مالی تھا۔ مقبرے کا باغ میری نگرانی میں تھا۔ میرے رہنے کا مکان بھی باغ کے احاطے ہی میں تھا۔ میں نے اپنے بنگلے کے ساتھ چمن بنانے کا کام، نام دیو کے سپرد کیا۔ میں اندر کمرے میں کام کرتا رہتا تھا۔ میری میز کے سامنے بڑی سی کھڑکی تھی۔ اس میں سے چمن صاف نظر آتا تھا۔ لکھتے لکھتے کبھی نظر اٹھا کر دیکھتا تو نام دیو کو اپنے کام میں مصروف پاتا۔ بعض دفعہ اس کی حرکتیں دیکھ کر بہت تعجب ہوتا۔ مثلاً: کیا دیکھتا ہوں کہ نام دیو ایک پودے کے سامنے بیٹھا، پانی ڈال کر ڈول درست کی اور ہر رُخ سے پودے کو مُڑ مُڑ کر دیکھ۔ پھر اُلٹے پاؤں پیچھے ہٹ کر اسے دیکھنے لگا۔ دیکھتا جاتا تھا اور مسکراتا اور خوش ہوتا تھا۔ یہ دیکھ کر مجھے حیرت بھی ہوتی اور خوشی بھی۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

46- نام دیو ایک تھا۔

(ا) **<u>مالی</u>** (ب) حکیم

(ج) باورچی (د) دربان

47- نام دیو کس باغ کا مالی تھا:

(ا) کھیم کرن (ب) **<u>مقبرہ رابعہ دورانی</u>**

(ج) میسور (د) راجھستان

48- سبق "نام دیو۔ مالی" مصنف کا نام ہے:

(ا) سرسید احمد خاں (ب) الطاف حسین حالی

(ج) **<u>مولوی عبدالحق</u>** (د) عبدالحلیم شرر

49- لفظ احاطے کا معنی ہے:

(ا) منزل (ب) گھر

(ج) باغ (د) **<u>چار دیواری</u>**

50- لفظ "حرکتیں" کا واحد ہے:

(ا) **<u>حرکت</u>** (ب) حرکات

(ج) حرکتوں (د) تحاریک

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

ڈاک بنگلے کی رعایت سے مجھے ڈسٹرکٹ بورڈ کی ایک ڈسپنسری یاد آگئی، جو ایک نہایت دُور افتادہ گاؤں میں واقع ہے۔ بغیر اطلاع دیے دُور دراز دیہات میں اکیلے گھومنے کا مجھے بے حد شوق ہے۔ اس طرح ایک انسان کی آنکھ اُن نظاروں کا مشاہدہ کرتی ہے جو ڈپٹی کمشنر کی آنکھ کو نصیب نہیں ہوتا۔ ان دو آنکھوں میں بڑا عجیب و غریب فرق ہے۔ انسان کی آنکھ سب کچھ دیکھتی ہے اور ڈپٹی کمشنر کی آنکھ فقط وہی دیکھنے کی عادی ہو جاتی ہے جو اسے دکھایا جائے۔ اس کے علاوہ انسان کی آنکھ عموماً سیدھی ہوتی ہے اور ڈپٹی کمشنر کی آنکھ اپنے ٹیڑھے ترچھے زاویوں کی وجہ سے کسی قدر بھینگی ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔۔ خیر، اُس دُور افتادہ گاؤں میں مجھے ایک اصطبل نظر آیا جو دراصل وہاں کا اسپتال تھا۔ ڈاکٹر صاحب دھوتی اور بنیان پہنے کرسی پر اکڑوں بیٹھے تھے اور اپنے گھٹنوں پر پرچیاں رکھے نسخے لکھ لکھ کر مریضوں کو دے رہے تھے، جنھوں نے کرسی کے چاروں طرف گھیر اڈالا ہوا تھا۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

51- ڈاک بنگلے کی رعایت سے یاد آگئی:

(ا) **<u>ایک ڈسپنسری</u>** (ب) ایک سکول

(ج) ایک عمارت (د) ڈاکخانہ

52- دھوتی اور بنیان پہنے کرسی پر اکڑوں بیٹھے تھے:

(ا) حکیم صاحب (ب) **<u>ڈاکٹر صاحب</u>**

(ج) استاد صاحب (د) ڈپٹی کمشنر صاحب

53- آنکھ سب کچھ دیکھتی ہے:

(ا) حیوان کی　　(ب) فرشتے کی

(ج) **انسان کی**　　(د) پتھر کی

54- جو اصطبل نظر آیا وہ دراصل تھا:

(ا) عجائب گھر　　(ب) ڈاک بنگلا

(ج) سکول　　(د) **اسپتال**

55- ڈپٹی کمشنر کی آنکھ ٹیڑھے ترچھے زاویوں کی وجہ سے ہو جاتی ہے:

(ا) **بھینگی**　　(ب) خوش نما

(ج) بدنما　　(د) پھولی ہوئی

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

گھر والی کی اُونہہ سب سے خطرناک اُونہہ ہوتی ہے۔ کسی ماما پر خفا ہو رہی ہیں۔ وہ برابر جواب دیے جاتی ہے۔ یہ "اونہہ "کر کے خاموش ہو جاتی ہیں۔ لیجیے، نوکر شیر ہو گئے۔ گھر کا سار انتظام درہم برہم، خود ان کے اختیارات سلب، گھر کی حکومت اُن سے چھن، ماماؤں کے ہاتھ میں چلی گئی۔ کوئی چیز چوری ہو گئی۔ بیگم صاحبہ نے اِدھر اُدھر ڈھونڈا۔ کچھ تھوڑا بہت غل مچایا۔ آخر "اونہہ "کر کے بیٹھ گئیں۔ اب کیا ہے! پٹاری میں سے کتّھا چھالیا غائب، خرچ کی صندوقچی میں سے روپے پیسے غائب، صندوقوں میں سے کپڑے غائب۔ غرض، رفتہ رفتہ سارے گھر کا صفایا ہو گیا۔ ماما نے کوئی رکابی توڑ ڈالی۔ شکایت ہوئی، انھوں نے وہی اپنی 'اُونہہ' کا استعمال کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑے ہی دنوں میں الماری کے پیچھے سے شیشے اور چینی کا اتنا ٹوٹا ہوا سامان نکلا کہ خاصے کئی صندوق بھر جائیں۔ بچوں نے کوئلے سے دیواروں پر لکیریں کھینچیں، دروازوں پر پنسل سے کیڑے مکوڑے بنائے۔ پہلے تو یہ تھوڑی بہت بگڑیں، پھر 'اُونہہ' کر کے چپ ہو گئیں۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

56- "اونہہ "کر کے چپ ہونے سے نوکر ہوتے جاتے ہیں:

(ا) **شیر**　　(ب) بے ادب

(ج) با ادب　　(د) دلیر

57- "اونہہ "سب سے خطرناک ہوتی ہے:

(ا) باپ کی　　(ب) **گھر والی کی**

(ج) استاد کی　　(د) ماں کی

58- الماری کے پیچھے سے ٹوٹا ہوا سامان نکلا:

(ا) لکڑی اور پلاسٹک　　(ب) سٹیل اور تانبے کا

(ج) **شیشے اور چینی کا**　　(د) پلاسٹک اور شیشے کا

59- "غل مچانا":

(ا) کہاوت ہے　　(ب) روز مرہ ہے

(ج) ضرب المثل ہے　　(د) **محاورہ ہے**

60- بچوں نے دیواروں پر لکیریں کھینچیں:

(ا) **کوئلے سے** (ب) پنسل سے

(ج) رنگ سے (د) چاک سے

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

ابن الہیثم کا نام ابو علی الحسن تھا، برسوں کی تحقیق کے بعد روشنی پر ایک کتاب لکھی، جس میں انھوں نے پہلی بار یہ بتایا کہ روشنی کیا ہے؟ انھوں نے روشنی کو توانائی قرار دیا، جسے آج ساری دنیا تسلیم کرتی ہے۔ اس کتاب میں بتایا گیا ہے کہ آنکھ کیسے دیکھتی ہے اور اس کی اندرونی بناوٹ کیسی ہے۔ ابن الہیثم نے یہ اصول بیان کیا کہ جب روشنی کی شعاعیں کسی باریک سوراخ سے گزر کر کسی پردے پر پڑتی ہیں تو وہ اُس پردے پر اُس جسم کا اُلٹا عکس ڈالتی ہیں جس سے نکل کر وہ آرہی ہیں۔ انھوں نے عملی طور پر اس کا مظاہرہ کر کے دکھایا یعنی ایک شمع کا الٹا عکس پردے پر ڈالا۔ یہی کیمرے کا اصول ہے۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

61- کیمرے کے اصول کا بانی ہے:

(ا) **ابن الہیثم** (ب) البیرونی

(ج) زہراوی (د) جابر بن حیان

62- ابن الہیثم کا اصل نام تھا:

(ا) ابوالقاسم (ب) **ابو علی الحسن**

(ج) جنید مصری (د) طارق ایرانی

63- ابن الہیثم نے کتاب لکھی:

(ا) حرارت پر (ب) ریاضی پر

(ج) **روشنی پر** (د) الجبرا پر

64- کیمرے کا اصول بیان کیا:

(ا) الرازی نے (ب) الخوارزمی نے

(ج) البیرونی (د) **ابن الہیثم نے**

65- روشنی کو توانائی قرار دیا:

(ا) **ابن الہیثم نے** (ب) حکیم سعید نے

(ج) فخر الدین رازی نے (د) سید حسن نصر نے

☆ مندرجہ بالا پیراگراف غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

رُوٹھے ہی رہو گے یا کبھی منو گے بھی؟ اور اگر کسی طرح نہیں منتے تو رُوٹھنے کی وجہ تو لکھو۔ میں اس تنہائی میں صرف خطوط کے بھروسے جیتا ہوں، یعنی جس کا خط آیا، میں نے جانا کہ وہ شخص تشریف لایا۔ خدا کا احسان ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا، جو اطراف و جوانب سے دو چار خط آرہتے ہوں۔ بل کہ ایسا بھی دن ہوتا ہے کہ دو دو بار ڈاک کا ہرکارہ خط لاتا ہے۔ ایک دو صبح کو اور ایک دو شام کو۔ میری دل لگی ہو جاتی ہے۔ دن اُن کے پڑھنے اور جواب لکھنے میں گزر جاتا ہے۔ یہ کیا سبب، دس دس بارہ بارہ دن سے تمھارا خط نہیں آیا۔ یعنی تم نہیں آئے۔ خط لکھو صاحب۔ نہ لکھنے کی وجہ لکھو، آدھ آنے میں بخل نہ کرو۔ ایسا ہی ہے تو بیرنگ بھیجو۔

☆ درست جواب کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

66- "روٹھنا" کا متضاد ہے:

(ا) **<u>ماننا</u>** (ب) خوش ہونا
(ج) خوش حال ہونا (د) بدحال ہونا

67- اطراف وجوانب ترکیب ہے:

(ا) مرکب عددی (ب) **<u>مرکب عطفی</u>**
(ج) مرکب توصیفی (د) مرکب اشاری

68- تمھارا خط نہیں آتا:

(ا) ہفتے سے (ب) مہینے سے
(ج) **<u>دس دس روز سے</u>** (د) سال بھر سے

69- میں خطوط کے سہارے جیتا ہوں:

(ا) غم میں (ب) شادمانی میں
(ج) مایوسی میں (د) **<u>تنہائی میں</u>**

70- مرزا غالب کا پہلا خط ہے:

(ا) **<u>ہرگوپال تفتہ کے نام</u>** (ب) سر مہدی کے نام مجروح
(ج) عارف کے نام (د) دارا کے نام

اسلامیات

(پی ایس ٹی کے لیے)

1۔ عقائد میں سب سے پہلا عقیدہ ہے:

(ا) اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان لانا

(ب) رسولوں کی رسالت پر ایمان لانا

(ج) قیامت کے دن پر ایمان لانا

(د) تقدیر خیر و شر پر ایمان لانا

اسلامی عقائد میں سب سے پہلا عقیدہ "توحید" ہے۔ توحید سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ایک معبود تسلیم کیا جائے۔ عقیدہ رسالت اور قیامت وغیرہ پر ایمان عقیدہ توحید کے بعد ہیں۔

2۔ توحید کے لفظی معنی ہیں:

(ا) شریک کرنا

(ب) ایک ماننا

(ج) انکار کرنا

(د) تصدیق کرنا

توحید کا لفظ "وحد" سے نکلا ہے۔ اس کا معنی ہے "ایک"۔ لہٰذا توحید کا لغوی معنی ہے "کسی کو ایک ماننا"۔ باقی تمام آپشنز اس کے بالکل برعکس ہیں۔

3۔ توحید کے بغیر جنت میں جانا:

(ا) آسان ہے

(ب) مشکل ہے

(ج) ناممکن ہے

(د) ممکن ہے

عقیدہ توحید اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے۔ اس کے بغیر انسان مسلمان نہیں ہو سکتا۔ اس لیے عقیدہ توحید پر ایمان لائے بغیر جنت میں جانا ممکن نہیں ہے۔

4۔ قرآن مجید کی جس سورت میں توحید کی بنیادی باتیں بیان کی گئی ہیں وہ ہے:

(ا) سورۃ الکافرون

(ب) سورۃ الاخلاص

(ج) سورۃ الفلق

(د) سورۃ الناس

سورۃ الاخلاص میں عقیدہ توحید کی بنیادی باتیں ذکر کی گئی ہیں۔ مثلاً "اللہ ایک ہے"، "وہ بے نیاز ہے"، "اس کی کوئی اولاد نہیں اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ہے"، اور "اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے"۔

5۔ اسلام میں جس عقیدے پر زور دیا گیا ہے وہ ہے:

(ا) رہبانیت

(ب) توحید

(ج) آخرت

(د) اعمال

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تب ہر طرف شرک پھیلا ہوا تھا۔ اس لیے اسلام میں عقیدہ توحید پر زیادہ زور دیا گیا تاکہ شرک کا خاتمہ ہو سکے۔

6- اس کے سوا کوئی--------کے لائق نہیں

(ا) عبادت

(ب) توحید

(ج) تخلیق

(د) رسالت

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی عبادت کے لائق نہیں۔۔باقی تمام آپشنز اس جملے کا معنیٰ غلط کر دیتے ہیں اس لیے وہ درست نہیں۔

7- وہی ہر چیز----------کرنے والا ہے

(ا) اٹھانے

(ب) موجود

(ج) پیدا

(د) ایجاد

وہی ہر چیز پیدا کرنے والا ہے۔باقی تمام آپشنز اس جملے کا معنیٰ غلط کر دیتے ہیں اس لیے وہ درست نہیں۔

8- "ایمانیات" --------سے ماخوذ ہے۔

(ا) امن

(ب) مامون

(ج) ایمان

(د) امین

"ایمانیات" سے مراد وہ چیزیں ہیں جو "ایمان" سے تعلق رکھتی ہیں، مثلاً عقیدہ توحید، رسالت، قیامت وغیرہ۔۔

9- ایمان کے معنی ہیں:

(ا) دل سے تصدیق کرنا

(ب) محفوظ رکھنا

(ج) امن دینا

(د) نیک عمل کرنا

"ایمان" کا معنیٰ شرعی اعتبار سے یہ ہے کہ انسان کسی چیز کی تصدیق زبان اور دل دونوں سے کرے۔۔باقی تمام آپشنز اس معنیٰ کے خلاف ہیں اس لیے درست نہیں۔

10- ایمانیات کو--------بھی کہا جاتا ہے۔

(ا) ارکان

(ب) اعمال

(ج) افعال

(د) عقائد

"ایمانیات" سے مراد وہ چیزیں ہیں جو "ایمان" سے تعلق رکھتی ہیں، مثلاً عقیدہ توحید، رسالت، قیامت وغیرہ۔۔اس لیے "عقائد" ہی درست آپشن ہے۔

11- "عقیدہ" کا لفظ----------سے نکلا ہے۔

(ا) "عقد"

(ب) "تعد"

(ج) "قید"

(د) "قود"

عقیدہ کا لفظ "عَقَدَ" سے بنا ہے۔۔اس کا معنیٰ ہے گرہ لگانا۔ عقیدے چونکہ ایسا نظریہ ہوتا ہے جو نہایت مضبوط ہوتا ہے اس لیے اسے عقیدہ کہا جاتا ہے۔

12- "عقد" کا معنیٰ ہے:

(ا) شک کرنا

(ب) گمان کرنا

(ج) یقین کرنا

(د) مضبوط گرہ باندھنا

عقیدہ کا لفظ "عقد" سے بنا ہے۔۔اس کا معنی ہے گرہ لگانا۔ عقیدہ چونکہ ایسا نظریہ ہوتا ہے جو نہایت مضبوط ہوتا ہے اس لیے اسے عقیدہ کہا جاتا ہے۔

13۔ عبادت کے لغوی معنی ہیں:

(ا) توحید

(ب) بندگی

(ج) ایمان

(د) اچھے عمل

عبادت کے معنی ہیں "غلامی"۔۔۔بندگی سے مراد بھی یہی ہے کہ جس طرح غلام اپنے آقا کی بات مانتا ہے، انسان بھی اللہ تعالیٰ کی بات مان کر زندگی گزارے۔

14۔ توحید کی کتنی اقسام ہیں:

(ا) 5

(ب) 1

(ج) 4

(د) 2

توحید کی دو اقسام ہیں۔توحید ذاتی اور توحید صفاتی۔توحید ذاتی سے مراد ہے کہ اللہ کو ذات کے اعتبار سے ایک مانا جائے اور کسی کو اس کی ذات میں شریک نہ کیا جائے اور توحید صفاتی سے مراد ہے کہ اللہ کی صفات میں کسی کو شریک نہ کیا جائے۔

15۔ اللہ تعالیٰ بے عیب اور ہر--------سے پاک ہے۔

(ا) نقص

(ب) چیز

(ج) مشکل

(د) غیر

درست جملہ ہے "اللہ تعالیٰ بے عیب اور ہر نقص سے پاک ہے"۔باقی تمام آپشنز میں جملے کا معنی غلط ہو جائے گا۔

16۔ اذان کے لغوی معنی ہیں:

(ا) شرکت کرنا

(ب) اعلان کرنا

(ج) جمع ہونا

(د) اجازت دینا

اذان کا معنی ہے "اعلان کرنا، پکارنا، منادی کرنا"۔اسلام میں اذان سے مراد وہ پکار ہے جو نماز کے لیے بلانے کی غرض سے دی جاتی ہے۔اسی لیے اسے اذان کہتے ہیں۔

17۔ اذان کے ذریعے دن اور رات میں--------مرتبہ مسلمانوں کو نماز کے لیے بلایا جاتا ہے۔

(ا) 2

(ب) 3

(ج) 4

(د) 5

اسلام میں ہر مرد و عورت پر دن میں پانچ نمازیں فرض ہیں۔ ان کی ادائیگی کے لیے دن اور رات میں پانچ بار اذان دی جاتی ہے۔اذان صرف فرض نماز کے لیے دی جاتی ہے۔

18۔ مسلمانوں کو مسجد میں باجماعت نماز پڑھنے کا حکم ہوا:

(ا) معراج سے پہلے

(ب) ہجرتِ مدینہ سے پہلے

(ج) مکی دور میں

(د) ہجرتِ مدینہ کے بعد

ہجرت سے پہلے مکی دور میں اگر چہ نماز فرض تو ہو چکی تھی۔ لیکن انفرادی طور پر پڑھنے کا حکم تھا۔ باجماعت نماز کا حکم مدینہ میں جاکر نازل ہوا۔

19۔ اسلام کے پہلے مؤذن ہیں:

(ا) حضرت ابو بکرؓ

(ب) حضرت بلالؓ

(ج) حضرت عمرؓ

(د) حضرت حمزہؓ

ہجرت مدینہ کے بعد مسلمانوں کو نماز کے لیے جمع کرنے کے طریقے کے بارے میں مشاورت ہوئی۔ حضرت عبد اللہ بن زید نے خواب میں وہ کلمات سنے جو اب اذان میں کہے جاتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ یہی کلمات بلند آواز سے پڑھیں۔

20۔ "الصلوۃ خیر من النوم" کا معنی ہے:

(ا) نماز ادا کرو

(ب) نماز کے لیے آؤ

(ج) نماز کا وقت ہو چکا ہے

(د) نماز نیند سے بہتر ہے

یہ الفاظ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دور سے ہی اذان کا حصہ ہیں اور فجر کی اذان میں کہے جاتے ہیں۔ کیونکہ اس وقت عموما لوگ نیند کی حالت میں ہوتے ہیں۔ ان کو بیدار کرنے لیے یہ کلمات کہے جاتے ہیں۔

21۔ ---------کی گردنیں قیامت کے روز لوگوں میں بلند ہوں گی۔

(ا) مؤذن

(ب) پرہیزگار

(ج) امام

(د) نمازی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" :المؤذنون أطول الناس أعناقا يوم القيامة" "روز قیامت موذنوں کی گردنیں سب سے اونچی ہوں گی۔

22۔ بچے کی پیدائش کے بعد سب سے پہلے دائیں کان میں -------کہی جاتی ہے۔

(ا) توحید

(ب) نماز

(ج) رسالت

(د) اذان

جب بچہ پیدا ہو تو اسلامی تعلیمات کی رو سے اس کے دائیں کان میں اذان کہی جاتی ہے اور بائیں کان میں اقامت۔ یہ حدیث مبارکہ سے ثابت ہے۔

23۔ قیامت کے روز جس چیز کے بارے میں سب سے پہلے پوچھا جائے گا وہ---------ہے۔

(ا) زکوۃ

(ب) نماز

(ج) حج

(د) روزہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"کہ قیامت کے دن سب سے پہلے اعمال میں سے نماز کا حساب ہوگا اگر وہ صحیح ہوئی تو اسے کامیاب قرار دیا جائے گا۔

24۔ "جس شخص نے دو---------وقتوں والی نمازیں پڑھی، وہ جنت میں داخل ہوگا"

(ا) گرم

(ب) نرم

(ج) ٹھنڈے

(د) مشکل

دو ٹھنڈے وقتوں والی نماز سے مراد نماز فجر اور نماز عشاء ہے۔ کیونکہ یہ دونوں نمازیں اس وقت ادا کی جاتی ہیں جب فضا سرد ہوتی ہے، اس لیے عموماً لوگ ان کی ادائیگی میں سستی کرتے ہیں۔ حدیث میں جنت کی بشارت کی وجہ بھی یہی ہے کہ ان کی ادائیگی کے لیے اٹھنا انسان کو مشکل لگتا ہے۔

25- "پاک ہونا" نماز کے لیے-------ہے۔

(ا) سنت

(ب) شرط

(ج) واجب

(د) فرض

نماز کی شرائط میں سے ایک شرط ہے کہ انسان خود پاک ہو۔ یعنی ظاہری طور پر بھی جسم یا لباس وغیرہ پر کوئی ناپاکی نہ لگی ہو۔ اور بے وضو وغیرہ بھی نہ ہو۔

26- "ستر عورت" کا معنی ہے:

(ا) چھپ جانا

(ب) نماز میں اپنے آگے کوئی آڑ رکھنا

(ج) عورت کا نماز پڑھنا

(د) شرعی حکم کے مطابق جسم کا ڈھکا ہونا

ستر کا لفظی معنی ہے "چھپانا"، اور "عورت" کا معنی ہے وہ چیز جو چھپائی جانی چاہیے۔

27- فرائض نماز کتنے ہیں:

(ا) 5

(ب) 6

(ج) 7

(د) 8

نماز کے فرائض درج ذیل ہیں:
تکبیر تحریمہ، قیام، قراءت، رکوع، سجود، قعدہ اخیرہ، سلام پھیرنا

28- نماز دین کا-------ہے:

(ا) فریضہ

(ب) ستون

(ج) فرض

(د) قلعہ

حدیث میں آتا ہے "الصلوٰۃ عماد الدین"۔ یعنی نماز دین کا ستون ہے۔

29- نماز میں رکوع کی حیثیت:

(ا) شرط کی ہے

(ب) فرض کی ہے

(ج) واجب کی ہے

(د) مستحب کی ہے

نماز کے سات فرائض درج ذیل ہیں:
تکبیر تحریمہ، قیام، قراءت، رکوع، سجود، قعدہ اخیرہ، سلام پھیرنا

30- نماز کے فرائض:

(ا) تین ہیں

(ب) پانچ ہیں

(ج) سات ہیں

(د) نو ہیں

نماز کے فرائض درج ذیل ہیں:
تکبیر تحریمہ، قیام، قراءت، رکوع، سجود، تعدہ اخیرہ، سلام پھیرنا

31۔ سب سے پہلا عمل جو میت کو دفنانے سے قبل کیا جاتا ہے:
(ا) میت کو کفن پہنایا جاتا ہے
(ب) میت کو غسل دیا جاتا ہے
(ج) میت کی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے
(د) میت کو دیکھنے کے لیے رکھا جاتا ہے

نماز جنازہ فرض کفایہ ہے۔ دفنانے سے پہلے غسل دینے کے بعد میت کو سامنے رکھ کر جو نماز ادا کی جاتی ہے اسے نمازہ جنازہ کہا جاتا ہے۔ اس میں میت کے لیے مغفرت کی دعا کی جاتی ہے۔ میت کو کفن پہنانا، غسل دینا اور دیکھنے کے لیے رکھنا یہ سب نماز جنازہ سے پہلے ہوتا ہے۔

32۔ نماز جنازہ کی ادائیگی مسلمانوں کے لیے ہے:
(ا) فرض عین
(ب) نفل
(ج) فرض کفایہ
(د) سنت

فرض کفایہ وہ فرض ہوتا ہے جو اگر چند افراد بھی ادا کر لیں تو پورے علاقے والوں کی طرف سے ادا ہو جاتا ہے۔ نماز جنازہ بھی فرض کفایہ ہے۔

33۔ نمازِ جنازہ میں:
(ا) رکوع اور سجدے ہوتے ہیں
(ب) صرف رکوع ہوتے ہیں
(ج) صرف سجدے ہوتے ہیں
(د) رکوع اور سجدے نہیں ہوتے

نماز جنازہ عام نمازوں کی طرح نہیں ہے۔ اس میں رکوع اور سجدے نہیں ہوتے۔ صرف چار تکبیریں ہوتی ہیں، جن کے درمیان دعائیں پڑھی جاتی ہیں۔

34۔ ہر متنفس--------کا ذائقہ چکھنے والا ہے
(ا) آخرت کا
(ب) مشکل کا
(ج) عذاب کا
(د) موت کا

سورۃ آل عمران میں ارشاد باری تعالیٰ ہے "کل نفس ذائقۃ الموت"۔ "ہر متنفس موت کا ذائقہ چکھنے والا ہے"۔

35۔ حج اسلام کا--------رکن ہے:
(ا) دوسرا
(ب) تیسرا
(ج) چوتھا
(د) پانچواں

اسلام کے ارکان یہ ہیں:
شھادتین (توحید و رسالت)، نماز، روزہ، حج، زکوۃ

36۔ حج مسلمانوں پر فرض ہوا:
(ا) 6ھ
(ب) 7ھ
(ج) 8ھ
(د) 9ھ

حج مسلمانوں پر مدینہ منورہ ہجرت کرنے کے بعد فرض ہوا۔
حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی میں ایک ہی حج کیا۔ اور
اسے حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

37- صفاومروہ:

(ا) منیٰ کے قریب ہے

(ب) عرفات کے قریب ہے

(ج) مزدلفہ کے قریب ہے

(د) بیت اللہ کے قریب ہے

صفاومروہ دو چھوٹی پہاڑیوں کا نام ہے۔ یہ بیت اللہ کے سامنے
واقع ہیں۔ اور مسجد الحرام کا حصہ ہیں۔ عمرہ اور حج کرنے والے
افراد ان کے درمیان سعی کرتے ہیں۔

38- حج فرض ہے:

(ا) صرف امیروں پر

(ب) غریب اور امیر دونوں پر

(ج) ہر صاحب استطاعت پر

(د) ہر شخص پر

قرآن میں ارشاد ہے: ''اور اللہ کے لیے لوگوں پر حج بیت اللہ
(فرض) ہے، اس شخص پر جو زاد راہ کی استطاعت رکھتا ہو''۔

39- حج فرض ہونے کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی
زندگی میں حج کیا:

(ا) ایک مرتبہ

(ب) تین مرتبہ

(ج) پانچ مرتبہ

(د) سات مرتبہ

حج مسلمانوں پر مدینہ منورہ ہجرت کرنے کے بعد فرض ہوا۔
حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی میں ایک ہی حج کیا۔ اور
اسے حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

40- حج ادا کرنے والے وقوف کرتے ہیں:

(ا) صفا میں

(ب) مروہ میں

(ج) منیٰ میں

(د) عرفات میں

وقوف سے مراد ٹھہرنا ہے۔ حج کے دوران ۹ ذی الحجہ کو حاجی
میدان عرفات میں ٹھہرتے ہیں۔ اسے وقوف عرفہ کہتے ہیں۔
یہ حج کا نہایت اہم رکن ہے۔

41- سعی کا معنی ہے:

(ا) رکنا

(ب) چلنا

(ج) ٹھہرنا

(د) دوڑنا

سعی کا لفظی معنی ہے دوڑنا۔ اور اس سے مراد ہے صفاومروہ
کے درمیان دوڑنا۔

42- ''رمی الجمار'' کہتے ہیں:

(ا) احرام باندھنے کو

(ب) سعی کرنے کو

(ج) عمرہ کرنے کو

(د) کنکریاں مارنے کو

''رمی'' کا معنی ہے مارنا۔ اور ''الجمار'' کنکریوں کو کہتے ہیں۔
منیٰ کے قریب تین جگہیں ہیں جنہیں ''جمرات'' کہتے ہیں۔
وہاں حاجی کنکریاں مارتے ہیں۔

43- سیرت کا معنی ہے:

(ا) ارشادات

(ب) راستہ اور طریقہ

(ج) تعلیمات

(د) چلنا اور سفر کرنا

سیرت کا لفظ "راستے، طریقے اور نمونے" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ "سیرت نبوی" کا لفظ بھی اسی سے بنا ہے۔

44- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ کے حالات معلوم کرنے جن صحابی کو بھیجا وہ تھے:

(ا) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ب) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت بسر بن سفیان رضی اللہ عنہ

(د) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بسر بن سفیان کو اہل مکہ کے حالات معلوم کرنے لیے بھیجا تھا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مقام "عسفان" تک پہنچے تو حضرت بسر بن سفیان نے بتایا کہ قریش مکہ اپنے سرداروں کے ساتھ مکہ کے باہر جمع ہو رہے ہیں۔

45- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس درخت کے نیچے بیٹھ کر بیعت لی وہ تھا:

(ا) کھجور کا درخت

(ب) بیر کا درخت

(ج) نیم کا درخت

(د) ببول کا درخت

صلح حدیبیہ کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت لی تھی۔ اور اسے بیعت رضوان کہتے ہیں۔ یہ بیعت ایک ببول کے درخت کے نیچے بیٹھ کر لی گئی تھی۔ اور اس درخت کا ذکر قرآن کریم میں بھی ہے۔

46- حضور صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ جا رہے تھے:

(ا) تجارت کے لیے

(ب) عمرہ کے لیے

(ج) جنگ کے لیے

(د) اہل مکہ سے ملنے کے لیے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا تھا کہ صحابہ کے ساتھ مکہ مکرمہ جا کر عمرہ کیا ہے۔ اس خواب کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ عمرے کی نیت سے مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہوئے۔

47- صلح حدیبیہ کی شرائط بظاہر خلاف تھیں:

(ا) قریش کے

(ب) مسلمانوں کے

(ج) یہود و نصاریٰ کے

(د) مشرکین کے

صلح حدیبیہ کی اکثر شرائط مسلمانوں کے خلاف اور مشرکین مکہ کے حق میں تھیں۔ مثلاً "اس سال مسلمان عمرہ کیے بغیر واپس جائیں گے، اور اگلے سال عمرہ کر سکیں گے لیکن تین دن سے زیادہ رکنے کی اجازت نہیں ہوگی"۔ "قریش کا کوئی شخص مسلمان ہو کر مدینہ جائے تو مسلمان اسے واپس کریں گے، لیکن مسلمانوں کا کوئی شخص اسلام چھوڑ کر مکہ آجائے تو قریش اسے واپس نہیں کریں گے"۔

48- حدیبیہ مکہ سے تقریباً ------- میل کے فاصلے پر واقع ہے:

(ا) 7

(ب) 10

(ج) 8

(د) 12

حدیبیہ وہ جگہ ہے جہاں صلح حدیبیہ کا معاہدہ لکھا گیا تھا۔ یہ واقعہ چھ ہجری میں پیش آیا۔

49۔ مدینہ سے تقریباً 12 کلو میٹر کے فاصلے پر ایک مقام آتا ہے جہاں حدیبیہ کے موقع پر عمرہ کے لیے احرام باندھے گئے اس مقام کو کیا کہتے ہیں:

(ا) میقات

(ب) حدیبیہ

(ج) عسفان

(د) ذوالحلیفہ

ذوالحلیفہ وہ جگہ ہے جہاں مدینہ سے عمرہ یا حج کے لیے آنے والے لوگ احرام باندھتے ہیں۔

50۔ قرآن پاک میں صلح حدیبیہ کے معاہدے کو فتح مبین یعنی ------- کہا گیا ہے:

(ا) آسان فتح

(ب) بڑی فتح

(ج) اہم فتح

(د) کھلی فتح

صلح حدیبیہ کے شرائط بظاہر مسلمانوں کے مخالف تھیں، لیکن دراصل یہ مسلمانوں کے لیے ایک بڑی فتح تھی۔ اس کی وجہ سے مسلمانوں کی الگ حیثیت کو تسلیم کیا گیا، مسلمانوں کو تجارتی حوالے سے آزادی مل گئی۔ نیز مسلمان اہل مکہ کی طرف سے جنگ کے معاملے میں مطمئن ہو گئے۔

51۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ------- کو اپنا خاص سفیر بنا کر مذاکرات کے لیے کفار کے پاس بھیجا

(ا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(ب) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(د) حضرت بلال رضی اللہ عنہ

52۔ قریش نے مسلمانوں کے پاس مذاکرات کے لیے بھیجا:

(ا) شیبہ کو

(ب) سہیل بن عمرو کو

(ج) عتبہ کو

(د) ابو جہل کو

53۔ صلح حدیبیہ کی رو سے مسلمان اور قریش ------- تک جنگ نہ کرنے کے پابند کیے گئے

(ا) پانچ سال تک

(ب) آٹھ سال تک

(ج) دس سال تک

(د) تین سال تک

54۔ حکمرانوں کو خطوط لکھنے کا سلسلہ شروع ہوا:

(ا) 5ھ کے آخر میں

(ب) 6ھ کے آخر میں

(ج) 8ھ کے آخر میں

(د) 9ھ کے آخر میں

55۔ خسرو پرویز کو قتل کیا:

(ا) اس کی بیوی نے

(ب) اس کے وزیر نے

(ج) اس کے بیٹے نے

(د) اس کے بھائی نے

خسرو پرویز فارس کا بادشاہ تھا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف خط روانہ کیا تو اس نے خط کو پھاڑ دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اِس گستاخی پر بددعا دی اور اس کے بیٹے نے ہی اسے قتل کر دیا۔

56۔ شاہ حبشہ کے دربار میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سفیر بنا کر بھیجا:

(ا) حضرت دحیہ الکلبی رضی اللہ عنہ کو

(ب) حضرت علاء الحضرمی رضی اللہ عنہ کو

(ج) حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ کو

(د) حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ کو

حبشہ کے بادشاہ کا نام اصحمہ تھا۔ اور لقب نجاشی تھا۔ جب مسلمان ہجرت کر کے حبشہ گئے تب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن امیہ کے ہاتھ ایک خط نجاشی کے نام بھجوایا۔

57۔ ہرقل حکمران تھا:

(ا) مصر کا

(ب) فارس کا

(ج) روم کا

(د) عراق کا

"ہرقل" روم کے بادشاہ کا نام تھا۔ روم کے بادشاہوں کا لقب قیصر تھا۔ فارس کے بادشاہ کو کسری کہتے تھے۔ اور مصر کے بادشاہ کو فرعون کہا جاتا تھا۔

58۔ حضرت عمرو بن امیہؓ کو خط دے کر بھیجا گیا:

(ا) حاکم بحرین کے پاس

(ب) شاہِ مصر کے پاس

(ج) شاہِ فارس کے پاس

(د) شاہِ حبشہ کے پاس

حبشہ کے بادشاہ کا نام اصحمہ تھا۔ اور لقب نجاشی تھا۔ جب مسلمان ہجرت کر کے حبشہ گئے تب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن امیہ کے ہاتھ ایک خطِ نجاشی کے نام بھجوایا۔

59۔ فارس کا حکمران-------کہلاتا تھا:

(ا) نجاشی

(ب) کسریٰ

(ج) قیصر

(د) فرعون

فارس کے بادشاہ کو کسری کہتے تھے۔ روم کے بادشاہوں کا لقب قیصر تھا۔ اور مصر کے بادشاہ کو فرعون کہا جاتا تھا۔

60۔ حبشہ کے حکمران یا بادشاہ کو-----کہتے ہیں:

(ا) قیصر

(ب) ہرقل

(ج) نجاشی

(د) خسرو

حبشہ کے بادشاہ کا نام اصحمہ تھا۔ اور لقب نجاشی تھا۔ جب مسلمان ہجرت کر کے حبشہ گئے تب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن امیہ کے ہاتھ ایک خط نجاشی کے نام بھجوایا۔

61۔ روم کے حکمرانوں کو کہا جاتا تھا:

(ا) قیصر

(ب) نجاشی

(ج) کسریٰ

(د) خسرو

روم کے بادشاہوں کالقب قیصر تھا۔ اور مصر کے بادشاہ کو فرعون کہاجاتا تھا۔ فارس کے بادشاہ کو کسریٰ کہتے تھے۔

62۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شاہِ مقوقس کو ــــــــــ کے ذریعے خط بھیجا:

(ا) دحیہ الکلبی رضی اللہ عنہ

(ب) حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ

(ج) بسر بن سفیان رضی اللہ عنہ

(د) عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ

حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ بدری صحابی تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں شاہ مقوقس کے نام خط لے جانے کی ذمہ داری سپرد کی۔

63۔ خیبر مدینہ کے شمال میں واقع تھا:

(ا) 200 کلومیٹر کے فاصلے پر

(ب) 300 کلومیٹر کے فاصلے پر

(ج) 400 کلومیٹر کے فاصلے پر

(د) 500 کلومیٹر کے فاصلے پر

64۔ غزوہ خیبر کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وادی میں پڑاؤ ڈالا اس کا نام تھا:

(ا) وادی طائف

(ب) وادی رجیع

(ج) وادی بطحاء

(د) وادی عسفان

غزوہ خیبر کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے راستہ بتانے والوں کو فرمایا کہ ہمیں ملک شام کی طرف سے جو راستہ آتا ہے اس کے ذریعے خیبر تک پہنچاؤ۔ تب راہبر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وادی رجیع میں لے گئے۔ جس کا محل وقوع خیبر سے شمال کی طرف ہے۔

65۔ حدیبیہ سے واپسی پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں قیام فرمایا:

(ا) دس دن

(ب) بارہ دن

(ج) پندرہ دن

(د) ذی الحجہ کا پورا مہینہ اور محرم کے چند دن

حدیبیہ سے واپسی پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں ذوالحجہ کا پورا مہینہ اور محرم کے چند دن گزارے، اس کے بعد خیبر کے یہود کی سازشوں کا خاتمہ کرنے کے لیے خیبر کی طرف روانہ ہوئے۔

66۔ غزوہ خیبر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھیں دکھ رہی تھیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے:

(ا) پانی لگایا

(ب) لعاب دہن لگایا

(ج) سرمہ لگایا

(د) شہد لگایا

غزوہ خیبر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھیں دکھ رہی تھیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی آنکھوں پر اپنا لعاب دہن لگایا۔ حضرت علی کی آنکھیں بالکل ٹھیک ہو گئیں اور ان

کی طبیعت میں اس قدر بشاشت پیدا ہو گئی کہ انہوں نے مرحب کا قلعہ فتح کیا۔

67- عبداللہ بن اُبی کو کہا جاتا ہے:

(ا) رئیس مکہ

(ب) رئیس المشرکین

(ج) رئیس المنافقین

(د) رئیس الکفار

عبداللہ بن اُبیّ منافقوں کا سردار تھا۔ بظاہر اپنے آپ کو مسلمان کہتا تھا، لیکن کفار مکہ سے ملا ہوا تھا اور مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتا تھا۔

68- خیبر کے قریب ہی ایک اور قبیلہ--------- آباد تھا:

(ا) بنو قریظہ

(ب) بنو نضیر

(ج) خزرج

(د) بنو غطفان

بنو غطفان ایک یہودی قبیلہ تھا اور خیبر کے قریب ہی آباد تھا۔

69- یہودیوں کا سب سے بڑا قلعہ تھا:

(ا) خیبر

(ب) قموص

(ج) یرموک

(د) ناعم

یہودیوں کے قلعوں میں سب سے بڑا قلعہ قموص تھا۔ اس قلعے کا سردار مرحب تھا۔ جسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا تھا۔

70- طہارت و پاکیزگی اختیار کرنے سے انسان محفوظ رہتا ہے:

(ا) غربت سے

(ب) بیماریوں سے

(ج) بری عادتوں سے

(د) سستی و کاہلی سے

طہارت و پاکیزگی اختیار کرنے سے انسان غلاظت اور جراثیم سے بچتا ہے، جس کی وجہ سے وہ بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

71- مسواک کرنے سے صاف ہوتے ہیں:

(ا) کان اور منہ

(ب) ناک اور کان

(ج) منہ اور دانت

(د) ہاتھ اور منہ

مسواک چونکہ دانت صاف کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس لیے درست آپشن "منہ اور دانت" ہے۔

72- ہم سب کو طہارت و پاکیزگی سے متعلق:

(ا) خاص خیال رکھنا چاہیے

(ب) اتنی اہمیت نہیں دینی چاہیے

(ج) نفرت کرنی چاہیے

(د) خاص خیال نہیں رکھنا چاہیے

73- مسجد میں باوضو رہنے والے شخص کے لیے دعا کرتے ہیں:

(ا) انسان

(ب) فرشتے

(ج) جنّ

(د) حیوانات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نماز سے فارغ ہو کر اپنی جائے نماز پر بیٹھا رہتا ہے تو فرشتے اس کے لئے دُعا کرتے رہتے ہیں جب تک اس کا وضو نہ ٹوٹے یا وہ کھڑا نہ ہو جائے۔ فرشتے یہ دُعا کرتے ہیں "اے اللہ اسے بخش دے، اے اللہ اس پر رحم فرما"۔

74۔ طہارت و پاکیزگی کے لیے حدیث میں ہے:

(ا) انما الاعمال بالنیات
(ب) الطھور شطرُ الایمان
(ج) لا ایمان لمن لا امانۃ لہ
(د) لا دین لمن لا عھد لہ

"الطھور شطرُ الایمان" کا معنی ہے: "طہارت ایمان کا حصہ ہے"۔

75۔ اسلام نے ہمیں رہنے کا حکم دیا ہے:

(ا) بہادروں کے ساتھ
(ب) تاجروں کے ساتھ
(ج) سچے لوگوں کے ساتھ
(د) جھوٹے لوگوں کے ساتھ

قرآن میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور ہو جاؤ سچوں کے ساتھ"۔

76۔ نبوت سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم مشہور تھے:

(ا) صداقت میں
(ب) شجاعت میں
(ج) دولت میں
(د) تجارت میں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سچائی اور امانت میں اس قدر مشہور تھے کہ اہل مکہ میں آپ "صادق" اور "امین" کے لقب سے مشہور تھے۔

77۔ سچ بولنے والے کو کہتے ہیں:

(ا) کاذب
(ب) صادق
(ج) امین
(د) تاجر

کاذب جھوٹے کو، امین امانت دار کو اور تاجر تجارت کرنے والے کو کہتے ہیں۔ جبکہ صادق "سچے" کو کہتے ہیں۔

78۔ سچے مسلمان میں خیانت اور ۔۔۔۔۔۔۔ جیسی خرابیاں پیدا نہیں ہو سکتیں۔

(ا) چوری
(ب) ڈاکہ
(ج) جھوٹ
(د) دھوکہ

ارشادِ نبوی ہے: "کسی شخص کے دل میں ایمان اور کفر جمع نہیں ہو سکتے، نہ سچ اور جھوٹ ایک ساتھ جمع ہو سکتے ہیں اور نہ ہی امانت اور خیانت ایک ساتھ اکٹھے ہو سکتے ہیں۔"

79۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منافق کی نشانیاں بتائی ہیں:

(ا) دو
(ب) تین
(ج) پانچ
(د) سات

"منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات کہے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے اور جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرے۔"

80۔ امانت کہتے ہیں:

(ا) کسی سے کوئی چیز خریدنا

(ب) کسی کو کوئی چیز فروخت کرنا

(ج) کسی کو کوئی چیز دے کر واپس نہ لینا

(د) کسی کے پاس کوئی چیز رکھوا کر وہی چیز واپس لینا

امانت سے مراد ہے کسی کے پاس اپنی چیز کچھ مدت کے لیے رکھوانا اور پھر اسی چیز کو واپس لینا۔ امانت واپس کرنا ضروری ہے۔ اور جو شخص امانت میں خیانت کرے اس کے بارے میں بہت سخت وعید آئی ہے۔

81۔ جس شخص میں امانت کی صفت پائی جائے اس کہتے ہیں:

(ا) صدیق

(ب) شریف

(ج) شفیق

(د) امین

امین سے مراد ہے وہ شخص جو امانت میں خیانت نہ کرتا ہو۔ پوری دیانت داری سے امانت محفوظ رکھتا ہو اور واپس کرتا ہو۔

82۔ منافقوں کی نشانیوں میں سے ایک نشانی امانت میں --------- کرنا ہے۔

(ا) خیانت

(ب) کمی

(ج) دیانت

(د) اضافہ

منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات کہے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے اور جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرے۔"

83۔ فتح مکہ کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے جانی دشمنوں کو:

(ا) قید کردیا

(ب) معاف کردیا

(ج) قتل کردیا

(د) شہر بدر کردیا

فتح مکہ کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عام معافی کا اعلان فرمادیا اور فرمایا کہ جو حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں کو کہا تھا میں بھی وہی کہتا ہوں: "یوسف نے کہا کہ آج کے دن تم پر کچھ عتاب (یا ملامت) نہیں، اللہ تمہیں معاف کرے، بیشک اللہ تو ہے ہی ارحم الراحمین۔"

84۔ احسان کا مطلب ہے:

(ا) اپنی بات جتلانا

(ب) بھلائی کے بدلے برائی دینا

(ج) واجب حق سے بڑھ کر ادا کرنا

(د) مجبوری کی حالت میں قرض لینا

احسان سے مراد ہے اچھائی کرنا۔ یعنی اگر کسی نے کوئی بھلائی کی ہے تو اس سے بڑھ کر اس کے ساتھ بھلائی اور اچھائی کی جائے۔

85۔ اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو:

(ا) ناپسند کرتا ہے

(ب) مفلس کردیتا ہے

(ج) پسند کرتا ہے

(د) سزا دیتا ہے

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اور اللہ احسان کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے"۔

اس لیے باقی تمام آپشنز اس آیت کے مخالف ہیں اور غلط ہیں۔

86- ایثار کے لغوی معنی ہیں:

(ا) انصاف کرنا

(ب) نرمی کرنا

(ج) ترجیح دینا

(د) سخاوت کرنا

87- ایثار کا سب سے بڑا مظاہرہ مہاجرین مکہ کے لیے کیا:

(ا) قباء کے رہنے والوں نے

(ب) مدینہ کے رہنے والوں نے

(ج) حبشہ کے رہنے والوں نے

(د) وادی عسفان کے رہنے والوں نے

مدینہ کے رہنے والوں نے مہاجرین کے لیے سب سے بڑا ایثار کا مظاہرہ کیا۔ انہیں اپنے مال و دولت، کاروبار اور جائیداد میں شریک کر لیا۔

88- اگر ایثار کا جذبہ دیکھنا ہو تو یاد کریں:

(ا) جنگِ قادسیہ کو

(ب) جنگ دومۃ الجندل کو

(ج) جنگ عین التمر کو

(د) جنگ یرموک کو

جنگ یرموک میں ایک زخمی نے پانی مانگا ایک شخص پلانے کو آگے ہوا تو ایک دوسرے زخمی کی آواز آئی کہ ہائے پانی۔ زخمی نے کہا کہ اس بھائی کو پہلے پانی پلا دو۔ وہ شخص آگے لے کر گیا تو ایک اور نے آواز دی کہ پانی! اس نے بھی کہا کہ اس کو پہلے پانی پلاؤ۔ پھر آگے گیا تو ایک اور آواز آئی اس نے کہا کہ اس کو پانی پلاؤ جب وہ اس کے پاس پہنچا تو وہ شہید ہو گیا تھا۔ پھر دوسرے کے پاس آیا تو وہ بھی شہید ہو گیا تھا۔

89- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار و مہاجرین میں رشتہ قائم کیا:

(ا) برادری کا

(ب) تجارت کا

(ج) اخوت کا

(د) میل جول کا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مہاجر کو ایک انصاری صحابی کا بھائی قرار دے دیا۔ اسے "مواخات مدینہ" کہا جاتا ہے۔

90- قرآن پاک کی ہدایتوں کے مطابق والدین کے ساتھ سلوک کرو:

(ا) بُرا

(ب) مناسب

(ج) اچھا

(د) نامناسب

قرآن کریم میں سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد ہے: "وبالوالدین احساناً"۔ "اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا"

91- ماں باپ اگر بڑھاپے کی عمر کو پہنچ جائیں تو ان کے ساتھ مخاطب ہوں:

(ا) چیخ کر

(ب) جھڑک کر

(ج) اُف کہہ کر

(ج) پسند کرتا ہے

(د) سزا دیتا ہے

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اور اللہ احسان کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے"۔

اس لیے باقی تمام آپشنز اس آیت کے مخالف ہیں اور غلط ہیں۔

86- ایثار کے لغوی معنی ہیں:

(ا) انصاف کرنا

(ب) نرمی کرنا

(ج) ترجیح دینا

(د) سخاوت کرنا

87- ایثار کا سب سے بڑا مظاہرہ مہاجرین مکہ کے لیے کیا:

(ا) قباء کے رہنے والوں نے

(ب) مدینہ کے رہنے والوں نے

(ج) حبشہ کے رہنے والوں نے

(د) وادی عسفان کے رہنے والوں نے

مدینہ کے رہنے والوں نے مہاجرین کے لیے سب سے بڑا ایثار کا مظاہرہ کیا۔ انہیں اپنے مال و دولت، کاروبار اور جائیداد میں شریک کر لیا۔

88- اگر ایثار کا جذبہ دیکھنا ہو تو یاد کریں:

(ا) جنگِ قادسیہ کو

(ب) جنگ دومۃ الجندل کو

(ج) جنگ عین التمر کو

(د) جنگ یرموک کو

جنگ یرموک میں ایک زخمی نے پانی مانگا ایک شخص پلانے کو آگے ہوا تو ایک دوسرے زخمی کی آواز آئی کہ ہائے پانی۔ زخمی نے کہا کہ اس بھائی کو پہلے پانی پلا دو۔ وہ شخص آگے لے کر گیا تو ایک اور نے آواز دی کہ پانی! اس نے بھی کہا کہ اس کو پہلے پانی پلاؤ۔ پھر آگے گیا تو ایک اور آواز آئی اس نے کہا کہ اس کو پانی پلاؤ جب وہ اس کے پاس پہنچا تو وہ شہید ہو گیا تھا۔ پھر دوسرے کے پاس آیا تو وہ بھی شہید ہو گیا تھا۔

89- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار و مہاجرین میں رشتہ قائم کیا:

(ا) برادری کا

(ب) تجارت کا

(ج) اخوت کا

(د) میل جول کا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مہاجر کو ایک انصاری صحابی کا بھائی قرار دے دیا۔ اسے "مواخات مدینہ" کہا جاتا ہے۔

90- قرآن پاک کی ہدایتوں کے مطابق والدین کے ساتھ سلوک کرو:

(ا) برا

(ب) مناسب

(ج) اچھا

(د) نامناسب

قرآن کریم میں سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد ہے: "وبالوالدین احسانا"۔ "اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا"

91- ماں باپ اگر بڑھاپے کی عمر کو پہنچ جائیں تو ان کے ساتھ مخاطب ہوں:

(ا) چیخ کر

(ب) جھڑک کر

(ج) اُف کہہ کر

(د) ادب کے ساتھ

قرآن میں ارشاد ہے کہ "جب ماں اور باپ یا ان میں سے کوئی ایک بڑھاپے کی عمر کو پہنچے تو ان کے سامنے اُف بھی نہ کرو"۔

92۔ حدیث کی روشنی میں رب کی رضا ہے:

(ا) باپ کی رضا میں

(ب) بھائی کی رضا میں

(ج) چچا کی رضا میں

(د) بہن کی رضا میں

حدیث میں ارشاد ہے: "رب کی رضا باپ کی رضا میں ہے اور رب کی ناراضگی باپ کی ناراضگی میں ہے"۔

93۔ اگر والدین مشرک بھی ہوں تو ان کے ساتھ سلوک کریں:

(ا) برا

(ب) اچھا

(ج) کبھی اچھا کبھی برا

(د) نہ اچھا نہ برا

قرآن کریم میں سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد ہے: "و بالوالدین احسانا"۔ "اور والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم دیا"۔ اس لیے مشرک والدین کی بات صرف شرک کرنے کے معاملے میں نہیں مانی جائے گی۔ لیکن حسن سلوک کیا جائے گا۔

94۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک صحابی آئے اور -------- جانے کا مشورہ لیا:

(ا) عمرہ

(ب) سفر

(ج) جہاد

(د) حج

ایک صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شریک جہاد ہونے کی اجازت لینے کے لئے حاضر ہوئے، آپ نے اس سے دریافت کیا کہ کیا تمہارے والدین زندہ ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ ہاں زندہ ہیں آپ نے فرمایا ففیھما فجاھد "بس اب تم ماں باپ کی خدمت میں رہ کر جہاد کرو" یعنی ان کی خدمت سے ہی جہاد کا ثواب مل جائے گا۔

95۔ اولاد والدین کے لیے اللہ کی طرف سے ہوتی ہے:

(ا) زحمت

(ب) مصیبت

(ج) خشیت

(د) نعمت

96۔ چھوٹے بچوں کی معمولی شرارتوں پر:

(ا) ان سے درگزر کریں

(ب) ان کو سزا دیں

(ج) ان کو انعام دیں

(د) انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیں

97۔ اولاد کو بلاوجہ روکنے ٹوکنے، جھڑکنے اور مارنے پیٹنے سے:

(ا) حوصلہ افزائی ہوتی ہے

(ب) تربیت ہوتی ہے

(ج) عزتِ نفس مجروح ہوتی ہے

(د) خوشی ہوتی ہے

98۔ بچوں کی جسمانی تربیت کے لیے انہیں مواقع فراہم کریں:

(ا) کھانے پینے کے لیے

(ب) کھیل کود کے لیے

(ج) پڑھائی کے لیے

(د) ڈرامے کے لیے

99- حضرت علی رضی اللہ علنہ نے فرمایا کہ جس نے مجھے ایک حرف بھی سکھایا اس نے مجھے:

(ا) اپنا بھائی بنالیا

(ب) اپنا غلام بنالیا

(ج) اپنا دوست بنالیا

(د) اپنا دشمن بنالیا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس کا غلام ہوں جس نے مجھے ایک حرف سکھایا، اگر وہ چاہے تو مجھے بیچ دے اور اگر چاہے تو آزاد کر دے یا غلام بنائے رکھے۔

100- اسلام نے استاد کو جو مقام بخشا ہے وہ:

(ا) نہایت اعلی و برتر ہے

(ب) مناسب ہے

(ج) مساویانہ ہے

(د) نامناسب ہے

اسلام استاد کا نہایت احترام سکھاتا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس کا غلام ہوں جس نے مجھے ایک حرف سکھایا، اگر وہ چاہے تو مجھے بیچ دے اور اگر چاہے تو آزاد کر دے یا غلام بنائے رکھے۔

اسلامیات

(پی ایس ٹی اور جے ای ایس ٹی کے لیے)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس کا غلام ہوں جس نے مجھے ایک حرف سکھایا، اگر وہ چاہے تو مجھے بیچ دے اور اگر چاہے تو آزاد کر دے یا غلام بنائے رکھے۔

101۔ مغربی تہذیب و ثقافت میں استاد کو دیکھا جاتا ہے:

(ا) عام نگاہ سے

(ب) احترام کی نگاہ سے

(ج) مذاق کی نگاہ سے

(د) غصے کی نگاہ سے

مغربی تہذیب استادوں کا احترام کرتی ہے اور انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ترقی کی راہ پر گامزن ہیں۔

102۔ جن معاشروں میں استاد کی عزت اور حقوق کا خیال رکھا جاتا ہے وہ معاشرے ہمیشہ:

(ا) ترقی نہیں کرتے

(ب) اچھے شہری پیدا نہیں کرتے

(ج) فساد پیدا کرتے ہیں

(د) ترقی کرتے ہیں

مغربی تہذیب استادوں کا احترام کرتی ہے اور انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ترقی کی راہ پر گامزن ہیں۔

103۔ استاد سے ہمیشہ ---------- پیش آنا چاہیے:

(ا) بے رخی

(ب) بے اعتنائی

(ج) عزت

(د) حقارت

اسلام استاد کا نہایت احترام سکھاتا ہے۔

104۔ طالب علم اپنے استاد کا جتنا ادب کرے گا اتنا ہی زیادہ -------- کے زیور سے آراستہ ہو گا:

(ا) علم

(ب) عقل

(ج) سونے

(د) چاندی

اسلام استاد کا نہایت احترام سکھاتا ہے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس کا غلام ہوں جس نے مجھے ایک حرف سکھایا، اگر وہ چاہے تو مجھے بیچ دے اور اگر چاہے تو آزاد کر دے یا غلام بنائے رکھے۔
استاد کے ادب کا براہ راست علم سے تعلق ہے۔ جتنا زیادہ ادب ہو گا اتنا ہی علم میں اضافہ ہو گا۔

105۔ پڑوسیوں کے ساتھ پیش آنا چاہیے:

(ا) حسن سلوک سے

(ب) بے رخی سے

(ج) بدسلوکی سے

(د) غصے سے

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کی اس قدر تاکید کرتے ہوئے سنا کہ مجھے خیال ہونے لگا کہ وہ اس کو وارث قرار دے دیں گے۔

106- غریب پڑوسیوں کو بھی برابری کا درجہ دیں تا کہ وہ:

(ا) خوش رہیں

(ب) احساسِ محرومی کا شکار ہوں

(ج) پریشان ہوں

(د) غمزدہ ہوں

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کی اس قدر تاکید کرتے ہوئے سنا کہ مجھے خیال ہونے لگا کہ وہ اس کو وارث قرار دے دیں گے۔

107- پڑوسی کو تکلیف دینے والا:

(ا) خوش رہتا ہے

(ب) جنت میں جائے گا

(ج) مسلمان نہیں ہوسکتا

(د) اچھا شہری بنے گا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائے

108- وہ شخص ہر گز مومن نہیں ہوسکتا جو خود تو پیٹ بھر کر کھانا کھائے اور اس کا پڑوسی ---------- رہے۔

(ا) بھوکا

(ب) غمگین

(ج) خوش

(د) ناراض

مسند احمد کی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ ایک پڑوسی کو پیٹ بھر کر کھانا جائز نہیں جبکہ اس کا پڑوسی بھوکا ہو۔

109- پڑوسیوں کے ہر غم اور خوشی میں ---------- ہونا چاہیے:

(ا) راضی

(ب) متفق

(ج) شریک

(د) مختلف

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کی اس قدر تاکید کرتے ہوئے سنا کہ مجھے خیال ہونے لگا کہ وہ اس کو وارث قرار دے دیں گے۔

110- اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو ---------- سے بچاؤ

(ا) سزا

(ب) پانی

(ج) عذاب

(د) آگ

سورۃ التحریم کی آیت ہے " اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو آگ سے بچاؤ"۔۔۔

111- "میسرہ" نامی شخص حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا تھا:

(ا) بھائی

(ب) پڑوسی

(ج) غلام

(د) رشتہ دار

میسرہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا غلام تھا۔ اور حضرت خدیجہ نے اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تجارت کے لیے شام کے سفر پر بھیجا تھا۔

112۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا نکاح پڑھایا:

(ا) حضرت ابو بکر صدیق نے

(ب) حضرت حمزہ نے

(ج) حضرت ابو طالب نے

(د) حضرت عباس نے

حضرت حمزہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا رشتہ لے کر حضرت خدیجہ کے چچا عمرو بن اسد کے پاس تشریف لائے، رشتہ طے پانے کے بعد ابو طالب نے خطبۂ نکاح پڑھا، اور حق مہر کی ادائیگی کی ذمہ داری خود اپنے ذمے لی۔

113۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے وقت ان کی عمر تھی:

(ا) 55 سال

(ب) 65 سال

(ج) 70 سال

(د) 75 سال

114۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اولاد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے ہوئی، سوائے:

(ا) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا

(ب) حضرت قاسم رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ

(د) حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا

حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا سے ہوئے۔ باقی تمام اولاد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے ہوئی۔

115۔ حضرت علی تمام غزوات میں شریک رہے سوائے:

(ا) غزوہ خندق کے

(ب) غزوہ احد کے

(ج) غزوہ خیبر کے

(د) غزوہ تبوک کے

غزوہ تبوک کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کا نظم و نسق چلانے کے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا نائب مقرر فرمایا۔ اس لیے وہ غزوہ میں شریک نہیں ہوئے۔

116۔ صبح کے وقت جب کفار کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کی خبر ملی تو:

(ا) بہت خوش ہوئے

(ب) بہت مایوس اور ناامید ہوئے

(ج) سخت غضبناک ہوئے

(د) بہت خوفزدہ ہوئے

جب مکہ کے سرداروں کو ہجرت کی اطلاع ملی تو وہ آگ بگولا ہو گئے اور انہوں نے ہر طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش میں سوار اور پیدل دوڑائے اور اعلان کر دیا کہ جو شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لائے گا ' اس کو سو اُونٹ انعام دیئے جائیں گے۔"

117- حضرت علی رضی اللہ عنہ نے زرہ فروخت کر کے ضروری سامان خریدا:

(ا) گزران کے لیے

(ب) سفر پر جانے کے لیے

(ج) مہمانوں کی ضیافت کے لیے

(د) شادی کے لیے

حضرت علی نے جب زرہ فروخت کی تو تین سو ساٹھ درہم ملے۔ ان سے انہوں نے حضرت فاطمہ کے لیے سامان خریدا۔ ایک مصری گدا، ایک چمڑے کا چھوٹا گدا جس میں کھجور کے پتے تھے، ایک پردہ، اور چند مٹی کے برتن تھے۔

118- حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خلافت کی ذمہ داریاں سنبھالیں:

(ا) 25ھ میں

(ب) 30ھ میں

(ج) 35ھ میں

(د) 40ھ میں

ذوالحجہ 35ھ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے۔ ان کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خلافت سنبھالی۔

119- حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام تھا:

(ا) عمر

(ب) عبداللہ

(ج) عثمان

(د) علی

حضرت حضرت علی ہجویری کا نام علی بن عثمان ہجویری تھا۔ آپ کا تعلق افغانستان کے شہر ہجویر سے تھا۔

120- حضرت علی ہجویری اپنی علمی اور روحانی تربیت مکمل کرنے کے بعد:

(ا) سیالکوٹ تشریف لائے

(ب) گجرانوالہ تشریف لائے

(ج) لاہور تشریف لائے

(د) راولپنڈی تشریف لائے

علی ہجویریؒ اپنے مرشد کے حکم سے خدا کے دین کی تبلیغ و اشاعت کے لیے سلطان محمود غزنوی کے بیٹے ناصر الدین کے زمانے 1030 تا 1040ء میں لاہور تشریف لائے۔

121- حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور آتے ہی:

(ا) تعلیم حاصل کرنے میں مصروف ہو گئے

(ب) تعلیم دینے میں مصروف ہو گئے

(ج) تبلیغ دین میں مصروف ہو گئے

(د) دنیا کے حصول میں مصروف ہو گئے

122- مسلمانوں کی آمد سے قبل اہل یورپ تھے:

(ا) اعلیٰ تعلیم یافتہ

(ب) جہالت میں ڈوبے ہوئے

(ج) بہت مہذب

(د) ترقی پذیر

جس وقت مسلمانوں نے یورپ فتح کیا اس وقت وہاں جہالت کا دور دورہ تھا۔ مسلمانوں کی علمی ترقی کا زمانہ تھا اور اندلس اس وقت علم کا مرکز تھا۔ جہاں مسلمان سائنسدان طرح طرح کی نئی ایجادات کر رہے تھے۔

123- مسلمانوں نے سپین میں خوبصورت عمارتیں تعمیر کیں جن میں سے ایک کا نام ہے:

(ا) تاج محل

(ب) شاہی محل

(ج) الحمراء

(د) برج الخلیفہ

قصر الحمراء، مسلمانوں کی فن تعمیر کا ایک شاہکار ہے۔ اسے سرخ پتھر سے بنایا گیا ہے۔ اس لیے اس کا نام الحمرا ہے۔ کیونکہ الحمرا کا معنی ہے سرخ رنگ والا۔ 1213ء میں محمد ثانی نے اس کی بنیاد رکھی اور یوسف اول نے 1345ء میں اس میں عربی انداز کے نقش و نگار بنائے۔

124۔ اسپین واقع ہے:

(ا) براعظم یورپ میں

(ب) براعظم ایشیا میں

(ج) براعظم آسٹریلیا میں

(د) براعظم افریقہ میں

سپین کو "ہسپانیہ" بھی کہا جاتا ہے۔۔ اس کا پرانا نام اندلس تھا۔ مسلمانوں نے کئی سو سال اس پر حکومت کی اور وہ مسلمانوں کی سائنسی اور علمی ترقی کا دور تھا۔

125۔ اسپین فتح ہوا

(ا) 510ھ میں

(ب) 711ھ میں

(ج) 611ھ میں

(د) 974ھ میں

اسپین کی فتح موسیٰ بن نصیر اور طارق بن زیاد کے ہاتھوں ہوئی۔ اس وقت ولید بن عبدالملک خلیفہ تھا اور اس نے موسیٰ بن

126۔ اسلام کی تعلیمات کے مطابق ہماری عبادت کا:

(ا) ہمیں فائدہ ہوتا ہے

(ب) ہمیں فائدہ نہیں ہوتا

(ج) دوسروں کو فائدہ ہوتا ہے

(د) کسی کو بھی فائدہ نہیں ہوتا

127۔ حصولِ رزقِ حلال:

(ا) عین عبادت ہے

(ب) عین خدمت ہے

(ج) عین انسانیت ہے

(د) عین امانت ہے

128۔ تمام معاملات میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی تعلیمات کی خلاف ورزی نہ کی جائے تو وہ:

(ا) صرف دیانت کہلاتی ہے

(ب) صرف امانت کہلاتی ہے

(ج) صرف صداقت کہلاتی ہے

(د) عبادت کہلاتی ہے

عبادت کا معنی ہے بندگی۔۔ اور اسلام میں اللہ کی بندگی کا مفہوم یہ ہے کہ تمام معاملات میں اللہ تعالیٰ کی اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کی پیروی کی جائے۔

129۔ جو شخص بندگی یا غلامی بجالاتا ہے اسے:

(ا) معبود کہتے ہیں

(ب) عبد کہتے ہیں

(ج) محبوب کہتے ہیں

(د) مسرور کہتے ہیں

عبد "غلام" کو کہتے ہیں۔ جو شخص مکمل طور پر اطاعت کرے اور تمام معاملات میں کسی کا پیروکار ہو اسے "عبد" کہتے ہیں

130۔ دعا کے لفظی معنی ہیں:

(ا) پڑھنا

(ب) دینا

(ج) پکارنا

(د) سنوارنا

دعا عربی زبان کا لفظ ہے۔۔اس کا معنی ہے پکارنا۔ عموماً دعا ان الفاظ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جن کے ذریعے ہم اللہ تعالیٰ کو پکارتے ہیں اور اپنی ضروریات اللہ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔

131۔ دعا کی مقبولیت کی صورتیں ہیں:

(ا) دو

(ب) تین

(ج) چار

(د) پانچ

دعا کی قبولیت کی تین صورتیں ہیں :

1۔ مطلوبہ چیز مل جاتی ہے۔

2۔ دعا کے بدلے میں کوئی مصیبت یا آفت ٹل جاتی ہے۔

3۔ دونوں میں سے کچھ نہیں ملتا بلکہ آخرت کے لیے محفوظ کر دی جاتی ہے اور وہ آخرت میں بندے کے کام آئے گی۔

132۔ دعا کی حکمت یہ ہے کہ وہ انسان کو:

(ا) حوصلہ دیتی ہے

(ب) صرف مالدار بنا دیتی ہے

(ج) والدین کی رضامندی کا ذریعہ بنتی ہے

(د) صرف محبت پیدا کرتی ہے

133۔ دعا ایک اہم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

(ا) خدمت

(ب) انسانیت

(ج) محنت

(د) عبادت

134۔ مالی عبادات میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی سب سے زیادہ فضیلت ہے

(ا) حج

(ب) تجارت

(ج) زکوۃ

(د) نماز

زکوۃ کے ذریعے معاشرے میں پھیلی ہوئی غربت کم کرنے میں مدد ملتی ہے، اس لیے اسلام نے اسے فرض قرار دیا ہے اور اس کے ادا نہ کرنے والوں کے لیے سخت سزا کا اعلان ہے۔

135۔ زکوۃ ادا کرنے سے بخل اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جیسے اخلاقی امراض سے نجات مل سکتی ہے۔

(ا) ڈاکہ

(ب) لالچ

(ج) چوری

(د) حسد

زکوۃ کے ذریعے معاشرے میں پھیلی ہوئی غربت کم کرنے میں مدد ملتی ہے، اس لیے اسلام نے اسے فرض قرار دیا ہے اور اس کے ادا نہ کرنے والوں کے لیے سخت سزا کا اعلان ہے۔
زکوۃ دینے کی وجہ سے انسان کے دل میں کنجوسی اور لالچ ختم ہو

جاتا ہے اور اسے غریبوں کی مدد کرنے میں خوشی محسوس ہوتی ہے۔

136۔ مکہ کب فتح ہوا؟

(ا) 5ھ میں

(ب) 8ھ میں

(ج) 7ھ میں

(د) 9ھ میں

137۔ وادی "مرالظہران" مکہ معظمہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟

(ا) 16 میل

(ب) 9 میل

(ج) 15 میل

(د) 17 میل

138۔ حنین واقع ہے:

(ا) مدینہ منورہ اور تبوک کے درمیان

(ب) مکہ مکرمہ اور طائف کے درمیان

(ج) بغداد اور صنعاء کے درمیان

(د) جدہ اور یمامہ کے درمیان

حنین مکہ اور طائف کے درمیان ایک وادی کا نام ہے۔ یہاں مشہور غزوہ حنین پیش آیا۔

غزوہ حنین واقع ہوا:

(ا) 4ھ میں

(ب) 6ھ میں

(ج) 8ھ میں

(د) 10ھ میں

140۔ غزوہ حنین جن دو قبیلوں کے خلاف لڑا گیا، وہ ہیں:

(ا) بنو ہوازن اور بنو ثقیف

(ب) بنو قریظہ اور بنو نضیر

(ج) بنو ہذیل اور بنو کنانہ

(د) بنو تغلق اور بنو مصطلق

مکہ اور طائف کی درمیان وادی میں بنو ہوازن اور بنو ثقیف دو قبیلے آباد تھے۔ یہ بڑے بہادر سمجھے جاتے تھے۔ انہوں نے مسلمانوں کے خلاف سازش کی اور حملہ کرنے کی منصوبہ بندی کی۔ غزوہ حنین ان کی سازشوں کے جواب میں واقع ہوا۔

141۔ غزوہ حنین میں مسلمانوں کی تعداد تھی:

(ا) پانچ ہزار

(ب) آٹھ ہزار

(ج) دس ہزار

(د) بارہ ہزار

حضور صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ حنین کے موقع پر بارہ ہزار مجاہدین کے ساتھ بنو ثقیف اور بنو ہوازن کے مقابلے کے لیے نکلے۔ ان میں دو ہزار سے زائد نو مسلم بھی شامل تھے۔

142۔ بنو ہوازن اور بنو ثقیف جس وادی میں خیمہ زن ہوئے وہ ہے:

(ا) وادی اوطاس

(ب) وادی یثرب

(ج) وادی ابی طالب

(د) وادی طائف

اوطاس ایک مقام ہے جہاں غزوہ حنین وقوع پزیر ہوا۔ یہ مکہ اور طائف کے درمیان واقع ہے۔

143۔ غزوہ تبوک کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس لشکر کے خلاف جہاد کیا وہ تعلق رکھتا تھا:

(ا) شام سے

(ب) روم سے

(ج) یمن سے

(د) عراق سے

غزوہ تبوک کے موقع پر خبریں پھیل گئی تھیں کہ روم کے بادشاہ نے فوج جمع کی ہے اور مسلمانوں پر حملے کا ارادہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مسلمانوں کو اکٹھا کیا اور لشکر لے کر تبوک پہنچے اور لشکر کو پڑاؤ کا حکم دیا۔ مگر دور دور تک رومی فوجیوں کا کوئی اتا پتا نہیں تھا۔ ہوا یوں تھا کہ جب رومیوں کو پتا چلا کہ مسلمان بھی بہت بڑا لشکر لے کر آرہے ہیں تو وہ خوفزدہ ہوگئے اور حملے کے لیے آئے ہی نہیں۔

144۔ نہی عن المنکر کا مطلب ہے:

(ا) برائی کا حکم دینا

(ب) بری بات سے منع کرنا

(ج) بری بات کہنا

(د) اچھی بات کا حکم دینا

"نہی" کا معنی ہے روکنا۔ اور "منکر" کا معنی ہے بری بات۔۔۔لہذا "بری بات سے منع کرنا" ہی درست آپشن ہے۔

145۔ تبوک کا علاقہ مدینہ منورہ سے دور ہے:

(ا) تین سو کلومیٹر

(ب) چار سو کلومیٹر

(ج) پانچ سو کلومیٹر

(د) چھ سو کلومیٹر

146۔ لفظ "عُسرت" کے معنی ہیں:

(ا) ایثار

(ب) محبت

(ج) عجلت

(د) تنگی

عسرت عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا معنی ہے "تنگی"۔ غزوہ خندق کو "جیش العسرۃ" بھی کہتے تھے کیونکہ اس غزوہ میں بھی مسلمانوں پر کافی تنگ حالات تھے۔

147۔ حجۃ الوداع میں صحابہ کرام کی تعداد تھی:

(ا) ایک لاکھ

(ب) سوا لاکھ

(ج) ڈیڑھ لاکھ

(د) دو لاکھ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی میں ایک ہی حج کیا اور وہ 10ھ میں کیا۔ اس حج میں تقریباً سوا لاکھ صحابہ کرام شریک تھے۔ اس موقع پر جو خطبہ ارشاد فرمایا اسے خطبہ حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

148۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کا ارادہ فرمایا:

(ا) 6ھ میں

(ب) 7ھ میں

(ج) 9ھ میں

(د) 10ھ میں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی میں ایک ہی حج کیا اور وہ 10ھ میں کیا۔ اس حج میں تقریباً سوا لاکھ صحابہ کرام شریک تھے۔ اس موقع پر جو خطبہ ارشاد فرمایا اسے خطبہ حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

149۔ حج کی سعادت ذی الحجہ کے مہینے میں ادا کی جاتی ہے۔

(ا) 4 ذی الحجہ کو

(ب) 8ذی الحجہ کو

(ج) 9ذی الحجہ کو

(د) 10ذی الحجہ کو

حج کا مرکزی رکن وقوف عرفات ہے۔ وہ 9ذی الحجہ کو عرفات کے میدان میں ادا کیا جاتا ہے۔

150۔ دورانِ خطبہ حجۃ الوداع حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دورِ جاہلیت کی جس بات کو ختم کرنے کا اعلان فرمایا وہ ہے:

(ا) قرض

(ب) سود

(ج) سفارش

(د) وراثت

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: "جاہلیت کا سود ختم کر دیا گیا، اور ہمارے سود میں سے پہلا سود جسے میں ختم کر رہا ہوں وہ عباس بن عبد المطلب کا سود ہے۔ اب یہ سارا کا سارا سود ختم ہے۔"

151۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سخت بیماری کے دنوں میں نماز کی امامت کروائی:

(ا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے

(ب) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے

(د) حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے

9ربیع الاول 10ھ کی رات کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مرض الوفات نے شدت اختیار کرلی اس وجہ سے نماز عشاء کے لیے تشریف نہ لا سکے اور ارشاد فرمایا: "مُرُوْا اَبَابَکْرٍ اَن یُصَلِّی بِالنَّاسِ" یعنی ابو بکر کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔

152۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا:

(ا) دس ھجری

(ب) نو ھجری

(ج) گیارہ ھجری

(د) آٹھ ھجری

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ربیع الاول کے مہینے میں گیارہ ہجری کو ہوئی۔ اور پیر کا دن تھا۔

153۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔دوپہر یا سہ پہر کے وقت ہوا

(ا) ورود

(ب) بعثت

(ج) سوال

(د) وصال

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ربیع الاول کے مہینے میں گیارہ ہجری کو ہوئی۔ اور پیر کا دن تھا۔

154۔ بخل اختیار کرنا اللہ تعالیٰ کی نعمت کی:

(ا) احسان مندی

(ب) ناشکری

(ج) قدردانی

(د) شکر

بخل ایک بری عادت اور گناہ ہے۔۔ اس لیے اللہ کی نعمت کے شکر کا اظہار بخل سے نہیں ہوتا۔

155۔ اللہ تعالیٰ سخی سے ------- کرتا ہے:

(ا) نفرت

(ب) بغض

(ج) محبت

(د) احسان

سخاوت ایک اچھی صفت ہے۔ حدیث میں اس کی بہت ترغیب آئی ہے۔ اس لیے "محبت" والی آپشن ہی درست ہے۔ باقی تمام آپشنز احادیث کے مفہوم کے خلاف ہیں۔

156۔ "میانہ روی" جس زبان کا لفظ ہے وہ ہے:

(ا) عربی

(ب) فارسی

(ج) سندھی

(د) اردو

"میانہ روی" فارسی زبان کا لفظ ہے۔ "میانہ" کا معنی ہے درمیان۔ اور "روی" کا معنی ہے چلنا۔ اس کا مفہوم ہے درمیانی راہ پر چلنا۔ یعنی اعتدال اختیار کرنا۔

157۔ "اعتدال" سے مراد ہے:

(ا) میانہ روی

(ب) افراط و تفریط

(ج) روش یا چال

(د) پر مسرت و کامیاب

"اعتدال" عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا مفہوم ہے درمیانی راہ پر چلنا۔ یعنی میانہ روی اختیار کرنا۔

158۔ قرآن مجید میں "امتِ وسط" سے مراد ہے:

(ا) صدقہ و خیرات کرنے والی قوم

(ب) عبادت کرنے والی قوم

(ج) اعتدال میں رہنے والی قوم

(د) معاف کرنے والی قوم

"وسط" عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا مفہوم ہے درمیانہ۔ اور "امت وسط" کا مفہوم ہے درمیانی راہ پر چلنے والی قوم۔ یعنی اعتدال اختیار کرنے والی قوم۔

159۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ اپنی ------- میں اعتدال کیے رہنا

(ا) چال

(ب) گفتگو

(ج) تجارت

(د) معاشرت

سورۃ لقمان میں ارشاد ہے: "وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِن صَوْتِكَ"، "اپنی چال میں اعتدال رکھو اور اپنی آواز پست رکھو"۔

160۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کو پسندیدہ عمل وہ ہے جو مستقل اختیار کیا جائے چاہے ------- سا ہی کیوں نہ ہو۔

(ا) بڑا

(ب) نمایاں

(ج) چھوٹا

(د) واضح

حدیث ہے: "إن أحب الأعمال إلى الله أدومها وإن قل"۔ "بے شک اللہ کے نزدیک پسندیدہ عمل وہ ہے جو مستقل اختیار کیا جائے، چاہے وہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو"۔

161۔ "مساوات" کے معنی ہیں:

(ا) برابری کرنا

(ب) زیادتی کرنا

(ج) کمی کرنا

(د) فرق کرنا

مساوات عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا مفہوم ہے کسی کے برابر ہونا۔ "مساوی" کا لفظ بھی اس سے نکلا ہے۔ باقی تمام آپشنز میں کسی کے معنی میں بھی برابری کا مفہوم شامل نہیں، اس لیے وہ غلط ہیں۔

162۔ غزوہ خندق کے موقعے پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس صحابی کے مشورے پر خندق کھدوائی وہ ہیں:

(ا) حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ

(ب) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(د) حضرت عمر رضی اللہ عنہ

غزوہ خندق کے موقع پر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ ہم اہل فارس کا دستور یہ ہے کہ ایسے جنگ کے موقع پر خندق کھود کر دشمن سے اپنے آپ کو محفوظ کر لیتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مشورہ کو قبول فرما کر مدینہ کے گرد خندق کھودنے کا حکم دے دیا۔

163۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت بلال حبشی کو کیا کہہ کر پکارتے تھے:

(ا) "میرے نوکر" کہہ کر

(ب) "میرے دوست" کہہ کر

(ج) "میرے غلام" کہہ کر

(د) "میرے آقا" کہہ کر

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک بار فرمایا: "أبو بکر سیدنا أعتق بلالا سیدنا"۔ "ابو بکر ہمارے آقا ہیں اور انہوں نے ہمارے آقا بلال کو آزاد کیا ہے"۔

164۔ اسلام کے نزدیک تمام انسان ۔۔۔۔۔۔ ہیں

(ا) چھوٹے

(ب) عظیم

(ج) برابر

(د) حقیر

اسلام نے مساوات کا درس دیا ہے اور ذات پات، رنگ، نسل وغیرہ کی تفریق کو مٹایا ہے۔ اس لیے درست آپشن "برابر" ہے۔

165۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو مسجد نبوی کا ۔۔۔۔۔۔۔۔ بنایا:

(ا) مؤذن

(ب) امام

(ج) پہرے دار

(د) خادم

جب ہجرت مدینہ کے بعد مسلمانوں کو نماز کے لیے بلانے کا طریقہ زیر غور تھا تب حضرت عبداللہ بن زید نے خواب میں جو کلمات دیکھے وہ اذان میں کہنے کا حکم دیا اور حضرت بلال کو حکم دیا کہ یہ کلمات اونچی آواز میں پڑھو۔ اس طرح انہیں مسجد نبوی کا مؤذن بنایا گیا۔

166۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مزدور کو اس کی اجرت اس کے ۔۔۔۔۔۔۔ خشک ہونے سے پہلے دے دو۔

(ا) مزدوری

(ب) ہمت

(ج) پسینہ

(د) محنت

حدیث مبارکہ ہے: "أعطوا الأجير أجره قبل أن يجف عرقه"

"مزدور کو اس کی مزدوری پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کرو"۔

167۔ محنت کرنے والا اللہ کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے:

(ا) نائب

(ب) دوست

(ج) غلام

(د) بندہ

"الکاسب حبیب اللہ" ۔یعنی "محنت کرنے والا اللہ کا دوست ہے"۔باقی تمام آپشنز عربی کے اصل الفاظ کے مطابق نہیں اس لیے وہ درست نہیں ہیں۔

168۔ حضرت آدم علیہ السلام کرتے تھے:

(ا) بڑھئی کا کام

(ب) زرہیں بنانا

(ج) کھیتی باڑی

(د) بکریاں چرانا

حضرت آدم علیہ السلام کھیتی باڑی کرتے تھے۔زرہیں بنانے کا کام حضرت داود علیہ السلام کرتے تھے۔بکریاں چرانے کا کام حضرت موسیٰ علیہ السلام کرتے تھے۔

169۔ پاکی ایمان کا۔۔۔۔۔۔ہے:

(ا) حصہ

(ب) مکمل

(ج) تہائی

(د) چوتھائی

حدیث ہے: "الطھور شطر الایمان"۔یعنی "پاکی ایمان کا حصہ ہے"۔باقی تمام آپشنز حدیث کے الفاظ کے مطابق نہیں ہیں۔

170۔ ہمیں چاہیے کہ آبادی کے قریب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو نہ جلائیں

(ا) اناج

(ب) کوڑے کرکٹ

(ج) گندم

(د) فصلوں

کوڑا کرکٹ جلانے سے فضا آلودہ ہوتی ہے، جس سے بیماریاں پھیلتی ہیں۔اس لیے کوڑا کرکٹ جلانے سے منع کیا جاتا ہے۔ باقی تمام آپشنز اس لیے درست نہیں کیونکہ باقی تمام چیزیں جلائی نہیں جاتیں۔

171۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسانوں میں سب سے اچھا انسان وہ ہے جو انسانوں کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پہنچائے:

(ا) نقصان

(ب) نفع

(ج) ضرر

(د) دھوکا

حدیث کے الفاظ ہیں "خیر الناس من ینفع الناس"۔"بہترین انسان وہ ہے جو دوسروں کو نفع پہنچائے"۔باقی تمام آپشنز درست نہیں۔

172۔ "اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو اس کا حق ادا کر"

(ا) مقروض

(ب) قرض خواہ

(ج) رشتہ دار

(د) محسن

قرآن میں ارشاد ہے: "وآت ذاالقربی حقہ" -- "اور رشتہ دار کو اس کا حق ادا کرو"۔

173۔ ---------- جنت میں داخل نہیں ہو گا

(ا) چغلی کرنے والا

(ب) چوری کرنے والا

(ج) جھوٹ بولنے والا

(د) رشتہ توڑنے والا

حدیث مبارکہ ہے: "لا یدخل الجنۃ قاطع" -- "رشتہ توڑنے والا جنت میں داخل نہیں ہو گا"۔ باقی تمام کاموں کے بارے میں یہ وعید نہیں آئی۔

174۔ مہمان بھی خیال رکھے:

(ا) اپنے سازوسامان کا

(ب) اپنی سواری کا

(ج) اپنے میزبان کا

(د) اپنے لباس کا

مہمان کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ وہ اپنے میزبان کا خیال رکھے، اس پر بوجھ نہ بنے اور اس کے مزاج اور مصروفیات کا لحاظ رکھے۔

175۔ حضرت عائشہ کا تعلق کس قبیلے سے تھا:

(ا) بنو عدی

(ب) ہوازن

(ج) بنو تیم

(د) بنو بکر

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کا تعلق والد کی طرف سے "بنو تیم" سے تھا اور والدہ کی طرف سے "کنانہ" قبیلے سے تعلق تھا۔ دونوں ہی قریش کی مشہور شاخیں ہیں۔

176۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کس غزوے میں شریک تھیں:

(ا) غزوہ خندق اور غزوہ حنین

(ب) غزوہ خیبر اور غزوہ تبوک

(ج) غزوہ بدر اور غزوہ احد

(د) غزوہ احد اور غزوہ بنی مصطلق

غزوہ احد 3ھ کو ہوا اور غزوہ بنی مصطلق 5ھ یا 6ھ کو ہوا۔ اس میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بھی شریک تھیں۔

177۔ حضرت عائشہ کی پرہیزگاری سے متعلق آیات ہیں:

(ا) سورۃ البقرہ میں

(ب) سورۃ نور میں

(ج) سورۃ قریش میں

(د) سورۃ نساء میں

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکیزگی اور پرہیزگاری بیان کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں آیات نازل فرمائیں۔ سورۃ نور کا دوسرا رکوع حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں ہی نازل ہوا ہے۔

178۔ حضرت اُم رومان کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے تعلق تھا:

(ا) نانی

(ب) پھوپھی

(ج) والدہ

(د) خالہ

حضرت اُم رومان حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ تھیں۔ اُن کا نام زینب بن عامر تھا اور قبیلہ کنانہ سے تعلق تھا۔

179۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے تھے:

(ا) عبداللہ بن عباس
(ب) عبداللہ بن عمر
(ج) عبداللہ بن زبیر
(د) عبداللہ بن مسعود

حضرت عبداللہ بن زبیر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے تھے، اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کے بیٹے تھے۔ ان کے والد کا نام زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ تھا۔

180۔ حضرت عائشہ کی وفات ہوئی:

(ا) 58ھ
(ب) 59ھ
(ج) 62ھ
(د) 60ھ

181۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایات ہیں:

(ا) تین سو
(ب) دو ہزار سے کم
(ج) پانچ سو
(د) دو ہزار سے زیادہ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مرویات کی تعداد 2210 ہے۔ جن میں سے 174 احادیث بخاری اور مسلم دونوں میں ہیں۔

182۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا لقب تھا:

(ا) زمعہ
(ب) خنساء
(ج) صدیقہ
(د) بیضاء

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا لقب اپنے والد ابو بکر الصدیق کی نسبت سے "صدیقہ" تھا۔۔۔ انہیں الصدیقۃ بنت الصدیق بھی کہا جاتا ہے۔

183۔ حضرت فرید الدین گنج شکرؒ کے مرشد کا نام تھا:

(ا) قطب الدین بختیار کاکی
(ب) مرزا مظہر جانِ جاناں
(ج) علی ہجویری
(د) جلال الدین رومی

بابا فرید الدین ملتان میں منہاج الدین کی مسجد میں زیر تعلیم تھے جہاں ان کی ملاقات جناب قطب الدین بختیار کاکی سے ہوئی اور وہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کے مرید ہو گئے۔ اپنے مرشد کے حکم پر تعلیم حاصل کرنے کے بعد اسلام کی تبلیغ کے لیے دلی پہنچ گئے۔

184۔ حضرت فرید الدین گنج شکر کی وفات سن۔۔۔۔۔۔ ہجری میں ہوئی:

(ا) 667
(ب) 675
(ج) 668
(د) 671

185۔ حضرت فرید الدین گنج شکر کی ولادت ہوئی:

(ا) شیخوپورہ میں
(ب) پاک پتن میں

(ج) ملتان میں

(د) لاہور میں

186۔ حضرت فرید الدین گنج شکر نے سب سے پہلے
-------------- کیا:

(ا) دین کا علم حاصل

(ب) تفسیر کا علم حاصل

(ج) قرآن مجید حفظ

(د) فلسفے کا علم حاصل

بابا فرید ملتان میں منہاج الدین کی مسجد میں زیر تعلیم تھے۔ انہوں نے سب سے پہلے قرآن مجید حفظ کیا اور اس کے بعد تفسیر اور دیگر علوم حاصل کیے۔

187۔ حضرت فرید الدین کی عمر وفات کے وقت تھی:

(ا) 91

(ب) 90

(ج) 93

(د) 98

188۔ صلاح الدین ایوبی کا نام تھا:

(ا) ایوب بن صلاح

(ب) یوسف بن تاشقین

(ج) یوسف ثانی

(د) یوسف بن ایوب

سلطان صلاح الدین کا نام "یوسف" اور ان کے والد کا نام "ایوب" تھا۔ ان کی پیدائش تکریت میں ہوئی تھی۔ یہ اپنے والد کی نسبت سے ہی "ایوبی" کہلاتے تھے۔

189۔ سلطان صلاح الدین ایوبی پیدا ہوئے:

(ا) بغداد میں

(ب) کوفہ میں

(ج) تکریت میں

(د) بصرہ میں

صلاح الدین ایوبی عراق کے مشہور شہر "تکریت" میں 532ھ میں پیدا ہوئے۔

190۔ صلاح الدین نے بیت المقدس کب فتح کیا:

(ا) 1178

(ب) 1180

(ج) 1179

(د) 1187

بیت المقدس 583ھ بمطابق 1187ء میں ایوبی سلطان صلاح الدین ایوبی کے ہاتھوں ساتھ فتح ہوا۔ صلیبی جنگ میں عیسائیوں کو شکست فاش ہوئی۔ صلاح الدین ایوبی نے جنگ حطین میں کامیابی حاصل کرنے کے بیت المقدس کا محاصرہ کیا اور 20 ستمبر سے 2 اکتوبر تک محاصرہ کرنے کے بعد یروشلم شہر (بیت المقدس) کو فتح کر لیا۔

191۔ صلیبی فوج کے سپہ سالار رچرڈ کا لقب تھا:

(ا) نوجوان

(ب) شیر دل

(ج) بہادر

(د) بزدل

رچرڈ کا لقب انگریزی زبان میں The Lionheart تھا جس کا معنی ہے شیر کے دل والا انسان۔

192۔ صلاح الدین ایوبی نے جنگی تربیت اپنے چچا---------- سے لی:

(ا) سبکتگین
(ب) اسد الدین شیر کوہ
(ج) طارق بن زیاد
(د) نور الدین زنگی

اسد الدین شیر کوہ سلطان صلاح الدین ایوبی کا چچا تھا اور سلطان نور الدین زنگی کی فوج میں فوجی افسر تھا۔ سلطان صلاح الدین نے اپنی عسکری تربیت اپنے چچا سے ہی حاصل کی۔

193۔ صلاح الدین ایوبی کا انتقال ہوا:

(ا) 1192
(ب) 1189
(ج) 1193
(د) 1196

صلاح الدین ایوبی کا انتقال 1193ء میں ملک شام میں ہوا۔ وفات کے وقت اس کی عمر 55 سال تھی۔

194۔ صلاح الدین ایوبی کے والد کا نام تھا:

(ا) صدر الدین
(ب) ایوب
(ج) نور الدین
(د) ادریس

صلاح الدین ایوبی کے والد کا نام ایوب اور لقب نجم الدین تھا۔

195۔ علامہ ابن خلدون کا نام تھا:

(ا) محمود بن عبد الرحمن
(ب) عبد الرحیم بن احمد
(ج) احمد بن عبد الحلیم
(د) عبد الرحمان بن محمد

ابن خلدون کا مکمل نام ابو زید عبد الرحمن بن محمد بن محمد بن خلدون ولی الدین التونسی الاشبیلی تھا۔

196۔ ابن خلدون پیدا ہوئے:

(ا) تیونس میں
(ب) مراکش میں
(ج) لیبیا میں
(د) لبنان میں

197۔ علامہ ابن خلدون نے ابتدائی تعلیم حاصل کی:

(ا) اپنے ماموں سے
(ب) اپنے نانا سے
(ج) اپنے والد سے
(د) اپنے تایا سے

198۔ ابن خلدون نے عمر کا زیادہ حصہ -------- میں گزارا:

(ا) مصر
(ب) لبنان
(ج) ترکی
(د) عراق

ابن خلدون مصر کے جامعۃ الازہر میں استاد رہے۔ 786ھ میں انہیں قاضی مقرر کر دیا گیا۔۔۔اس کے بعد انہوں نے بقیہ تمام عمر قاہرہ میں ہی گزاری اور اپنی کتاب "تاریخ ابن خلدون" قاہرہ ہی میں مکمل کی۔

199۔ ابن خلدون کی وفات ہوئی:

(ا) ترکی میں

(ب) مصر میں

(ج) شام میں

(د) مراکش میں

ابن خلدون کی وفات 808ھ میں قاہرہ میں ہوئی اور وہ وہاں ہی سپرد خاک ہوئے۔

200۔ ابن خلدون نے تاریخ ابن خلدون لکھی:

(ا) استنبول میں

(ب) بیروت میں

(ج) قاہرہ میں

(د) انقرہ میں

ابن خلدون مصر کے جامعۃ الازہر میں استاد رہے۔ 786ھ میں انہیں قاضی مقرر کر دیا گیا۔۔۔ اس کے بعد انہوں نے بقیہ تمام عمر قاہرہ میں ہی گزاری اور اپنی کتاب "تاریخ ابن خلدون" قاہرہ ہی میں مکمل کی۔

اسلامیات

(جے ای ایس ٹی کے لیے)

201۔ عقیدہ آخرت کی تبلیغ کی:

(ا) تمام انبیاء نے

(ب) صرف حضرت نوح علیہ السلام نے

(ج) صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

(د) صرف حضرت موسیٰ علیہ السلام نے

عقیدہ آخرت تمام انبیاء کی تعلیمات میں مشترک ہے۔ تمام انبیاء نے توحید، شرک سے ممانعت اور آخرت پر ایمان کی تبلیغ کی۔

202۔ قیامت کے دن اعمال کا وزن کیا جائے گا:

(ا) مسلمانوں کا

(ب) مشرکین کا

(ج) تمام انسانوں کا

(د) منافقین کا

قیامت کے دن ترازو قائم کیے جائیں گے۔ جن میں انسانوں کے اعمال کا وزن ہو گا۔ اور جس کا نیکیوں کا پلڑا بھاری ہو گا وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔

203۔ آخرت پر ایمان لانا کن کی صفت ہے؟

(ا) صرف صحابہ کی

(ب) ہدایت یافتہ اور کامیاب لوگوں کی

(ج) مسلمانوں کی

(د) علماء کی

سورۃ البقرۃ کے شروع میں ہدایت یافتہ لوگوں کی صفات بیان کی گئی ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ "وبالآخرۃ ھم یوقنون"۔ یعنی "وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں"۔

204۔ عقیدہ آخرت انسان کو بناتا ہے:

(ا) ذمے دار شخص

(ب) لاپرواہ شخص

(ج) بے کار شخص

(د) لالچی شخص

عقیدہ آخرت پر ایمان کی وجہ سے انسان میں احساس ذمہ داری پیدا ہوتا ہے۔ اور اسے اللہ کے آگے حساب کتاب دینے کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ معاشرے میں ایک ذمے دار شخص بن کر سامنے آتا ہے۔

205۔ روزے کا مفہوم ہے:

(ا) سفر کرنا

(ب) کھانا پینا

(ج) کسی کام سے رک جانا

(د) سونا

روزے کو عربی میں "صوم" کہتے ہیں۔ صوم کا معنی ہے رک جانا۔ اور روزے میں بھی روزہ دار کھانے پینے سے رک جاتا ہے۔

206۔ روزے کے لیے عربی زبان میں لفظ استعمال ہوتا ہے:

(ا) صراط

(ب) صوم

(ج) صفیر

(د) صلاۃ

روزے کو عربی میں "صوم" کہتے ہیں۔ صوم کا معنی ہے رک جانا۔ اور روزے میں بھی روزہ دار کھانے پینے سے رک جاتا ہے۔

207۔ روزہ فرض ہوا:

(ا) 2ھ میں

(ب) 3ھ میں

(ج) 4ھ میں

(د) 5ھ میں

208۔ روزے رکھنا فرض ہیں:

(ا) رجب کے مہینے میں

(ب) شوال کے مہینے میں

(ج) رمضان کے مہینے میں

(د) ربیع الاول کے مہینے میں

دیگر عبادتوں کی طرح روزے میں بھی فرض اور نفل روزے ہیں۔ رمضان کے روزے مسلمانوں پر فرض ہیں۔ اور سال میں کچھ دنوں کے روزے سنت ہیں اور کچھ نفل ہیں۔

209۔ روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے:

(ا) امیروں کو

(ب) غریبوں کو

(ج) مزدوروں کو

(د) بیمار اور مسافر کو

سورۃ البقرہ میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ "تم میں سے جو بیمار ہو یا سفر پر ہو تو وہ رمضان کے روزوں کی گنتی بعد کے دنوں میں پوری کر لے"۔

210۔ حج کا معنی ہے:

(ا) چکر لگانا

(ب) قصد و ارادہ

(ج) کھانا

(د) جنگ کرنا

حج کا لغوی معنی ہے کسی جگہ کا ارادہ کرنا۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق حج سے مراد بیت اللہ جانے کا ارادہ کرنا ہے۔

211۔ ------------- مسلمانوں کا عالمگیر اجتماع ہے:

(ا) حج

(ب) نماز

(ج) خطبہ

(د) جمعہ

حج کے موقع پر پوری دنیا سے مسلمان ایک جگہ جمع ہوتے ہیں۔ ہر رنگ، نسل، شہریت کے لوگ اکٹھے ہو کر ایک ہی عبادت کرتے ہیں۔ ان میں نہ کسی کو مال و دولت کی بنا پر امتیاز ہوتا ہے اور نہ ہی عہدے یا مرتبے کی بنا پر۔ یہ دنیا کا سب سے بڑا اجتماع ہوتا ہے۔

212۔ حج کس پر فرض ہے؟

(ا) ہر مسلمان پر

(ب) ہر نوجوان پر

(ج) ہر انسان پر

(د) صاحب استطاعت مسلمان پر

حج کی فرضیت کے لیے شرط ہے کہ انسان کے پاس بیت اللہ جانے اور واپس آنے کا مکمل خرچ موجود ہو۔ اور اس کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں کے لیے بھی اتنے عرصے کا خرچ موجود ہو تاکہ ان کی کفالت ہو سکے۔

213۔ زندگی میں کتنی بار حج کرنا فرض ہے؟

(ا) تین مرتبہ

(ب) ایک مرتبہ

(ج) دو مرتبہ

(د) چار مرتبہ

حج زندگی میں صرف ایک بار فرض ہوتا ہے۔ فرض حج ادا کر لینے کے بعد اگلے تمام حج نفل ہی ہوں گے۔

214۔ حج کے دنوں میں ظہر اور عصر کی نمازیں اکٹھی پڑھی جاتی ہیں:

(ا) عرفات میں

(ب) مدینہ منورہ میں

(ج) مزدلفہ میں

(د) مکہ مکرمہ میں

حج کے دنوں میں عرفات میں ظہر اور عصر اکٹھی پڑھی جاتی ہیں۔ امام یہ دونوں نمازیں پڑھاتا ہے۔ ایک نماز کے ختم ہونے کے فوراً بعد دوسری شروع کی جاتی ہے۔ اسے جمع بین الصلاتین کہتے ہیں۔

215۔ جمرات کو کنکریاں ماری جاتی ہیں:

(ا) منیٰ میں

(ب) عرفات میں

(ج) مزدلفہ میں

(د) مدینہ میں

جمرات وہ علامتی ستون ہیں جنھیں کنکریاں ماری جاتی ہیں۔ ان جگہوں پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے شیطان کو کنکریاں ماری تھیں۔

216۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "تمہارے لیے اللہ کے رسول کی زندگی بہترین۔۔۔۔۔۔۔۔ہے"

(ا) نمونہ

(ب) قول

(ج) کتاب

(د) عمل

سورۃ الاحزاب میں ارشاد ہے: "لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ"۔ "تمہارے لیے اللہ کے رسول کی زندگی بہترین نمونہ ہے"۔

217۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کن کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے؟

(ا) مسلمانوں کے لیے

(ب) تمام جہانوں کے لیے

(ج) مشرکین کے لیے

(د) جانوروں کے لیے

سورۃ الانبیاء میں ارشاد ہے "وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین"۔ "ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے"۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صرف مسلمانوں کے لیے ہی رحمت نہیں بلکہ کفار، چرند پرند، جانور اور دیگر جہانوں کے لیے بھی رحمت ہیں۔

218۔ جو شخص رحم نہیں کرتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(ا) وہ مسلمان نہیں

(ب) اسے جہنم میں ڈالا جائے گا

(ج) وہ اچھا انسان نہیں

(د) اس پر رحم نہیں کیا جاتا

حدیث مبارکہ کے الفاظ ہیں: "من لا یرحم لا یرحم"۔ "جو رحم نہیں کرتا، اس پر رحم نہیں کیا جاتا"۔

219۔ "تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو اپنے گھر والوں کے لیے -------------- ہیں"

(ا) لاپرواہ

(ب) بدترین

(ج) سخت

(د) بہترین

حدیث میں ان لوگوں کو بہترین کہا گیا ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہترین ہوں۔ باقی تمام آپشنز حدیث کے مفہوم کے مخالف ہیں۔

220۔ "بے شک اللہ تعالیٰ -------- کرنے والوں کے ساتھ ہے"

(ا) جنگ

(ب) صبر

(ج) حج

(د) جہاد

قرآن کی آیت ہے: "ان اللہ مع الصابرین"۔ "بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے"۔

221۔ اہل طائف نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیا برتاؤ کیا:

(ا) عزت و اکرام کیا

(ب) نبوت پر ایمان لائے

(ج) لہولہان کیا

(د) کھانا کھلایا

اہل طائف نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نازیبا سلوک کیا اور آوارہ لڑکوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے لگا دیا جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتھر مار مار کر زخمی کر دیا حتیٰ آپ کے نعلین مبارک لہو سے بھر گئے۔

222۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل طائف کے لیے کیا دعا کی؟

(ا) اے اللہ انہیں تباہ و برباد فرما

(ب) اے اللہ میری قوم کو ہدایت دے

(ج) اے اللہ انہیں نیست و نابود فرما

(د) اے اللہ انہیں خشک سالی میں مبتلا فرما

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قوم کے لیے ہدایت کی دعا کی تھی اور جو فرشتہ نازل ہوا اسے کہا کہ "ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی نسلوں میں سے ایسے افراد پیدا کر دے جو اللہ کے ساتھ شرک نہ کریں"۔

223۔ بچوں میں سب سے پہلے اسلام قبول کیا:

(ا) حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے

(ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے

(ج) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے

(د) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ نے

بچوں میں سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔ مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عورتوں میں سب سے پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

224۔ مردوں میں سب سے پہلے اسلام قبول کیا:

(ا) حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے

(ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے

(ج) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے

(د) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ نے

بچوں میں سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔ مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عورتوں میں سب سے پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

225۔ مسجد اقصی کس ملک میں ہے:

(ا) لبنان

(ب) فلسطین

(ج) شام

(د) ترکی

مسجد اقصی بیت المقدس میں ہے۔ اور بیت المقدس فلسطین کا شہر ہے۔

226۔ مدینۃ النبی ﷺ کا پرانا نام ہے:

(ا) مکہ

(ب) بکہ

(ج) قبا

(د) یثرب

"بکہ" مکہ مکرمہ کا ہی پرانا نام ہے۔ اور قبا مدینہ منورہ میں ایک جگہ تھی، جس کی طرف مسجد قبا بھی منسوب ہے۔ مدینہ کا پرانا نام "یثرب" ہے جو قرآن میں بھی ذکر ہے۔

227۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے موقع پر امانتیں سپرد کیں:

(ا) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے

(ب) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے

(ج) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے

(د) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے

ہجرت کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے بستر پر لٹادیا اور امانتیں ان کے حوالے کر دیں۔ تاکہ اگلے روز وہ مالک تک امانت واپس پہنچادیں۔

228۔ ہجرت کے بعد اسلام کی سب سے پہلی مسجد جس کی بنیاد رکھی گئی وہ:

(ا) مسجد حرام

(ب) مسجد اقصی

(ج) مسجد قبا

(د) مسجد نبوی

مدینہ منورہ جانے کے بعد جو پہلی مسجد تعمیر کی گئی وہ مسجد قباء ہے۔ یہ مدینہ سے چھ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔

229۔ حضرت موسی علیہ السلام کے دو بڑے معجزات ہیں:

(ا) جنات کا تابع ہونا، تخت کا ہوا میں اڑنا

(ب) کوڑھی کو ٹھیک کر دینا، مٹی کے پرندے میں جان ڈالنا

(ج) لوہے کا نرم ہونا، پرندوں کی زبان سمجھنا

(د) عصا کا اژدھا بن جانا، ہاتھ چمکنا

حضرت موسی علیہ السلام کے معجزات میں سے ایک یہ ہے کہ ان کا عصا سانپ کی صورت اختیار کر جاتا تھا۔ اور جب وہ ہاتھ بغل میں رکھ کر واپس نکالتے تھے تو وہ چمکنے لگتا تھا۔

230۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بہن کا نام تھا:

(ا) زینب بنت خطاب

(ب) کلثوم بنت خطاب

(ج) حفصہ

(د) فاطمہ بنت خطاب

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بہن فاطمہ بنت خطاب اور بہنوئی سعید بن زید رضی اللہ عنھما حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے ایمان لے آئے تھے۔ اور ان کا ایمان لانا ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایمان کا سبب بنا۔

231۔ حضرت عمر کا دورِ خلافت رہا:

(ا) ایک سال چند ماہ

(ب) دس سال چھ ماہ

(ج) تین سال

(د) پانچ سال

حضرت عمر رضی اللہ عنہ 13 ھجری میں خلیفہ بنے اور 23 ھجری میں شہادت ہوئی۔

232۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نسب ملتا تھا:

(ا) چوتھی پشت پر

(ب) ساتویں پشت پر

(ج) پانچویں پشت پر

(د) آٹھویں پشت پر

233۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے کون صحابی خلیفہ تھے؟

(ا) حضرت علی رضی اللہ عنہ

(ب) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ

(د) حضرت حسن رضی اللہ عنہ

234۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا حضرت عبد المطلب اپنے پوتے کو لے کر پہنچے:

(ا) اپنے گھر

(ب) حضرت ابو طالب کے گھر

(ج) شہر سے باہر

(د) خانہ کعبہ

حضرت عبد المطلب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش پر بہت خوش تھے اور اس نعمت پر اللہ کا شکر ادا کرنے لیے اپنے پوتے کو لے کر خانہ کعبہ پہنچے اور دعا کر کے شکر ادا کیا۔

235۔ حِلف کے معنی ہیں:

(ا) جھوٹ

(ب) بہتان

(ج) معاہدہ

(د) شک

"حِلف" عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا معنی ہے معاہدہ کرنا۔ زمانہ جاہلیت کے مشہور معاہدے کا نام ہے "حِلف الفضول"۔

236۔ قحط کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے:

(ا) اونٹنیاں بھیجیں

(ب) گندم کی بوریاں بھیجیں

(ج) بکریاں بھیجیں

(د) اشرفیاں بھیجیں

جب مکہ مکرمہ میں قحط پڑ گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن سلوک فرماتے ہوئے اشرفیاں بھیجیں تاکہ غلہ خرید اجا سکے اور قحط دور ہو۔

237۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم گفتگو کے دوران:

(ا) آہستہ بولتے

(ب) بات ایک بار دہراتے

(ج) ٹھہر جاتے

(د) مسکراتے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم بہت کثرت سے مسکراتے تھے اور گفتگو کے دوران چہرہ مبارک پر ہمیشہ تبسم اور مسکراہٹ ہوتی تھی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم بہت کثرت سے مسکراتے تھے اور گفتگو کے دوران چہرہ مبارک پر ہمیشہ تبسم اور مسکراہٹ ہوتی تھی۔

238۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کسی بات پر زور دینا ہوتا تو ایک جملے کو:

(ا) دوبار دہراتے

(ب) چار بار دہراتے

(ج) ایک بار دہراتے

(د) تین بار دہراتے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم بات کو ذہن نشین کروانے کے لیے اور اہمیت اجاگر کرنے کے لیے اہم باتوں کو تین بار دہرایا کرتے تھے۔ تاکہ اگر پہلی بار بات سمجھ نہ آسکی ہو تو اگلی بار ذہن نشین ہو جائے۔

239۔ حضرت عبداللہ بن حارث کی روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کو:

(ا) وجیہ نہیں دیکھا

(ب) خوش ہوتے نہیں دیکھا

(ج) نرم نہیں دیکھا

(د) مسکراتے نہیں دیکھا

240۔ حجر اسود کعبۃ اللہ میں کہاں لگا ہوا تھا:

(ا) چھت پر

(ب) فرش پر

(ج) دروازے پر

(د) دیوار میں

حجر اسود ایک سیاہ پتھر ہے جو چاندی کے بڑے خول میں بیت اللہ کی دیوار کے ساتھ نصب ہے۔ اسے حاجی یا عمرہ کرنے والے افراد بوسہ دیتے ہیں۔

241۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں داخل ہوتے تو گھر والوں:

(ا) ڈانٹتے

(ب) بلاتے

(ج) پکارتے

(د) کو سلام کرتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول مبارک تھا کہ گھر میں داخل ہوتے تو آپ پہلے سلام کرتے اور ایسا انداز ہوتا کہ سونے والے بیدار نہ ہوں اور جو بیدار ہوں سلام کی آواز سن لیں اگر گھر میں کوئی چھوٹا موٹا کام ہوتا تو خود انجام دے لیتے۔

242۔ مسلمان کو زندگی یوں گزارنی چاہیے جیسے:

(ا) تاجر گزارتا ہے

(ب) غریب گزارتا ہے

(ج) مسافر گزارتا ہے

(د) امیر گزارتا ہے

حدیث مبارکہ ہے "کُن فی الدُنیا کانک غریب اَو عابرِ سَبیل"۔۔۔۔" دنیا میں ایسے رہو جیسے کوئی اجنبی یا مسافر"۔

243۔ "اخلاق" جمع ہے:

(ا) خلاق کی

(ب) خلائق کی

(ج) مخلوق کی

(د) خُلق کی

244۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت عطا ہوئی تب آپ کی عمر تھی:

(ا) پچاس سال

(ب) ساٹھ سال

(ج) پچپن سال

(د) چالیس سال

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر چالیس سال ہوئی تب غار حرا میں حضرت جبریل علیہ السلام پہلی وحی لے کر آئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت عطا ہوئی۔

245۔ کسی کی نقل اتارنے کے لیے لنگڑا کر چلنا:

(ا) بہتان ہے

(ب) غیبت ہے

(ج) چغلی ہے

(د) شکایت ہے

غیبت ہر اس بات کو کہتے ہیں جو کسی کی غیر موجودگی میں اس کی برائی ظاہر کرنے لیے کی جائے۔ چاہے وہ زبان سے ہو یا اشارے سے، یا ہاتھوں سے نقل اتار کر۔

246۔ نہی عن المنکر کا معنی ہے:

(ا) مسکرانا

(ب) کسی کام کے کرنے سے انکار کر دینا

(ج) ترش روئی سے پیش آنا

(د) کسی بری بات سے منع کرنا

قرآن میں مسلمانوں کی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ کہا گیا ہے کہ امت محمدیہ "امر بالمعروف" یعنی اچھائی کا حکم کرتی ہے اور "نہی عن المنکر" یعنی برائی سے روکتی ہے۔

247۔ نیکی کا حکم دینا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے:

(ا) ضروری

(ب) فرض

(ج) صدقہ

(د) سنت

248۔ نیکی کا کہنے اور برائی سے روکنے کی ابتدا کی جائے:

(ا) اپنے دفتر سے

(ب) اپنے ملازم سے

(ج) اپنے کارخانے سے

(د) اپنے گھر سے

نیکی کا کہنے اور برائی سے روکنے کا سلسلہ ہمیشہ اپنے آپ سے اور ان افراد سے کرنا چاہیے جو براہ راست ہماری ذمہ داری ہیں۔ کیونکہ گھر والوں کے بارے میں گھر کے سربراہ سے پوچھ گچھ ہو گی اس لیے سب سے پہلے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی ابتدا گھر سے کی جائے۔

249۔ جتنی بھی امتیں پیدا ہوئیں تم ان میں سب سے بہترین امت ہو، کیونکہ تم:

(ا) احسان کرتے ہو

(ب) نیکی کا کہتے ہو اور برائی سے روکتے ہو

(ج) نماز پڑھتے ہو

(د) زکوۃ دیتے ہو

قرآن میں مسلمانوں کی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ کہا گیا ہے کہ امت محمدیہ "امر بالمعروف" یعنی اچھائی کا حکم کرتی ہے اور "نہی عن المنکر" یعنی برائی سے روکتی ہے۔

25[illegible]۔ برائی کو ہاتھ سے روکنا کن کے ذمے ہے:

(ا) ہر انسان کا

(ب) عام شخص کا

(ج) ہر مسلمان کا

(د) حکومت کا

برائی کو ہاتھ سے روکنے کا حکم صرف ان کے لیے ہے جن کے ہاتھ میں ملک کی حکومت ہے۔ ہر فرد کے لیے یہ حکم نہیں ہے، کیونکہ اس کی وجہ سے معاشرے میں انتشار پھیل سکتا ہے۔

25[illegible]۔ "کسب حلال" کا مطلب ہے:

(ا) صدقہ

(ب) وہ جائز کمائی جو ان ذرائع سے حاصل ہو جنہیں شریعت نے درست کہا ہے

(ج) زکوۃ

(د) حلال ذریعے سے کیے جانے والے کام

25[illegible]۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا نام تھا:

(ا) سعد

(ب) عبداللہ

(ج) طلحہ

(د) زید

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا نام عبداللہ تھا اور والد کا نام عثمان تھا۔ ان کی کنیت ابو قحافہ تھی۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ وہ صحابی ہیں جن کی چار پشتیں صحابی ہیں۔

253۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام--------تھے:

(ا) زرہ بناتے

(ب) بکریاں چراتے

(ج) کھیتی باڑی کرتے

(د) تجارت کرتے تھے

حضرت موسیٰ علیہ السلام جب فرعون کے سپاہیوں کی نظر بچا کر شہر سے نکلے تو دوسرے شہر جا کر ایک صاحب سے بکریاں چرانے کا معاہدہ کیا اور آٹھ سال تک بکریاں چرائیں۔

254۔ حضرت ادریس علیہ السلام----------تھے:

(ا) زرہ بنانے والے

(ب) کپڑے سیا کرتے

(ج) بکریاں چراتے

(د) کھیتی باڑی کرتے

حضرت آدم علیہ السلام کھیتی باڑی کرتے تھے۔ زرہیں بنانے کا کام حضرت داود علیہ السلام کرتے تھے۔ بکریاں چرانے کا کام حضرت موسیٰ علیہ السلام کرتے تھے۔

255۔ "سچا اور دیانت دار--------انبیاء، صدیقین اور شہدا کے ساتھ ہوگا۔

(ا) تاجر

(ب) حکمران

(ج) مسلمان

(د) اسناد

حدیث مبارکہ ہے" التاجر الصدوق الامین مع النبیین و الصدیقین والشھداء"۔ "سچا اور دیانت دار تاجر (قیامت کے دن) انبیا، صدیقین اور شھدا کے ساتھ ہوگا"۔ باقی تمام آپشنز کے الفاظ حدیث سے مطابقت نہیں رکھتے اس لیے غلط ہیں۔

256۔ "جو شخص دیانت دار نہیں اس کا کوئی۔۔۔۔۔۔۔ نہیں"

(ا) حال

(ب) پوچھنے والا

(ج) ایمان

(د) ثواب

حدیث مبارکہ کے الفاظ ہیں" لا ایمان لمن لا امانۃ لہ"۔۔ "اس کو کوئی ایمان نہیں جو امانت دار نہیں"

257۔ ہجرت کا معنی ہے:

(ا) سفر کرنا

(ب) کسی کو چھوڑ دینا

(ج) جہاد کرنا

(د) ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہونا

ہجرت کا لفظی معنی "ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ جانا" ہے۔ اور اسلام میں ہجرت کا مفہوم ہے کہ مسلمانوں پر جہاں ظلم ہوتا ہو وہاں سے چھوڑ کر دوسرے علاقے میں چلے جانا۔

258۔ وضو کے فرائض ہیں:

(ا) دو

(ب) تین

(ج) چار

(د) پانچ

وضو کے چار فرض ہیں: چہرے کو دھونا، کہنیوں سمیت ہاتھ دھونا، سر کا مسح کرنا، ٹخنوں سمیت پاؤں دھونا۔

259۔ جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ نے اس کے لیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا ایک دروازہ کھول دیا

(ا) عافیت

(ب) صحت

(ج) شہرت

(د) عزت

حدیث مبارکہ میں درود بھیجنے کی فضیلت بیان ہوئی ہے کہ ایک بار درود پڑھنے سے اللہ تعالیٰ عافیت کا دروازہ کھول دیتے ہیں۔ باقی تمام آپشنز حدیث کے الفاظ سے مطابقت نہیں رکھتیں اس لیے درست نہیں۔

260۔ زکوۃ کے مصارف ہیں:

(ا) سات

(ب) آٹھ

(ج) بارہ

(د) پندرہ

زکوۃ کے آٹھ مصارف ہیں: غریب، مسکین، زکوۃ جمع کرنے والے افراد، وہ غیر مسلم جنہیں اسلام کی طرف راغب کرنا مقصود ہو، غلام، مقروض، اللہ کی راہ میں نکلے ہوئے لوگ، مسافر

261۔ انفرادی نظم و ضبط کے ذریعے:

(ا) اجتماعی بہتری آئے گی

(ب) اجتماعی خوشحالی ہوگی

(ج) اجتماعی نظم و ضبط پیدا ہوگا

(د) اجتماعی ترقی ہو گی

انفرادی نظم و ضبط کی وجہ سے معاشرے کے افراد میں بہتری آئے گی اور اجتماعی طور پر ہر چیز میں نظم و ضبط پیدا ہو گا۔ کیونکہ افراد کا اثر پورے معاشرے پر پڑتا ہے۔

262- اتحاد و اتفاق میں برکت ہے جبکہ انتشار و افتراق میں :

(ا) جنگ ہے

(ب) لڑائی ہے

(ج) لوٹ مار ہے

(د) بے برکتی ہے

اس جملے میں دو چیزوں کا تقابل ہو رہا ہے۔ یعنی اتحاد کے مقابلے میں انتشار۔ اس لیے برکت کے مقابلے میں بھی "بے برکتی" کا لفظ آئے گا۔

26- عائلی زندگی سے مراد ہے:

(ا) انفرادی زندگی

(ب) اجتماعی زندگی

(ج) قبائلی زندگی

(د) خاندانی زندگی

"عیال" اور "عائلہ" عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس سے مراد ہے خاندان۔ عائلی زندگی سے مراد انسان کی اپنے خاندان میں گزرنے والی زندگی ہے۔

264- مسلمان آپس میں ہیں:

(ا) دوستوں کی طرح

(ب) مجسموں کی طرح

(ج) فرشتوں کی طرح

(د) ایک جسم کی طرح

حدیث میں آتا ہے کہ "مسلمان ایک جسم کی طرح ہیں، اگر آنکھ بیمار ہوتی ہے تو پورا جسم بیمار ہوتا ہے، اگر سر بیمار ہو تو پورا جسم بیمار ہوتا ہے"۔

265- حقوق کی کتنی قسمیں ہیں؟

(ا) چار

(ب) دو

(ج) پانچ

(د) تین

حقوق دو طرح کے ہیں: حقوق اللہ، حقوق العباد۔ حقوق اللہ وہ تمام حقوق ہیں جن کا تعلق اللہ تعالیٰ سے ہے۔ اور اس کی معافی کا اختیار بھی اللہ کے پاس ہے۔ حقوق العباد سے مراد وہ حقوق ہیں جو انسانوں سے متعلق ہیں، اور ان کی معافی کے لیے بھی ضروری ہے کہ جس کا حق مارا ہے اس سے معاف کروایا جائے۔

266- یتیم اس بچے یا بچی کو کہتے ہیں:

(ا) جس کا والد فوت ہو چکا ہو

(ب) جس کی والدہ فوت ہو چکی ہو

(ج) جس کی بہن فوت ہو چکی ہو

(د) جس کا بھائی فوت ہو چکا ہو

جس کا والد فوت ہو جائے اسے یتیم کہتے ہیں۔ اور جس کی والدہ فوت ہو جائے اسے اردو میں "مسکین" کہتے ہیں۔

267۔ ''مسلمانوں میں سب سے اچھا گھر وہ ہے جس میں ---------- کے ساتھ بھلائی کی جائے'':

(ا) غریب

(ب) یتیم

(ج) مزدور

(د) گھر والوں

یتیم کے ساتھ حسن سلوک کی بہت ترغیب دی گئی ہے اور حکم دیا گیا ہے کہ یتیم کے ساتھ بد سلوکی نہ کی جائے۔ اس لیے ''یتیم'' والی آپشن ہی درست ہے کیونکہ وہ حدیث کے الفاظ کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے۔

268۔ بیوہ عورت کہتے ہیں:

(ا) جس کی اولاد نہ ہو

(ب) جس کے شوہر نے اسے طلاق دے دی ہو

(ج) جس کی شادی نہ ہوئی ہو

(د) جس کا شوہر فوت ہو گیا ہو

جس کو طلاق ہو گئی ہو اسے ''مطلقہ'' کہتے ہیں۔ جس کی شادی نہ ہوئی ہو اسے ''کنواری'' اور جس کی اولاد نہ ہو اسے ''بے اولاد'' کہتے ہیں۔ بیوہ اس کو کہتے ہیں جس کا شوہر فوت ہو گیا ہو۔

269۔ اولاد ہونے کی صورت میں بیوی کو خاوند کی وراثت میں سے ملے گا:

(ا) چھٹا حصہ

(ب) پانچواں حصہ

(ج) چوتھا حصہ

(د) آٹھواں حصہ

اولاد ہونے کی صورت میں بیوی کو آٹھواں حصہ اور اگر اولاد نہ ہو تو بیوی کو وراثت میں چوتھا حصہ ملتا ہے۔

270۔ اولاد ہونے کی صورت میں بیوی کو خاوند کی وراثت میں سے ملے گا:

(ا) چھٹا حصہ

(ب) پانچواں حصہ

(ج) چوتھا حصہ

(د) آٹھواں حصہ

اولاد ہونے کی صورت میں بیوی کو آٹھواں حصہ اور اگر اولاد نہ ہو تو بیوی کو وراثت میں چوتھا حصہ ملتا ہے۔

271۔ اسلام کی تعلیمات ہیں کہ یتیموں کے مال کو اپنے مال سے:

(ا) الگ رکھو

(ب) ملا لو

(ج) کمتر سمجھو

(د) عمدہ سمجھو

یتیموں کے معاملے میں اسلام میں بہت واضح تعلیمات ہیں۔ یتیموں کی دلجوئی کی بہت ترغیب ہے اور ان سے حسن سلوک کا حکم ہے۔ ان کے مال کے معاملے میں بہت احتیاط کا کہا گیا ہے اور ان کا مال ناحق کھانے والوں کے بارے میں قرآن میں کہا گیا ہے کہ '' وہ لوگ جہنم کی آگ اپنے پیٹ میں بھرتے ہیں''۔

272۔ ''کسی بھولے بھٹکے یا کسی نابینا کو راستہ دکھانا:

(ا) صدقہ ہے

(ب) ضروری ہے

(ج) حسن معاشرت ہے

(د) واجب ہے

اسلام میں چھوٹی چھوٹی نیکیوں اور اچھائیوں کی بھی بہت ترغیب دی گئی ہے۔ راستے سے تکلیف دہ چیز دور کرنا بھی صدقہ ہے، کسی کو راستہ دکھانا بھی صدقہ ہے۔ خندہ پیشانی سے ملنا بھی صدقہ ہے۔

273۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی اولاد میں سے:

(ا) دوسری بیٹی تھیں

(ب) سب سے چھوٹی تھیں

(ج) درمیان میں تھیں

(د) سب سے بڑی تھیں

حضرت خدیجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چار بیٹیاں تھیں۔ حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت ام کلثوم اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہن۔

274۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی عمر وفات کے وقت تھی:

(ا) 27

(ب) 25

(ج) 29

(د) 30

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی وفات 11 ھ میں ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے چھ ماہ بعد ہی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی وفات ہوگئی، اور اس وقت آپ کی عمر 29 سال تھی۔

275۔ محمد بن قاسم کی پیدائش ------------ھ میں ہوئی

(ا) 70

(ب) 75

(ج) 90

(د) 80

276۔ محمد بن قاسم کا پورا نام تھا:

(ا) صلاح الدین محمد بن قاسم

(ب) نورالدین محمد بن قاسم زنگی

(ج) صدرالدین محمد بن قاسم

(د) عمادالدین محمد بن قاسم ثقفی

277۔ محمد بن قاسم کتنے سال کی عمر میں فوج میں بھرتی ہوئے:

(ا) 14

(ب) 22

(ج) 17

(د) 23

278۔ سندھ کی طرف پیش قدمی کے وقت محمد بن قاسم کی عمر تھی:

(ا) 22

(ب) 16

(ج) 20

(د) 17

279۔ محمد بن قاسم کے لشکر کی سب سے بڑی منجنیق کا نام تھا:

(ا) مکران

(ب) ضرار

(ج) عروس

(د) غوری

محمد بن قاسم کے لشکر کے پاس پانچ منجنیقیں تھیں۔ جن میں سے سب سے بڑی منجنیق کا نام ''عروس'' تھا۔ منجنیق ایک بڑی مشین ہوتی تھی جسے بڑے پتھر دشمن پر پھینکنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔

280۔ جب محمد بن قاسم دیبل پہنچے تو فوج کی تعداد کتنی تھی:

(ا) چھ ہزار

(ب) آٹھ ہزار

(ج) سات ہزار

(د) نو ہزار

281۔ محمد بن قاسم کے پاس کتنی منجنیقیں تھیں:

(ا) 8

(ب) 6

(ج) 9

(د) 5

محمد بن قاسم کے لشکر کے پاس پانچ منجنیقیں تھیں۔ جن میں سے سب سے بڑی منجنیق کا نام ''عروس'' تھا۔ منجنیق ایک بڑی مشین ہوتی تھی جسے بڑے پتھر دشمن پر پھینکنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔

282۔ دیبل کا گھیراؤ کتنا عرصہ رہا؟

(ا) چھ ماہ

(ب) چار ما

(ج) ...

(د) تین ماہ

283۔ راجہ داہر جنگ میں کس پر سوار تھا:

(ا) گھوڑے پر

(ب) ہاتھی پر

(ج) پالکی پر

(د) اونٹ پر

محمد بن قاسم کا اصل مقابلہ دیبل کے حکمران راجہ داہر سے تھا
راجہ داہر جنگ کے دن سفید ہاتھی پر سوار ہو کر آیا تھا۔ اور اس
کے ساتھ اس کا بیٹا جے سنگھ بھی موجود تھا۔

284۔ بو علی سینا کا لقب تھا:

(ا) الرئیس

(ب) المعلم الثانی

(ج) الشیخ الرئیس

(د) المعلم الاول

بو علی سینا کو ''الشیخ الرئیس''، ارسطو کو ''المعلم الاول'' اور الفارابی کو ''المعلم الثانی'' کہا جاتا تھا۔

285۔ بو علی سینا کی وفات کس بیماری سے ہوئی:

(ا) قولنج

(ب) سرطان

(ج) تپ دق

(د) درد شقیقہ

286۔ بو علی سینا کی کتاب ''القانون فی الطب'' کتنی جلدوں

(ا) 2

(ب) 3

(ج) 4

(د) 5

القانون فی الطب علم طب، علم الجراحت اور علم الابدان پر بو علی سینا کی ایک مشہور کتاب اور طبی معلومات کا مجموعہ ہے۔ یہ کتاب پانچ جلدوں پر مشتمل ہے۔

287۔ بو علی سینا کا انتقال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ھ میں ہوا:

(ا) 445
(ب) 428
(ج) 430
(د) 490

بو علی سینا ہمدان کے سفر کے دوران 18 جون 1037ء بمطابق 4 رمضان 428ھ کو قولنج کی بیماری سے فوت ہوئے۔

288۔ کتاب الشفا کن کی تصنیف ہے؟

(ا) الفارابی
(ب) جاحظ
(ج) البیرونی
(د) بو علی سینا

کتاب الشفا بو علی سینا کی مشہور تصنیف ہے۔ اس کا موضوع فلسفہ اور منطق ہے۔ یہ پانچ حصوں پر مشتمل ہے۔

289۔ حکیم حاذق کس کا لقب تھا:

(ا) بو علی سینا
(ب) جابر بن حیان
(ج) الفارابی
(د) موسیٰ الخوارزمی

"حکیم حاذق" ماہر طبیب کو کہتے ہیں۔ بو علی سینا علم طب کے میدان میں نہایت مہارت رکھتے تھے اس لیے انہیں حکیم حاذق کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

290۔ شاہ ولی اللہ کا نام تھا:

(ا) ولی الدین احمد
(ب) جمال الدین محمود
(ج) صدر الدین قاسم
(د) قطب الدین احمد

شاہ ولی اللہ کا نام احمد اور لقب قطب الدین تھا۔ آپ کے والد کا نام عبدالرحیم تھا اور آپ کی پیدائش دہلی میں ہوئی۔

291۔ شاہ ولی اللہ کی پیدائش۔۔۔۔۔۔ھ میں ہوئی:

(ا) 1109
(ب) 1114
(ج) 1121
(د) 1120

292۔ شاہ ولی اللہ کے والد کی قائم کردہ درسگاہ کا نام تھا:

(ا) مدرسہ کریمیہ
(ب) مدرسہ امینیہ
(ج) مدرسہ مظہریہ
(د) مدرسہ رحیمیہ

مدرسہ رحیمیہ دھلی برصغیر کے قدیم ترین مدارس میں شامل ہے۔ اسے شاہ ولی اللہ کے والد شاہ عبدالرحیم دہلوی نے "مہندیوں" میں اورنگ زیب عالمگیر کے دور میں قائم کیا تھا۔

293۔ شاہ ولی اللہ کے والد کا نام تھا:

(ا) شاہ عبدالحق
(ب) شاہ عبدالقادر
(ج) شاہ عبدالرحیم

(د) شاہ عبدالغنی

شاہ ولی اللہ کا نام احمد اور لقب قطب الدین تھا۔ آپ کے والد کا نام عبدالرحیم تھا اور آپ کی پیدائش دہلی میں ہوئی۔

294۔ شاہ ولی اللہ کے فارسی ترجمہ قرآن کا نام ہے:

(ا) فتح الرحمن (ب) معالم العرفان

(ج) کشف الرحمن (د) معارف القرآن

شاہ ولی اللہ کا معرکۃ الآراء ترجمہ قرآن، فتح الرحمٰن کے نام سے مشہور ہوا۔ فتح الرحمٰن اصل میں ایک مقدمہ، ترجمہ قرآن اور اس کے تفسیری نوٹس پر مشتمل ہے۔

295۔ شاہ ولی اللہ نے فقہی اختلافات دور کرنے کے لیے رسالہ لکھا:

(ا) القول الجمیل

(ب) الانصاف فی بیان سبب الاختلاف

(ج) المسوی

(د) الفوز الکبیر

شاہ ولی اللہ کا رسالہ 'الانصاف فی بیان سبب الاختلاف' ہے۔ اس رسالہ میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے فقہا کے اختلاف کی وجہ بیان کی ہے۔

29۔ شاہ ولی اللہ کی وفات ------ھ میں ہوئی:

(ا) 1176 (ب) 1180

(ج) 1170 (د) 1182

297۔ شاہ عبدالعزیز شاہ ولی اللہ کے:

(ا) چچا تھے (ب) بھائی تھے

(ج) والد تھے (د) بیٹے تھے

شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے چار بیٹے تھے۔ شاہ عبدالعزیز، شاہ رفیع الدین، شاہ عبدالقادر، شاہ عبدالغنی۔

298۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے":

(ا) سزا ہے (ب) گناہ ہے

(ج) برائی ہے (د) خرابی ہے

قرآن میں ارشاد "ویل للمطففین"۔ "بربادی (خرابی) ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے۔

299۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "ان سے ایسی بات کہو جو:

(ا) دل میں اثر کرے (ب) لیے مفید ہو

(ج) اوپر بے اثر ہو (د) نرم ہو

قرآن مجید میں ارشاد ہے "فقولا لہ قولا لینا"۔ 'اسے نرم بات کہو'۔ اس لیے "نرم ہو" والی آپشن آیت کے الفاظ کے مطابق ہے۔

300۔ "عربی کو عجمی پر":

(ا) بہتری ہے (ب) فوقیت ہے

(ج) ترجیح ہے (د) کوئی فوقیت نہیں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ حجۃ الوداع میں ارشاد فرمایا کہ "عربی کو عجمی پر، گورے کو کالے پر کوئی فوقیت نہیں، اللہ کے نزدیک معزز وہ ہے جو زیادہ تقوے والا ہے"۔

معاشرتی علوم / مطالعہ پاکستان

(پی ایس ٹی اور جے ای ایس ٹی کے لیے)

نوٹ: درست جوابات کو بولڈ اور انڈرلائن کیا گیا ہے۔

1۔ وادی سندھ کی تہذیب ـــــــ قبل از مسیح تک قائم رہی۔

الف) 2 ہزار تین سو تیرہ سال

ب) چھ سو سال قبل از مسیح

ج) **تین ہزار تین سو تیرہ سال**

د) ہزار سال

وضاحت:

- وادی سندھ کی تہذیب تین ہزار تین سو تیرہ سال قبل از مسیح تک قائم رہی۔ یہ تہذیب دو ہزار چھ سو سے انیس سو قبل مسیح تک عروج پر تھی۔
- وادی سندھ کی تہذیب دریائے سندھ کے کناروں پر آباد قصبوں سے پروان چڑھی۔ اسے ہڑپہ کی تہذیب بھی کہتے ہیں۔
- ہڑپہ اور موہنجو داڑو اس کے اہم مراکز تھے۔
- اس تہذیب کے باسی دھوپ میں پکائی ہوئی اینٹوں سے مکان بناتے تھے۔ ان کے پاس بیل گاڑیاں تھیں اور لوگ سمندر میں سفر کے لیے لکڑی کی کشتیاں بناتے، وہ چرخے اور کھڈی سے کپڑا بنتے تھے، مٹی کے برتن بنانے کے ماہر تھے
- سوتی کپڑا جسے انگریزی میں کاٹن کہتے ہیں وہ انہی کی ایجاد تھی

2۔ وادی سندھ کی تہذیب میں اقتدار کا مرکز ـــــــ کا شہر تھا

الف) **ہڑپہ**

ب) موہنجو داڑو

ج) تھل

د) چولستان

وضاحت: ہڑپہ: وادی سندھ کی تہذیب کا سب سے پہلے دریافت ہونے والا شہر ہڑپہ تھا اور اس لیے اس کو ہڑپہ سویلائزیشن بھی کہتے ہیں۔ ہڑپہ کے موجودہ دریافت شدہ کھنڈرات کا رقبہ 125 ایکڑ زمین پر پھیلا ہوا ہے۔ ہڑپہ میں آثار قدیمہ کی باقاعدہ کھدائی 1921ء میں شروع ہوئی۔

موہنجو داڑو: اس تہذیب میں ہڑپہ کے بعد دوسرا بڑا شہر موہنجو داڑو تھا۔ موہنجو داڑو دریائے سندھ کے اندر ایک جزیرہ نما خشکی پر واقع تھا۔ اس کے ایک طرف دریائے سندھ تھا اور دوسری طرف دریائے سندھ سے نکلنے والا نالہ (جسے نارا کہتے ہیں) بہتا تھا۔

تھل: پاکستان کے ایک صحرا کا نام ہے۔ یہ سلسلہ کوہ نمک کے جنوب میں دریائے سندھ اور دریائے جہلم کے درمیان میں واقع ہے۔ صحرائے تھل میں ہر طرف ریت کے ٹیلے ہیں۔ یہاں پانی اور آبادی کم ہے۔ دونوں دریاؤں کے اس درمیانی علاقے کو سندھ ساگر دوآب بھی کہتے ہیں۔

چولستان: چولستان پاکستان کا ایک اہم صحرا ہے۔ یہاں کے مقامی لوگ خانہ بدوش ہیں جو صحرائے چولستان کے ٹوبھوں کے گرد اپنا مسکن بناتے ہیں۔ ٹوبھا پنجابی زبان میں پانی کے تالاب کو کہتے ہیں۔ صحرائے چولستان مقامی طور پر روہی کے نام سے بھی مشہور ہے

3۔ **افراد کا گروہ جو ایک ساتھ رہتا ہو اور ان میں باہمی تعلق ہو اسے ـــــــ کہتے ہیں۔**

الف) ثقافت

ب) **معاشرہ**

ج) صنعتی معاشرہ

د) ان میں سے کوئی نہیں

معاشرتی علوم / مطالعہ پاکستان

(پی ایس ٹی اور جے ای ایس ٹی کے لیے)

نوٹ: درست جوابات کو بولڈ اور انڈر لائن کیا گیا ہے۔

1۔ وادی سندھ کی تہذیب ______ قبل از مسیح تک قائم رہی۔

الف) 2ہزار تین سو تیرہ سال
ب) چھ سو سال قبل از مسیح
ج) **تین ہزار تین سو تیرہ سال**
د) ہزار سال

وضاحت:

- وادی سندھ کی تہذیب تین ہزار تین سو تیرہ سال قبل از مسیح تک قائم رہی۔ یہ تہذیب دو ہزار چھ سو سے انیس سو قبل مسیح تک عروج پر تھی۔
- وادی سندھ کی تہذیب دریائے سندھ کے کناروں پر آباد قصبوں سے پروان چڑھی۔ اسے ہڑپہ کی تہذیب بھی کہتے ہیں۔
- ہڑپہ اور موہنجو داڑو اس کے اہم مراکز تھے۔
- اس تہذیب کے باسی دھوپ میں پکائی ہوئی اینٹوں سے مکان بناتے تھے۔ ان کے پاس بیل گاڑیاں تھیں اور لوگ سمندر میں سفر کے لیے لکڑی کی کشتیاں بناتے، وہ چرخے اور کھڈی سے کپڑا بنتے تھے، مٹی کے برتن بنانے کے ماہر تھے
- سوتی کپڑا جسے انگریزی میں کاٹن کہتے ہیں وہ انہی کی ایجاد تھی

2. وادی سندھ کی تہذیب میں اقتدار کا مرکز ______ کا شہر تھا

الف) **ہڑپہ**
ب) موہنجو داڑو
ج) تھل
د) چولستان

وضاحت: ہڑپہ: وادی سندھ کی تہذیب کا سب سے پہلے دریافت ہونے والا شہر ہڑپہ تھا اور اس لیے اس کو ہڑپہ سویلائزیشن بھی کہتے ہیں۔ ہڑپہ کے موجودہ دریافت شدہ کھنڈرات کا رقبہ 125 ایکڑ زمین پر پھیلا ہوا ہے۔ ہڑپہ میں آثار قدیمہ کی باقاعدہ کھدائی 1921ء میں شروع ہوئی۔

موہنجو داڑو: اس تہذیب میں ہڑپہ کے بعد دوسرا بڑا شہر موہنجو داڑو تھا۔ موہنجو داڑو دریائے سندھ کے اندر ایک جزیرہ نما خشکی پر واقع تھا۔ اس کے ایک طرف دریائے سندھ تھا اور دوسری طرح دریائے سندھ سے نکلنے والا نالہ (جسے نارا کہتے ہیں) بہتا تھا۔

تھل: پاکستان کے ایک صحرا کا نام ہے۔ یہ سلسلہ کوہ نمک کے جنوب میں دریائے سندھ اور دریائے جہلم کے درمیان میں واقع ہے۔ صحرائے تھل میں ہر طرف ریت کے ٹیلے ہیں۔ یہاں پانی اور آبادی کم ہیں۔ دونوں دریاؤں کے اس درمیانی علاقے کو سندھ ساگر دوآب بھی کہتے ہیں۔

چولستان: چولستان پاکستان کا ایک اہم صحرا ہے۔ یہاں کے مقامی لوگ خانہ بدوش ہیں جو صحرائے چولستان کے ٹوبھوں کے گرد اپنا مسکن بناتے ہیں۔ ٹوبھا پنجابی زبان میں پانی کے تالاب کو کہتے ہیں۔ صحرائے چولستان مقامی طور پر روہی کے نام سے بھی مشہور ہے

3. افراد کا گروہ جو ایک ساتھ رہتا ہو اور ان میں باہمی تعلق ہو اسے ______ کہتے ہیں۔

الف) ثقافت
ب) **معاشرہ**
ج) صنعتی معاشرہ
د) ان میں سے کوئی نہیں

وضاحت:

معاشرہ: معاشرہ افراد کا وہ گروہ ہے جس میں ایک ساتھ ہونے کا احساس اور باہمی تعلق پایا جائے۔ اور ان کے عقائد، معیار، رواج اور اقدار مشترک ہوں۔

ثقافت: لوگوں کے گروہ کی طرز زندگی کو ثقافت کہتے ہیں۔ عام ثقافت میں مذہب، کھانے پینے کی عادتیں اور لباس، آرٹ، اور لوک کہانیاں شامل ہیں۔

صنعتی معاشرہ: صنعتی معاشرہ تقریبا 1769ء سے صنعتی انقلاب کے بعد فروغ پایا۔ اس عرصہ کے دوران شہری ثقافت کا آغاز ہوا۔ اس دور میں بھاپ سے چلنے والے انجن، کشتیاں، ریلیں اور پھر انیسویں صدی میں ایندھن سے چلنے والے اور بجلی سے چلنے والے انجن دنیا میں متعارف ہوئے۔

4- وہ معاشرہ جو معاشرتی ترقی اور تنظیم کی برتر کیفیت تک رسائی حاصل کرلے اسے ______ کہتے ہیں۔

الف) ثقافت　　ب) تہذیب

ج) جدید معاشرہ

د) ان میں سے کوئی نہیں

وضاحت:

تہذیب: تہذیب سے مراد وہ قوم یا افراد ہیں جن کی ثقافت، قوانین، معیشت اور خاص طور پر عقائد یا مذہب ایک ہوں۔ جیسے جیسے انسانی زندگی پیچیدہ ہوتی گئی لوگوں نے فصلیں کاشت کرنا، مویشیوں کو پالنا سیکھا اس تبدیلی کی وجہ سے انھوں نے ایک جگہ قیام کرنا شروع کیا آباد کاریاں گاؤں میں بدلیں اور

ثقافت: لوگوں کے گروہ کی طرز زندگی کو ثقافت کہتے ہیں۔ عام ثقافت میں مذہب، کھانے پینے کی عادتیں اور لباس، آرٹ، اور لوک کہانیاں شامل ہیں۔

5- کس معاشرہ کے اراکین نے خانہ بدوشی کی زندگی گزاری اور خوراک کے لیے ان کا زیادہ وقت جانوروں کے شکار میں گزرا۔

الف) گڈریائی

ب) شکاری ٹولیوں والا معاشرہ

ج) زراعتی معاشرہ

د) باغبانی (پودے اگانا)

وضاحت:

درست جواب: شکاری ٹولیوں والا معاشرہ۔ قبل از صنعتی معاشروں میں جس معاشرے کے لوگوں نے خانہ بدوشی (ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل مکانی کی) زندگی گزاری اور جانوروں کے شکار اور جنگلی پودوں سے اپنی خوراک کی ضروریات کو پورا کیا ان کو شکاری ٹولیوں والا معاشرہ کہا جاتا ہے۔

گڈریائی: خوراک کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اس معاشرہ کے لوگوں کا زیادہ تر انحصار مویشیوں پر رہا۔ اس معاشرے کے اراکین نے بھی خانہ بدوشی کی زندگی گزاری اور یہ لوگ اپنے ساتھ مویشیوں کو بھی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے رہے۔

باغبانی معاشرہ: خوراک کے لیے اس معاشرہ کے افراد نے جنگل کو کاٹ کر صاف کیا۔ پھل اور سبزیاں اگائیں۔

زراعتی معاشرہ: زراعتی معاشرے کے افراد نے کاشتکاری کی اور گھریلو مویشی پالے۔ ان فصلوں میں گندم، چاول اور کپاس شامل ہیں اور جب کے مویشیوں میں گائے، بھیڑ، بکریاں شامل ہیں۔

6- ماہرین آثار قدیمہ کے مطابق وادی سندھ کے باشندے ______ اور ______ سے بنے زیورات پہنتے تھے۔

الف) سونے اور چاندی

ب) پیتل اور لوہے

ج) مٹی اور ابرق کے منکوں

د) چاروں درست

وضاحت:

درست جواب: مٹی اور ابرق کے منکوں: ماہرین آثار قدیمہ کے مطابق وادی سندھ کے باشندے زیورات خصوصاً ہار، چوڑیاں اور بندے پہنتے تھے اور یہ زیورات مٹی اور صاف ابرق کے منکوں اور خولوں سے بنے ہوتے تھے اور اس کے علاوہ یہ لوگ پکی مٹی سے بنے ہوئے پیالے تھالیاں اور کٹورے استعمال کرتے تھے۔ اور تاروں والے آلات موسیقی کا بھی استعمال کرتے تھے۔

7- **وادی سندھ کی تہذیب میں شہروں کی معیشت کا دارو** مدار ـــــــ پر تھا۔

الف) تجارت　　ب) کھیتی باڑی

ج) غلہ بانی　　د) باغبانی

وضاحت:

درست جواب: تجارت۔ وادی سندھ کی تہذیب میں شہروں کی معیشت کا انحصار تجارت پر تھا۔ کاشتکار غذائی اجناس شہروں میں لاتے اور شہری ہنر مند سوتی کپڑا برتن اور منکے بناتے۔ اس تہذیب میں سرمایہ کاری کے شواہد نہیں ملتے کہ وہ غالباً اشیاء کا باہم تبادلہ کرتے اور اس طرح یہ لوگ ایک دوسرے کی ضروریات کو پورا کرتے۔

8- **وادی سندھ کی قدیم تہذیب کے لوگوں نے اپنے پیشتر آلات (اوزار) ـــــــ سے بنائے۔**

الف) مقناطیسی پتھر　　ب) لوہے

ج) چاندی　　د) سونا

وضاحت:

درست جواب: مقناطیسی پتھر۔

وادی سندھ کی تہذیب کی باشندوں نے بہت سے ایسے آلات استعمال کیے جن کو ہم آج کے زمانے میں بھی استعمال کر رہے جن میں مچھلی پکڑنے والے کانٹے، کلہاڑیاں، چھینیاں ہتھوڑے، استرے، اور آریاں وغیرہ شامل ہیں۔ ان آلات کو بنانے کے لیے انھوں نے زیادہ تر مقناطیسی پتھر کا استعمال کیا اور اس کے علاوہ انہوں نے نئی تکنیکیں استعمال کرتے ہوئے کچھ دھاتوں، تانبا، کانسی اور ٹین سے بھی آلات (اوزار) بنائے۔

9- **وادی سندھ کی تہذیب کے لوگوں نے وزن اور پیمائش کا یکساں نظام بنایا تا کہ ـــــــ کی درست پیمائش ہو سکے۔**

الف) کمیت　　ب) لمبائی

ج) وقت　　ج) الف، ب، ج تینوں کی

وضاحت:

درست جواب: لمبائی کمیت اور وقت تینوں کی۔ وادی سندھ کی تہذیب کی باشندوں نے لمبائی، کمیت، اور وقت کی درست پیمائش کے لیے ایک نظام وضع کیا۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مختلف تہذیبوں کے مقابلے میں وادی سندھ کی تہذیب کے باشندے سب سے آگے تھے۔ اس کے علاوہ انھوں نے ہاتھی دانت کے بنے ہوئے مسطر (سکیل) استعمال کیے۔ اوزان مختلف یونٹوں پر مشتمل تھا اور ہر یونٹ اندازاً اٹھائیس گرام تک وزن کرنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ جیسے انگلش میں اونس اور قدیم ہندوستان میں سیر۔

10- **وہ اسباب جن کی وجہ سے وادی سندھ کی تہذیب بہت اہمیت کی حامل ہے۔**

الف) تجارت

ب) ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل مکانی

ج) منصوبہ بندی (ٹاؤن پلاننگ) اور فن تعمیر

د) تحریر (لکھائی)

وضاحت:

درست جواب: وادی سندھ کی تہذیب شہری منصوبہ بندی (ٹاؤن پلاننگ) اور فن تعمیر کی وجہ سے بہت اہمیت کی حامل ہے۔ اس کے شہر بہترین منصوبہ بندی کے تحت تعمیر کیے گئے۔ جس میں کشادہ سڑکیں تھیں اور شہر کو کئی بلاکوں میں تقسیم کیا گیا۔ مکانات کو پکی اینٹوں کی چوڑی دیواروں سے بنایا

گیا تھا۔ نکاسی آب کا نظام بھی وادی سندھ کی تہذیب سے دریافت ہوا۔

11. سینٹ میں ٹیکنوکریٹ اور علماء کے لیے ______ نشستوں کو مختص کیا گیا ہے؟

الف) **17** ب) 14

ج) 10 د) 4

12۔ افراد کا وہ گروہ جو کسی نظام کے تحت ملک پر حکمرانی کرتا ہے اسے ______ کہتے ہیں۔

الف) **حکومت** ب) ریاست

ج) پارلیمنٹ د) سینٹ

وضاحت:

درست جواب: حکومت: حکومت ملک کے لیے قانون اور پالیسیاں بناتی ہے حکومت کے فرائض میں شہریوں کی زندگیوں اور املاک کو تحفظ دینا اور شہریوں کے لیے تعلیم، صحت اور دوسری بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے۔

- **پارلیمنٹ:** پاکستان میں پارلیمانی طرز حکومت رائج ہے۔ پارلیمنٹ کو مجلس شوریٰ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دو ایوانوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ قومی اسمبلی جس کو ایوان زیریں اور سینیٹ جس کو ایوان بالا کہا جاتا ہے۔ قومی اسمبلی میں ٹوٹل نشستوں کی تعداد 342 ہے جس میں سے 60 نشستیں عورتوں کے لئے اور 10 اقلیتوں کے لیے مختص ہیں۔ موجودہ سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر ہیں۔
- **سینیٹ:** موجودہ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی ہیں جو کہ 12 مارچ 2018 سے اس عہدے پر فائز ہیں۔ سینیٹ کے انتخابات ہر تین سال بعد آدھی نشستوں کے لیے منعقد ہوتے ہیں۔ ارکان کی مدت 6 سال ہوتی ہے۔ سینیٹ میں کل نشستوں کی تعداد 104 ہے۔ اس میں سے خواتین کی 17 نشستیں ہیں۔
- ریاست: ریاست ایک قسم کے لوگوں کا مجموعہ ہے جو کسی خاص مقصد کے لیے ایک واضح علاقے پر منظم ہو۔

13۔ وفاقی طرز حکومت میں اختیارات ______ اور ______ میں تقسیم ہوتے ہیں

الف) **وفاقی اور صوبائی حکومتوں میں**

ب) صدر اور وزیر اعظم

ج) قومی اسمبلی اور سینٹ

وضاحت:

درست جواب: وفاقی اور صوبائی حکومتوں میں تقسیم ہوتے ہیں: ہر سطح کی حکومت کو خواہ وہ وفاقی ہو یا صوبائی کئی امور میں مکمل اختیارات حاصل ہیں جب کہ کچھ اختیارات میں وہ باہم شریک ہیں۔ وفاق کو ملک پر مجموعی طور پر اثر انداز ہونے والے اختیارات مثلاً مالیات، خارجہ تعلقات اور دفاع وغیرہ حاصل ہیں اور صوبائی حکومتوں کو تعلیم صحت و کی دیکھ بھال سے متعلق اختیار حاصل ہیں۔

14. مجلس شوریٰ کہتے ہیں ______

الف) قومی اسمبلی کو ب) صوبائی اسمبلی کو

ج) **پارلیمنٹ کو** د) سینیٹ کو

15. قومی اسمبلی کو ______ بھی کہا جاتا ہے

الف) ایوان بالا ب) **ایوان زیریں**

ج) انتظامی شعبہ د) ان میں سے کوئی نہیں

16۔ قومی اسمبلی کے اراکین کی کل تعداد کتنی ہے؟

الف) **342** ب) 272

ج) 104 د) 360

17- قومی اسمبلی میں خواتین کے لیے کتنی نشستوں کو مختص کیا گیا ہے؟

الف) 20　ب) 10
ج) کوئی نہیں　د) **60**

18- قومی اسمبلی میں مذہبی اقلیتوں کے لیے مختص نشستوں کی تعداد کتنی ہے؟

الف) 20　ب) **10**
ج) کوئی نہیں　د) 25

19- سینیٹ کے اراکین کی کل تعداد کتنی ہے؟

الف) 25　ب) 400
ج) **104**　د) 360

20- سینیٹ کے اراکین کی مدت ــــــــ سال ہے اس کے ــــــــ اراکین 3 سال بعد ریٹائرڈ ہو جاتے ہیں؟

الف) **6 سال، 50 فیصد**　ب) 5 سال، 50 فیصد
ج) 4 سال، 30 فیصد　د) 3 سال، تمام

21- 1973 کے آئین کے مطابق پاکستان میں ــــــــ، ــــــــ اور ــــــــ نظام حکومت رائج ہے۔

الف) صدارتی، پارلیمانی، وفاقی
ب) صوبائی، پارلیمانی اور وفاقی
ج) **وفاقی، پارلیمانی اور جمہوری**
د) صوبائی، وفاقی اور جمہوری

22- سینیٹ میں عورتوں کے لیے کتنی نشستوں کو مختص کیا گیا ہے؟

الف) 4　ب) 14
ج) کوئی نہیں　د) **17**

23- پاکستان میں مسلح افواج کا سپریم کمانڈر کون ہوتا ہے؟

الف) وزیر اعظم　ب) آرمی چیف
ج) چیف آف آرمی سٹاف　د) **صدر پاکستان**

24. پاکستان میں حکومت کے کتنے شعبے ہیں؟

الف) **3**　ب) 4
ج) 2　د) 5

وضاحت: پاکستان میں حکومت کے 3 شعبے ہیں۔

1. **شعبہ قانون ساز** جو کہ دو ایوانوں ایوان بالا (سینیٹ) اور ایوان زیریں (قومی اسمبلی) پر مشتمل ہوتی ہے۔
2. **انتظامی شعبہ:** انتظامی شعبہ وزیر اعظم اور صدر پر مشتمل ہوتا ہے وزیر اعظم حکومت کے سربراہ ہوتے ہیں جب کہ دوسری جانب چند ذمہ داریوں کے ساتھ صدر کو رسمی سربراہ کی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔
3. **عدالتی شعبہ:** پاکستان میں عدالتی نظام میں سپریم کورٹ، وفاقی شرعی عدالت صوبائی کورٹس اور ہائی کورٹس، ٹربیونل کورٹس وغیرہ شامل ہیں

25. پاکستان کی سب سے اعلی عدالت ہے۔

الف) ہائی کورٹ　ب) **سپریم کورٹ**
ج) سیشن کورٹ　د) وفاقی شرعی عدالت

26. ایسی حکومت جو کہ ایک ضلع، تحصیل، اور یونین کونسل کا انتظام چلاتی ہے اسے ــــــــ کہتے ہیں۔

الف) **مقامی حکومت**　ب) صوبائی حکومت
ج) علاقائی حکومت　د) ضلعی حکومت

27. بچوں کی پیدائش، اموات اور شادیوں کا اندراج کس کی ذمہ داری ہے؟

الف) ضلع کونسل　ب) **یونین کونسل**
ج) تحصیل کونسل　د) ٹاؤن کمیٹی

وضاحت: یونین کونسل: بچوں کی پیدائش، اموات اور شادیوں کے اندراج کا ذمہ دار ہے اس کے علاوہ چھوٹی سڑکوں کی مرمت، نکاسی لائینوں کی مرمت اور سٹریٹ لائینس کی فراہمی وغیرہ بھی یونین کونسل کی ذمہ داری ہیں۔

ضلع کونسل: یہ مقامی حکومت کا ایک انتظامی ادارہ ہے جو ضلع سطح پر کام کرتا ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کی منظوری، خدمات کی فراہمی کی نگرانی کرنا اور ان کو بہتر بنانا اور سالانہ بجٹ کی منظوری ضلعی حکومت کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔

ٹاؤن کمیٹی: ٹاؤن کمیٹی چھوٹے شہری قصبوں کو کنٹرول کرتا ہے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے ڈسپنسریاں، میٹرنٹی ہوم، کھیل کے میدان بنانا پبلک لائبریریوں کا قیام وغیرہ ٹاؤن کمیٹی کی ذمہ داریوں میں آتا ہے۔

تحصیل کونسل: تحصیل کی سطح پر مقامی حکومت کا درجہ تحصیل کونسل کہلاتا ہے۔ مارکیٹوں کو ریگولیٹ کرنا، لائسنس جاری کرنا، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف جرمانہ عائد کرنا۔ ضلعی حکومت کے تعاون سے ترقی پذیر سکیمیں بنانا، زراعت صنعت تجارت، رہائش گاہ، تفریحات اور نقل و حمل کو کنٹرول کرنا وغیرہ تحصیل کونسل کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔

28. پاکستان میں الیکشن کرانے کا ذمہ دار کون سا ادارہ ہوتا ہے؟

الف) عبوری حکومت — **ب) الیکشن کمیشن**

ج) قومی اسمبلی — د) الیکشن ٹربیونل

29. برقی ذرائع سے ہونے والے ابلاغ کو ـــــــــ کہتے ہیں؟

الف) الیکٹرانک میڈیا — ب) سوشل میڈیا

ج) پرنٹ میڈیا — د) ڈیجیٹل میڈیا

30. ویب سائٹ، انٹرنیٹ، ای میل، بلاگ وغیرہ ـــــــــ مثالیں ہیں؟

الف) الیکٹرانک میڈیا — ب) سوشل میڈیا

ج) پرنٹ میڈیا — **د) ڈیجیٹل میڈیا**

31. معاشرتی رابطے کے ذریعے ہونے والے ابلاغ کو ـــــــــ کہتے ہیں؟

الف) الیکٹرانک میڈیا — **ب) سوشل میڈیا**

ج) پرنٹ میڈیا — د) ڈیجیٹل میڈیا

32. اخبارات اور کتابیں ـــــــــ کی مثالیں ہیں؟

الف) الیکٹرانک میڈیا — ب) سوشل میڈیا

ج) پرنٹ میڈیا — د) ڈیجیٹل میڈیا

33. آبادی اور رقبہ کے لحاظ سے سب سے بڑا براعظم کون سا ہے

الف) انٹارکٹا — ب) افریقہ

ج) آسٹریلیا — **د) ایشیا**

34. پاکستان براعظم ایشیا کے ـــــــــ میں واقع ہے۔

الف) مشرق — **ب) جنوب میں**

ج) مغرب — د) شمال میں

35. جنوبی ایشیا کا خطہ میں ـــــــــ ممالک واقع ہیں۔

الف) 8 — ب) 10

ج) 4 — د) 3

وضاحت: جنوبی ایشیا کے خطہ میں افغانستان، پاکستان، بھارت نیپال، بھوٹان، بنگلہ دیش، مالدیپ، اور سری لنکا کل آٹھ ممالک شامل ہیں۔

36. پاکستان کے جنوب میں ـــــــــ واقع ہیں۔

الف) بحیرہ عرب — ب) بحر ہند

ج) بحیرہ منجمد — د) بحر الکاہل

وضاحت: جنوبی ایشیا کے خطہ میں افغانستان، پاکستان، بھارت نیپال، بھوٹان، بنگلہ دیش، مالدیپ، اور سری لنکا کل آٹھ ممالک شامل ہیں۔

38. انڈس (دریائے سندھ) اور دریائے جہلم کے درمیان واقع ہیں۔

الف) سطح مرتفع پوٹھوہار — ب) سطح مرتفع بلوچستان

ج) سطح مرتفع دکن — د) میدانی علاقہ

وضاحت: پاکستان میں انڈس اور جہلم دریاؤں کے درمیان سطح مرتفع پوٹھوہار واقع ہے۔ یہاں زمین ناہموار ہے اور بہت گڑھے اور ٹیلے پائے جاتے ہیں یہاں سے جپسم، نمک، اور کوئلہ حاصل ہوتا ہے۔

سطح مرتفع بلوچستان: بلوچستان کا پورا صوبہ ہی ایک بڑی سطح مرتفع ہے۔ پوٹھوہار کی طرح یہ بھی معدنیات کی دولت سے مالا مال ہے۔

سطح مرتفع دکن: یہ بھارت کے جنوبی حصے میں واقع ہے۔ سطح مرتفع دکن آتش فشاں مادے سے بنا ہوا ہے۔ یہاں کی زمین کاشتکاری کے لیے زرخیز ہے۔ یہاں کپاس پیدا ہوتی ہے

39. جب پلیٹیں ایک دوسرے کی جانب حرکت کرتی ہیں اور بھنچ جاتی ہیں تو کون سے پہاڑ تشکیل ہوتے ہیں۔

الف) تہہ دار پہاڑ　　ب) **گنبد نما پہاڑ**

ج) آتش فشاں پہاڑ　　د) ان میں سے کوئی نہیں

4. جب سیال مادہ (لاوا) زمین کی سطح پر پھیلتا ہے تو ایک مخروطی شکل کا پہاڑ تشکیل ہوتا ہے اسے ______ کہتے ہیں۔

الف) تہہ دار پہاڑ　　ب) گنبد نما پہاڑ

ج) **آتش فشاں پہاڑ**　　د) تینوں

4. پاکستان میں کون سے پہاڑی سلسلے شامل ہیں۔

الف) شمالی پہاڑی سلسلے　　ب) شمال مغربی پہاڑی سلسلے

ج) **الف اور ب دونوں**　　د) ان میں سے کوئی نہیں

4. دنیا کی بلند ترین چوٹی ماونٹ ایورسٹ کہاں واقع ہے۔

الف) پاکستان میں　　ب) **نیپال میں**

ج) بھارت

د) ان میں سے کسی میں بھی نہیں

وضاحت: ماونٹ ایورسٹ نیپال میں واقع ہے یہ کوہ ہمالیہ کے پہاڑی سلسلہ میں واقع ہے۔ دنیا کی دوسری بلند ترین چوٹی کے ٹو پاکستان میں کوہ قراقرم کے پہاڑی سلسلے میں واقع ہے۔

43- دنیا کی گنجان آبادی والا دوسرا ملک ہے۔

الف) **بھارت**　　ب) چین

ج) پاکستان

د) ان میں سے کسی میں بھی نہیں

وضاحت: دنیا کی گنجان آبادی والا دوسرا ملک بھارت ہے اس کی آبادی تقریباً 1 ارب اور 38 کروڑ ہے۔ دنیا کی گنجان آبادی والا پہلا ملک چین ہے جس کی آبادی تقریباً 1 ارب 43 کروڑ ہے۔ پاکستان دنیا میں گنجان آبادی کے لحاظ سے پانچواں ملک ہے پاکستان کی آبادی تقریباً 22 کروڑ ہے۔

44- سری لنکا کے دو نسلی گروہ ______ اور ______ ہیں۔

الف) **سنہالی اور تامل**　　ب) مراٹھی اور تلگو

ج) تاجک اور ازبک

د) ان میں سے کسی میں بھی نہیں

وضاحت: سری لنکا کے دو نسلی گروہ سنہالی اور تامل ہے۔ تاجک ازبک، پشتون، اور ترکمانی افغانستان کے نسلی گروہ ہیں

45- نئی اور کارآمد اشیا کو تیار کرنے اور اس کے لیے خام مال کا استعمال ______ سرگرمیوں میں شامل ہے۔

الف) مثالی سرگرمیاں

ب) ابتدائی معاشی سرگرمیاں

ج) **ثانوی سرگرمیاں**

د) جملہ سرگرمیاں

46- ایسی سرگرمیاں جس میں زمینی وسائل جس میں سبزہ پانی مٹی اور معدنیات براہ راست استعمال کیے جائیں اسے ______ سرگرمیاں کہتے ہیں۔

الف) مثالی سرگرمیاں

ب) **ابتدائی معاشی سرگرمیاں**

ج) ثانوی سرگرمیاں

47- ایسی سرگرمیاں جس میں صارفین کو خدمات فراہم کی جائیں ان کو ــــــــ کہتے ہیں

الف) مثالی سرگرمیاں
ب) ابتدائی معاشی سرگرمیاں
ج) ثانوی سرگرمیاں
د) تینوں درست

48- ایسی اشیاء اور خدمات جن کی ہم خواہش رکھتے ہیں ان کو ــــــــ کہتے ہیں

الف) ضرورتیں
ب) کمیابی
ج) احتیاجات
د) وافر اشیاء

49- بھوٹان کی سرکاری زبان کون سی ہے

الف) زونگ کا
ب) دیودیہی
ج) انگلش
د) پشتو اور دری

50- نیپال کا تہوار ہے

الف) وشائن
ب) دیوالی
ج) شیشو
د) کرسمس اور ایسٹر

51- نظام شمسی میں واحد ستارہ ــــــــ ہے۔

الف) سورج
ب) زمین
ج) چاند
د) ان میں سے کوئی نہیں

وضاحت: سورج نظام شمسی میں واحد ستارہ ہے۔ تمام سیارے اس کے گرد گردش کرتے ہیں۔

52- زمین سورج کے گرد اپنا ایک چکر ــــــــ دن میں مکمل کرتی ہے۔

الف) 125 دن
ب) 88 دن
ج) 365 دن
د) 1 سال

53- F.A.O عالمی ادارہ خوراک و زراعت کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟

الف) سویڈن
ب) امریکہ
ج) اٹلی
د) سوئٹزرلینڈ

وضاحت: (Food and Agriculture Organization) F.A.O کا صدر دفتر اٹلی میں واقع ہے۔ یہ ادارہ مختلف ممالک میں غذائی پیداوار بڑھانے اور دوسری اشیاء کی افزائش کے لیے مشورے اور مدد فراہم کرتا ہے۔

54- گردش کرتے ہوئے زمین جب چاند اور سورج کے درمیان آجائے تو اس کہتے ہیں۔

الف) سورج گرہن
ب) چاند گرہن
ج) گردش
د) حرکت

55- جب زمین اور سورج کے درمیان چاند آجائے تو اس کو ــــــــ کہتے ہیں۔

الف) سورج گرہن
ب) چاند گرہن
ج) حرکت
د) گردش

56- دنیا کے کل رقبے کے ــــــــ فیصد حصہ پانی ہے۔

الف) 30 فیصد
ب) 71 فیصد
ج) 50 فیصد
د) 20 فیصد

57- دریائے دجلہ اور دریائے فرات ــــــــ نکلتے ہیں۔

الف) خلیج فارس
ب) تبت
ج) ترکی
د) عراق

58- دنیا کی سب سے گہری جھیل بیکال (Lake Beykal) کہاں واقع ہے

الف) مالدیپ　ب) سائبیریا
ج) نیپال　د) چین

59- براعظم ایشیا کی آبادی تقریباً ــــــــــ ہے

الف) 4.5 ارب　ب) 5 ارب
ج) 741 ملین　د) 50 ارب

60- رقبہ کے لحاظ سے دنیا کا دوسرا بڑا براعظم کون سا ہے

الف) براعظم افریقہ　ب) براعظم ایشیا
ج) براعظم آسٹریلیا　د) براعظم شمالی امریکہ

61- انسانی جسم میں کل وزن کا ــــــــــ فیصد حصہ پانی ہے۔

الف) 60　ب) 70
ج) 20　د) 80

62- سمندر کے اتار چڑھاو کو ــــــــــ کہتے ہیں

الف) لہریں　ب) مدوجزر
ج) روئیں　د) تینوں

63- ــــــــــ خط استوا کے دونوں طرف 5 درجے شمال اور 5 درجے جنوب کے درمیان میں واقع ہے

الف) استوائی خطہ　ب) مون سونی خطہ
ج) گرم صحرائی خطہ　د) ٹنڈورا کا خطہ

64- ربیع کی فصل ــــــــــ میں کاشت کی جاتی ہے

الف) موسم سرما　ب) موسم گرما
ج) موسم بہار　د) خزاں

65- اقوام متحدہ کے اندازے کے مطابق دنیا کی کل آبادی ــــــــــ سے زائد ہے

الف) 20 ارب　ب) 7 ارب
ج) 4 ارب　د) 10 ارب

66- دنیا کی آبادی کا 80 فیصد حصہ زمین کے ــــــــــ فیصد حصے پر آباد ہے

الف) 20 فیصد　ب) 50 فیصد
ج) 70 فیصد　د) 10 فیصد

67- البیرونی کا اصل نام تھا۔

الف) ابوریحان محمد بن احمد　ب) عبداللہ بن احمد
ج) اکبر علی　د) افضل احمد

68- پاکستانی کوہ پیما نذیر صابر نے ــــــــــ میں صدارتی ایوارڈ حاصل کیا۔

الف) 1980　ب) 1982
ج) 1990　د) 1976

69- قائداعظم محمد علی جناح نے چودہ نکات ــــــــــ میں پیش کیے۔

الف) 1906　ب) 1929
ج) 1930　د) 1947

70- پہلی عالمی جنگ کب شروع ہوئی؟

الف) 1906ء　ب) 1857ء
ج) 1935ء　د) 1914ء

71- برصغیر کے پہلے وائسرائے ــــــــــ مقرر ہوئے۔

الف) لارڈ ماؤنٹ بیٹن　ب) لارڈ کیننگ
ج) لارڈ کرزن　د) لارڈ ڈلہوزی

72- بہادر شاہ ظفر نے ــــــــــ میں وفات پائی۔

الف) 1863ء　ب) 1857ء

ج) 1860ء　**د) 1862ء**

73- آل انڈیا مسلم لیگ کا قیام ــــــــــ میں ہوا۔

الف) 1906ء　ب) 1885ء

ج) 1913ء　د) 1806ء

74- تقسیم بنگال کب ہوئی؟

الف) 1906ء　**ب) 1905ء**

ج) 1913ء　د) 1911ء

75- آل انڈیا مسلم لیگ پہلے صدر تھے

الف) سر آغا خان　ب) سر سید احمد خان

ج) نواب وقار الملک　د) نواب محسن ملک

76- قائداعظم محمد علی جناح مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے۔

الف) 1906ء　**ب) 1913ء**

ج) 1916ء　د) 1923ء

77- کانگریس اور مسلم لیگ کے درمیان میثاق لکھنو کب ہوا۔

الف) 1916ء　ب) 1920ء

ج) 1913ء　د) 1930ء

78- نہرو رپورٹ کب پیش کی گئی؟

الف) 1928ء　ب) 1929ء

ج) 1913ء　د) 1930ء

79- برطانوی حکومت نے ہندوستان میں نیا دستوری قانون ــــــــــ میں نافذ کیا جسے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ بھی کہتے ہیں

الف) 1937ء　ب) 1945ء

ج) 1935ء　د) 1930ء

80- دوسری جنگ عظیم کب شروع ہوئی؟

الف) 1930ء　**ب) 1939ء**

ج) 1940ء　د) 1947ء

81- پہلی گول میز کانفرنس نومبر ــــــــــ میں منعقد ہوئی؟

الف) 1930ء　ب) 1932ء

ج) 1929ء　د) 1928ء

82- قرارداد پاکستان ــــــــــ منظور ہوئی؟

الف) 23 مارچ 1940ء　ب) 12 مارچ 1949ء

ج) 23 مارچ 1949ء　د) 23 مارچ 1947ء

83- قرارداد مقاصد کب منظور ہوئی۔

الف) 23 مارچ 1940ء　**ب) 12 مارچ 1949ء**

ج) 23 مارچ 1949ء　د) 23 مارچ 1947ء

84- برصغیر کے آخری وائسرائے تھے۔

الف) لارڈ ماونٹ بیٹن　ب) لارڈ کیننگ

ج) لارڈ کرزن　د) لارڈ لینسڈاون

85- اقوام متحدہ کا عالمی ادارہ 24 اکتوبر ــــــــــ کو قائم ہوا

الف) 1945ء　ب) 1940ء

ج) 1960ء　د) 1939ء

معاشرتی علوم / مطالعہ پاکستان

(جے ای ایس ٹی کے لیے)

1۔ سر سید احمد خان ــــــــ میں پیدا ہوئے

الف) 1830ء ب) **1817ء**

ج) 1889ء د) 1885ء

وضاحت: سر سید احمد خان 17 اکتوبر 1817ء کو دہلی میں پیدا ہوئے اور انھوں نے 1889ء میں وفات پائی۔ سر سید احمد خان نے برصغیر میں سب سے پہلے مسلمانوں کو الگ قوم قرار دیا۔ 1886ء میں، سر سید احمد خان نے علی گڑھ میں محمڈن ایجوکیشنل کانگریس کی بنیاد رکھی۔

2۔ محمد بن قاسم نے 712ء میں ــــــــ کو شکست دے کر سندھ کو فتح کیا۔

الف) مہاراجہ رنجیت سنگھ ب) **راجہ داہر**

ج) راجہ ہری سنگھ د) راجہ گوپال سنگھ

3۔ 1206ء میں ــــــــ نے سلطنت دہلی کی بنیاد رکھی۔

الف) محمد بن قاسم ب) محمود غزنوی

ج) **قطب الدین ایبک** ج) ظہیر الدین بابر

وضاحت: قطب الدین ایبک نے 1206ء میں سلطنت دہلی کی بنیاد رکھی جو کہ 1526ء تک جاری رہی۔

- غزنوی دور حکومت 1003ء سے 1206ء تک قائم رہا۔
- محمد بن قاسم نے 712ء میں سندھ فتح کیا اس نے راجہ داہر کو شکست دی۔
- 1526ء میں ظہیر الدین بابر نے مغلیہ سلطنت کی بنیاد رکھی۔ جو 1857ء تک قائم رہی۔

4۔ آخری مغل حکمران ــــــــ تھے؟

الف) اورنگ زیب عالمگیر ب) **بہادر شاہ ظفر**

ج) اکبر ج) شاہ جہاں

وضاحت: درست جواب بہادر شاہ ظفر: آخری مغل حکمران بہادر شاہ ظفر کو 1857ء میں انگریزوں کے ہاتھوں شکست ہوئی۔ اس کے بعد ان کو رنگون (میانمار) میں قید کر دیا گیا اور وہاں پر ہی وہ انتقال کر گئے۔

5۔ مشہور کتابچہ "ابھی یا کبھی نہیں" ("Now or Never") کے مصنف تھے۔

الف) **چوہدری رحمت علی** ب) قائداعظم محمد علی جناح

ج) مولانا محمد علی جوہر ج) سر سید احمد خان

وضاحت: درست جواب چوہدری رحمت علی

- چوہدری رحمت علی 1897ء میں پیدا ہوئے۔
- چوہدری رحمت علی نے 1933ء میں پاکستان نیشنل موومنٹ کی بنیاد رکھی۔
- چوہدری رحمت علی نے پاکستان کا نام تجویز کیا۔

6۔ قرارداد لاہور 23 مارچ 1940ء کو پیش ہوئی، اس میں خطبہ صدارت کس نے دیا۔

الف) لیاقت علی خان نے

ب) **قائداعظم محمد علی جناح نے**

ج) مولانا محمد علی جوہر نے

د) علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے

وضاحت: درست جواب قائداعظم محمد علی جناح۔

قرارداد لاہور کو قرارداد پاکستان بھی کہا جاتا ہے۔ یہ

- اجلاس لاہور منٹو پارک میں منعقد ہوا۔
- قائداعظم نے 1913ء میں مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔ قائداعظم محمد علی جناح کے والد کا نام پونجا جناح تھا۔
- قائداعظم محمد علی جناح کی والدہ کا نام مٹھی بائی جناح تھا۔
- قائداعظم محمد علی جناح پاکستان کے پہلے گورنر جنرل تھے۔
- قائداعظم محمد علی جناح نے 11 ستمبر 1948 کو وفات پائی۔

7- اردو ہندی تنازعہ ____ میں شروع ہوا۔

الف) 1867ء ب) 1877ء

ج) 1880ء ج) 1857ء

وضاحت: درست جواب 1867ء۔

- اردو ہندی تنازعہ 1867ء میں بنارس شہر سے شروع ہوا۔

1885ء میں سرسید احمد خان نے مسلمانوں کو ____ سے منع کیا۔

الف) انگریزی تعلیم حاصل کرنے

ب) سیاست میں حصہ لینے سے

ج) کسی بھی سیاسی جماعت میں شمولیت سے

د) **کانگریس میں شمولیت سے**

1885ء میں سرسید احمد خان نے مسلمانوں کو ____ سے منع کیا۔

الف) انگریزی تعلیم حاصل کرنے سے

ب) سیاست میں حصہ لینے سے

ج) کسی بھی سیاسی جماعت میں شمولیت سے

د) **کانگریس میں شمولیت سے**

10- **قائداعظم محمد علی جناح نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کا افتتاح کب کیا۔**

الف) 1 جولائی 1948ء ب) 14 اگست 1947ء

ج) 1 دسمبر 1947ء د) 1 جون 1948ء

11- **1863ء میں سرسید احمد خان نے غازی پور میں کس ادارے کی بنیاد رکھی۔**

الف) سائنٹفک سوسائٹی ب) ایم اے او کالج

ج) علی گڑھ سکول د) علی گڑھ یونیورسٹی

وضاحت: سرسید احمد خان نے غازی پور میں سائنٹفک سوسائٹی کی بنیاد رکھی۔

- آپ نے 1875ء میں علی گڑھ میں ایک سکول قائم کیا جو 1877ء میں کالج اور 1920ء میں یونیورسٹی بن گیا جسے علی گڑھ یونیورسٹی کہتے ہیں۔
- آپ رسالہ "اسباب بغاوت ہند" کے مصنف بھی ہیں
- سرسید نے 1885ء میں مسلمانوں کو انڈین نیشنل کانگریس میں شمولیت سے روکا۔
- 1886ء میں، سرسید احمد خان نے علی گڑھ میں محمدن ایجوکیشنل کانگریس کی بنیاد رکھی۔
- سرسید 17 اکتوبر 1817ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ آپ نے 1889ء میں وفات پائی۔

12- **شملہ وفد کی قیادت ____ نے کی۔**

الف) مولوی فضل الحق ب) وقار الملک

ج) سر آغا خان د) لیاقت علی خان

وضاحت: 1906ء میں مسلمانوں کا ایک سیاسی وفد سر آغا خان کی قیادت میں وائسرائے ہند لارڈ منٹو سے ملا اسے شملہ وفد کہا جاتا ہے۔ اس وفد نے مسلمانوں کے لیے جداگانہ انتخابات کا مطالبہ کیا۔ 1909 میں مسلمانوں کو جداگانہ انتخابات کا حق دے دیا گیا۔

13- منٹو مارلے اصلاحات کا نفاذ کب ہوا جس میں مسلمانوں کے لیے جداگانہ انتخابات کا مطالبہ منظور کر لیا گیا؟

الف) 1906ء ب) 1909ء
ج) 1905ء د) 1910ء

وضاحت: منٹو مارلے اصلاحات تقسیم بنگال کے بعد مسلمانوں اور ہندوں کے درمیان بڑھنے والی کشیدگی کی وجہ سے وزیر ہند مسٹر مارلے اور اس وقت کے گورنر جنرل لارڈ منٹو نے مل کر مرتب کی۔ برطانوی پارلیمنٹ نے ان اصلاحات کو انڈین کونسل ایکٹ 1909ء کے نام سے پاس کیا۔

14- تحریک خلافت کا آغاز ہوا

الف) 1919ء ب) 1920ء
ج) 1905ء د) 1930ء

15- انڈین نیشنل کانگریس کے بانی کون تھا؟

الف) اے او ہیوم ب) گاندھی
ج) قائداعظم محمد علی جناح
د) موتی لال نہرو

وضاحت: اے او ہیوم نے 1885ء میں انڈین نیشنل کانگریس کی بنیاد رکھی۔

16- میثاق لکھنو کب طے پایا؟

الف) 1920ء ب) 1916ء
ج) 1928ء د) 1921ء

وضاحت: 1916ء میں کانگریس اور مسلم لیگ کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا جس کو میثاق لکھنو کہتے ہیں۔ اس میں پہلی بار مسلمانوں کو ایک الگ قوم تصور کیا گیا۔

17- 1930ء میں مسلمانوں کے لیے الگ ریاست کا تصور کس نے پیش کیا؟

الف) علامہ اقبال ب) قائداعظم محمد علی جناح
ج) سرسید احمد خان د) لیاقت علی خان

وضاحت: علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے 1930ء میں خطبہ الہ آباد میں مسلمانوں کے لیے الگ ریاست کا تصور پیش کیا۔

18- تیسری گول میز کانفرنس ________ میں منعقد ہوئی؟

الف) 1932ء ب) 1931ء
ج) 1928ء د) 1930ء

وضاحت: پہلی گول میز کانفرنس 1930ء میں، دوسری گول میز کانفرنس 1931ء میں اور تیسری گول میز کانفرنس 1932ء میں لندن میں منعقد ہوئی۔

19- کانگریسی وزارتوں کے اختتام پر مسلمانوں نے ________ میں یوم نجات (Day of Deliverance) منایا۔

الف) 1937ء ب) 1934ء
ج) 1938ء د) 1939ء

وضاحت: 1939ء میں جب کانگریسی وزارتوں کا خاتمہ ہوا تو قائداعظم محمد علی جناح اور مسلم لیگ کی اپیل پر برصغیر کے مسلمانوں نے 22 دسمبر 1939ء کو یوم نجات منایا۔

- 1937ء میں برصغیر میں پہلے عام انتخابات منعقد ہوئے
- 1938ء میں محمد علی جناح کو پٹنہ کے مقام پر مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں قائداعظم محمد علی جناح کے لقب سے نوازا گیا۔

20- 23 مارچ 1940 کو قرارداد لاہور ________ نے پیش کی؟

الف) مولوی اے۔ کے فضل الحق
ب) قائداعظم محمد علی جناح
ج) لیاقت علی خان
د) چوہدری رحمت علی

وضاحت: قرارداد لاہور 23 مارچ 1940ء لاہور کے منٹو پارک میں مسلم لیگ کے ستائیسویں سالانہ اجلاس میں پیش کی گئی۔ اس کو قرارداد پاکستان بھی کہا جاتا ہے۔

- اس اجلاس کی صدارت قائداعظم محمد علی جناح نے کی
- لیاقت علی خان پاکستان کے پہلے وزیراعظم تھے

- جوہدری رحمت علی نے 1933ء میں پاکستان کا نام تجویز کیا۔ اور یہ ایک شہرہ آفاق کتابچہ "ابھی یا کبھی نہیں" (Now and Never) کے مصنف بھی ہیں۔

21- کابینہ مشن کو کب ہندوستان بھیجا گیا؟

الف) 1945ء   **ب) 1946ء**

ج) 1942ء   د) 1947ء

22- کابینہ مشن کے اراکین کی تعداد کتنی تھی؟

الف) 2   ب) 5

ج) 3   د) 4

23- 30 جون 1947ء کے منصوبہ میں اعلان کیا گیا کہ ــــــــ

الف) 14 اگست 1947 تک اقتدار برصغیر کے نمائندوں کے حوالے کر دیا جائے

ب) برصغیر کا اقتدار ہندوؤں کے حوالے کر دیا جائے

ج) برصغیر کو تقسیم کر دیا جائے

د) الف اور ج دونوں

24- قیام پاکستان کے اعلان کے بعد برطانوی حکومت نے 30 جون 1947ء کو پنجاب اور بنگال کی تقسیم کے وقت ایک حد بندی کمیشن قائم کیا اس کمیشن نے جو فیصلہ کیا اسے ــــــــ کہتے ہیں

الف) ریڈکلف کمیشن   **ب) ریڈکلف ایوارڈ**

ج) ماؤنٹ بیٹن ایوارڈ   د) قانون آزادی ہند

25- برطانوی پارلیمنٹ نے ــــــــ کو قانون آزادی ہند منظور کیا۔

الف) 14 اگست 1947ء   **ب) 18 جولائی 1947ء**

ج) 15 اگست 1947ء   د) 30 جون 1947ء

26- ایم اے او سکول اور کالج قائم کیا۔

الف) مولانا محمد علی جوہر نے   **ب) سرسید احمد خان نے**

ج) قائداعظم محمد علی جناح نے

د) لیاقت علی خان نے

27- مسلم لیگ کو 46-1945ء کے جداگانہ نمائندگی والے انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل ہوئی۔ مسلم لیگ کو مرکز میں 100 فیصد اور صوبائی اسمبلیوں میں ــــــــ فیصد کامیابی حاصل ہوئی۔

الف) 90 فیصد   ب) 70 فیصد

ج) 100 فی صد   د) 95 فیصد

28- ــــــــ میں پہلی عرب اسرائیل جنگ ہوئی۔

الف) 1948ء   ب) 1945ء

ج) 1950ء   د) 1946ء

29. قیام پاکستان کے وقت پاکستان کا پہلا دارالحکومت ــــــــ کو بنایا گیا

الف) سندھ   ب) لاہور

ج) کراچی   د) اسلام آباد

30- قیام پاکستان کے وقت 394 کپڑے کے کارخانوں میں سے ــــــــ کارخانے پاکستان کے حصے میں آئے۔

الف) 152   ب) 100

ج) 50   د) 14

31- قیام پاکستان کے وقت ہندوستان میں کل بینکوں کی شاخیں 487 تھیں مگر پاکستان کے حصے میں صرف ــــــ شاخیں آئیں۔ جن کا سرمایا بھی ہندو اپنے ساتھ لے گئے۔

الف) 152   ب) 100

ج) 50   د) 69

32- سندھ طاس کا معاہدہ ـــــــ میں طے پایا۔

الف) 1960ء ب) 1948ء

ج) 1971ء د) 1971ء

33- قائداعظم محمد علی جناح نے گورنر جنرل آف پاکستان کے عہدہ پر ـــــــ عرصہ تک فائز رہے۔

الف) 1 سال **ب) 13ماہ**

ج) 2 سال د) 3ماہ

34- 1883ء میں قائم ہوئی

الف) مسلم لیگ ب) مجلس حرار

ج) انجمن حمایت اسلام د) کانگریس

35- پہلی جنگ عظیم 1914ء سے 1918ء تک جاری رہی۔ اس جنگ میں ترکی نے ـــــــ کا ساتھ دیا۔

الف) امریکہ **ب) جرمنی**

ج) اٹلی د) جاپان

36- قرارداد مقاصد کی مطابق ـــــــ

الف) پاکستان کا نظام وفاقی جمہوری ہوگا

ب) حاکیت اعلیٰ اللہ تعالیٰ کے پاس

ج) پاکستان کی قومی زبان اردو ہوگی

د) الف، ب، ج تینوں

37- پاکستان کا پہلا آئین ـــــــ میں نافذ کیا گیا

الف) 23مارچ 1956ء ب) اکتوبر 1958ء

ج) 10مارچ 1962ء د) 1973ء میں

38- 1958ء میں ـــــــ نے 1956ء کا آئین منسوخ کر کے پہلی فوجی حکومت قائم کی۔

الف) سکندر مرزا ب) جنرل یحییٰ خان

ج) جنرل ایوب خان د) جنرل ضیاء الحق

39- 1956ء کے دوستور کے مطابق ـــــــ کو پاکستان کی قومی زبان قرار دیا گیا۔

الف) اردو کو

ب) اردو اور بنگالی دونوں کو

ج) اردو اور سندھی دونوں کو

د) بنگالی

40- ان میں سے کون پاکستان کے گورنر جنرل کے عہدے پر فائز رہا۔

الف) لیاقت علی خان ب) غلام محمد

ج) خواجہ ناظم الدین **د) ب اور ج دونوں**

وضاحت: خواجہ ناظم الدین ملک کے دوسرے گورنر جنرل تھے جو 14 ستمبر 1948ء سے 17 اکتوبر 1951ء تک اس عہدے پر فائز رہے۔ ملک غلام محمد 17 اکتوبر 1951ء سے 16 اکتوبر 1955ء تک پاکستان تیسرے گورنر جنرل کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیتے رہے اور ان کے بعد سکندر مرزا پاکستان کے چوتھے اور آخری گورنر جنرل کی حیثیت سے 16 اکتوبر 1951ء سے 23 مارچ 1956ء تک اپنی خدمات سرانجام دیتے رہے۔

41- قبائلی علاقہ جات 27 ہزار 220 مربع کلو میٹر تک پھیلے ہوئے ہیں یہ علاقے ـــــــ میں خیبر پختون خواہ میں ضم کر دیا گیا۔

الف) 2018ء ب) 2020ء

ج) 2001ء د) 2019ء

42- پاکستان میں پہلا مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کون تھا۔

الف) جنرل ایوب خان ب) جنرل ضیاء الحق

ج) ذوالفقار علی بھٹو د) ان میں سے کوئی نہیں

43. بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے تحت ہونے والے الیکشن (دسمبر 1959ء اور جنوری 1960ء) کے بعد جنرل ایوب خان نے ________ کو صدر پاکستان کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔

الف) 26 اکتوبر 1959ء　ب) **17 فروری 1960ء**
ج) جنوری 1960ء　د) ان میں سے کوئی نہیں

44. مسلم عائلی قوانین کا نفاذ ________ میں ہوا۔ اس قانون کے مطابق پہلی دفعہ نکاح کا اندراج لازمی قرار دیا گیا۔

الف) 1960ء　ب) 1962ء
ج) 1961ء　د) 1965ء

45. پاکستان میں دوسرا آئین نافذ ہوا۔

الف) 1962ء　ب) 1961ء
ج) 1956ء　د) 1958ء

46. 1962ء کے آئین کے تحت ملک میں ________ طرز حکومت رائج کیا گیا۔

الف) وفاقی　ب) **صدارتی**
ج) پارلیمانی　د) جمہوری

47. 1962ء کے آئین ________ دفعات پر مشتمل تھا

الف) 160　ب) 200
ج) **250**　د) 70

48. ________ نے ملک میں دوسری دفعہ مارشل لاء نافذ کر کے 25 مارچ 1969ء کو حکومت سنبھال لی۔

الف) ذوالفقار علی بھٹو　ب) **جنرل یحییٰ خان**
ج) جنرل ایوب خان　د) جنرل ضیاء الحق

49. جنرل ایوب کے دور میں معاشی ترقی کی اوسط سالانہ شرح ________ فیصد کے قریب تھی۔

الف) 0.5 فیصد　ب) 15 فیصد
ج) **7 فیصد**　د) 5 فیصد

50. لیگل فریم ورک آرڈر کہتے ہیں۔

الف) **1970 کے عبوری آئین کو**
ب) 1962ء کے آئین کو
ج) پاکستان کے پہلے آئین کو
د) 1956ء کے آئین کو

51. لیگل فریم ورک آرڈر 1970ء کے تحت ________

الف) ووٹ کاسٹ کرنے کے لیے 21 سال کی عمر مقرر کی گئی
ب) قومی اسمبلی کی کل نشستوں کی تعداد 313 کر دی گئی۔
ج) خواتین کے لیے 13 نشستیں مختص کر دی گئیں
د) الف، ب اور ج تینوں

52. 1970ء کے انتخابات میں عوامی نیشنل پارٹی نے قومی اسمبلی کی کتنی نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔

الف) 200　ب) **167**
ج) 80　د) 300

1970ء میں ہونے والے عام انتخابات میں عوامی نیشنل پارٹی نے قومی اسمبلی کی 300 نشستوں میں سے 167 نشستیں جیت لیں اور پاکستان پیپلز پارٹی نے 81 نشستیں حاصل کی۔ عوامی نیشنل پارٹی نے مشرقی پاکستان کی 300 جنرل نشستوں میں سے 288 نشستیں حاصل کیں۔

53. ________ کو مشرقی پاکستان ہم سے علیحدہ ہو گیا۔

الف) **16 دسمبر 1971**　ب) 16 دسمبر 1970ء
ج) 20 نومبر 1971　د) 15 مارچ 1971ء

54. پاکستان کا ـــــــ فیصد حصہ پہاڑوں اور سطوح مرتفع پر مشتمل ہے۔

الف) 58 فیصد ب) 50 فیصد
ج) 42 فیصد د) 53 فیصد

55. طبعی خدوخال کے لحاظ سے پاکستان کو ـــــــ بڑے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

الف) پانچ **ب) تین**
ج) چار د) دو

وضاحت: طبعی خدوخال کے لحاظ سے پاکستان کو 3 بڑے حصوں پہاڑی سلسلے، میدانی علاقے اور سطوح مرتفع میں تقسیم کیا گیا ہے۔

56. افغانستان کے ساتھ ملحقہ سرحد کو ـــــــ کہتے ہیں۔

الف) ڈیورنڈ لائین ب) لائین آف کنٹرول
ج) ریڈ کلف لائین د) میک موہن لائین

57. پاکستان کے شمال میں ـــــــ کہتے ہیں۔

الف) چین ب) بھارت
ج) افغانستان د) ایران

58. ایران اور افغانستان پاکستان کے ـــــــ میں واقع ہیں۔

الف) مغرب ب) مشرق
ج) جنوب د) شمال

59. پاکستان کے مشرق میں ـــــــ واقع ہے۔

الف) چین **ب) بھارت**
ج) افغانستان د) ایران

60. دنیا کی دوسری بلند ترین چوٹی کے ٹو پاکستان میں واقع ہے جس کی بلندی سطح سمندر سے ـــــــ میٹر ہے

الف) 12300 میٹر ب) 6500 میٹر
ج) 8000 میٹر **د) 8611 میٹر**

وضاحت: کے ٹو کو قراقرم کے پہاڑی سلسلہ میں واقع ہے۔ کو قراقرم کی اوسط بلندی قریبا 7000 میٹر بلند ہے۔ گلگت اور وادی ہنزہ جیسی خوبصورت وادیاں اسی پہاڑی سلسلے میں واقع ہے۔ یہ پہاڑی سلسلہ پاکستان اور چین کے درمیان واقع ہے۔

61. درہ خنجراب پاکستان اور ـــــــ کو آپس میں ملاتا ہے

الف) چین ب) ایران
ج) کشمیر د) ترکمانستان

62. کوہ ہمالیہ کے عظیم پہاڑی سلسلہ میں پاکستان کی دوسری اور دنیا کی نویں بلند ترین چوٹی ـــــــ واقع ہے

الف) ماؤنٹ ایورسٹ **ب) نانگا پربت**
ج) کے ٹو د) راکاپوشی

وضاحت: کوہ ہمالیہ کا عظیم پہاڑی سلسلہ کو قراقرم کے جنوب میں واقع ہے اس کی اوسط بلندی 1000 میٹر سے لے کر 6500 میٹر تک ہے۔ نانگا پربت کی پہاڑی سی پہاڑی سلسلہ کی سب سے بلند ترین چوٹی شمار کی جاتی ہے اس کی سطح سمندر سے بلندی قریبا 8126 میٹر ہے۔

63. ماؤنٹ ایورسٹ دنیا کی بلند تری پہاڑی چوٹی ہے اس کی بلندی ـــــــ میٹر ہے۔

الف) 8126 **ب) 8848**
ج) 8426 د) 9000

وضاحت: ماؤنٹ ایورسٹ دنیا کی سب سے بلند ترین پہاڑی چوٹی ہے جو کہ نیپال اور تبت کے درمیان میں واقع ہے۔

64. ترچ میر ـــــــ میں واقع ہے۔

الف) کوہ ہمالیہ ب) کوہ سفید
ج) کوہ ہندوکش د) کوہ قراقرم

وضاحت: ترچ میر کوہ ہندوکش کی بلند ترین چوٹی ہے۔ اس کی بلندی قریبا 7690 میٹر ہے کوہندوکش کا زیادہ تر حصہ افغانستان

میں واقع ہے اسی پہاڑی سلسلے میں چترال، سوات، اور دیر کی خوبصورت وادیاں واقع ہیں۔

.65 پاکستان اور افغانستان کے درمیان ایک تاریخی گزر گاہ ہے جس کو درہ خیبر کہتے ہیں درہ خیبر کی لمبائی تقریبا ________ کلو میٹر ہے۔

الف) 53　　ب) 55
ج) 153　　د) 60

.66 کوہ نمک (salt range) کی بلندی سکیسر کے مقام پر ________ میٹر ہو جاتی ہے۔

الف) 700　　ب) 1500
ج) 1000　　د) 2000

.67 جنرل ضیاء الحق کی حکومت نے ________ میں شرع حدود کا آرڈیننس نافذ کیا۔

الف) 1982ء　　ب) 1979ء
ج) 1984ء　　د) 1980ء

.68 علمانے برصغیر کو ________ قرار دیا۔

الف) دارالسلطنت　　ب) دارالسلام
ج) دارالحرب　　د) دارالایمان

69۔ آب وہوا کے لحاظ سے پاکستان کو کتنے خطوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

الف) تین
ب) دو
ج) چار
د) پانچ

وضاحت: پاکستان کو آب وہوا کے لحاظ سے چار خطوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1. نیم حاری بری بلند آب وہوا کا خطہ
2. نیم حاری بری سطح مرتفع آب وہوا کا خطہ
3. نیم حاری بری میدانی آب وہوا کا خطہ
4. حاری ساحلی آب وہوا کا خطہ

70۔ مری، ہزارہ، چترال اور سوات ________ آب وہوا کے خطہ میں واقع ہیں۔

الف) نیم حاری بری بلند آب وہوا کا خطہ
ب) نیم حاری بری سطح مرتفع آب وہوا کا خطہ
ج) نیم حاری بری میدانی آب وہوا کا خطہ
د) حاری ساحلی آب وہوا کا خطہ

71۔ سیاچن گلیشیئر کی لمبائی ________ کلو میٹر ہے۔

الف) 60 کلو میٹر　　ب) 70 کلو میٹر
ج) 75 کلو میٹر ہے　　د) 85 کلو میٹر

وضاحت: سیاچن بلتی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی جنگلی گلاب کے ہیں۔ اس گلیشیئر پر یہ پودا زیادہ پایا جاتا ہے اس لیے بلتی لوگ اس کو سیاچن کہتے ہیں۔

72۔ سیاچن گلیشیئر واقع ہے

الف) قراقرم میں　　ب) ہمالیہ میں
ج) ہندوکش میں　　د) کشمیر میں

73۔ بالتورو گلیشیئر واقع ہے

الف) کشمیر میں　　ب) وادی ہنزہ میں
ج) بلتستان
د) کوہ ہندوکش کے پہاڑی سلسلہ میں

وضاحت: بالتورو گلیشیئر بلتستان میں واقع ہے اس کی لمبائی 62 کلو میٹر ہے۔

74۔ برالدو کا دریا (Braldu River) کون سے گلیشیئر سے نکلتا ہے۔

الف) سیاچن گلیشیئر　　ب) بالتورو گلیشیئر
ج) ہسپر گلیشیئر　　د) بیافو گلیشیئر

وضاحت: بالتورو گلیشیئر بلتستان میں واقع ہے اس کی لمبائی 62 کلو میٹر ہے۔ برالدو کا دریا اسی گلیشیئر سے نکلتا ہے یہ دریا آگے جاکر دریائے سندھ میں گرتا ہے۔

75۔ بالتورو گلیشیئر میں کون سی چوٹی واقع ہے

الف) نانگا پربت — ب) ترچ میر

ج) ماؤنٹ ایورسٹ — **د) کے ٹو**

وضاحت: کے ٹو دنیا کی دوسری بلند ترین چوٹی ہے۔ کے ٹو کوہ قراقرم کے پہاڑی سلسلہ میں پاکستان میں واقع ہے۔ ماؤنٹ ایورسٹ کوہ ہمالیہ میں نیپال اور تبت کے درمیان میں واقع ہے۔ ترچ میر کوہ ہندو کش کے پہاڑی سلسلہ میں واقع ہے۔ اور نانگا پربت کوہ ہمالیہ کے پہاڑی سلسلہ میں واقع ہے۔

76۔ وادی گو جل میں ——— واقع ہے

الف) سیاچن گلیشیئر — ب) بالتورو گلیشیئر

